اللہ تعالیٰ جل شانہ کے مقدس ناموں کے وظائف،
خواص، اثرات و برکات کا مجموعہ

اسم اعظم معہ الاسماء الحسنیٰ



مولفہ
سید عبدالرحمن شاہ گیلانی

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

Scanned by CamScanner

اسمِ اعظم

خواصِ اسماءُ الحُسنٰی

مع

چہل حدیث

مولفہ

سید عبدالرحمٰن شاہ گیلانی

منگوانے کا پتہ

شیراز نوری بُک ڈپوٹی دہلی

Scanned by CamScanner

اِسمِ اعظم

اسمِ اعظم سے مُراد اللہ تعالیٰ کا وُہ صفاتی یا ذاتی نام ہے جسے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ سے خصوصی تعلق پیدا ہوتا ہے، معرفت کے دروازے کھلتے ہیں۔ اسمِ اعظم پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے مالا مال کر دیتا ہے، وُہ اپنے رب سے اسمِ اعظم کی بدولت جو کچھ مانگتا ہے سو پاتا ہے، اسمِ اعظم کے صدقے اس کی ہر دُعا قبول ہوتی ہے، جن لوگوں کو اسمِ اعظم کا راز ہاتھ آجاتا ہے وُہ اس کے خاص بندے بن جاتے ہیں اللہ انہیں دین و دُنیا میں انعام یافتہ بنا دیتا ہے۔ انہیں نہ مِٹنے والی عزت ملتی ہے اور نہ ختم ہونے والی دولت میسّر آتی ہے گویا کہ اسمِ اعظم ہر کام کی کنجی ہے اور گوناگوں فیوض و برکات کا حامل ہے۔

اللہ کا ذاتی نام اور ہر صفاتی نام اس کی ایک خاص شان کا مظہر ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کو جس شان یعنی جس صفاتی نام سے پکارتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی اس شان کے فیوض و برکات سے اسے نواز دیتا ہے اور اپنی اس خاص شان کا راز اس پر کھول دیتا ہے، یعنی اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو رحمٰن کہہ کر پکارتا ہے تو اللہ تعالیٰ

اسے اپنی رحمت سے مالا مال کر دیتا ہے اور اس کا وجود دُوسروں کے لیے باعث بنا دیتا ہے لہٰذا معلوم ہُوا کہ جس نام سے ہم اسے پکاریں گے اسی سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو جائے گی اور یہی قربت جس لفظ سے میسر آتی ہے وُہ اِسم اعظم ہوتا ہے لہٰذا اسم اعظم ہوتا ہے لہٰذا اسم اعظم تلاش کرنے کا ایک عام اصول پیش کرتا ہوں کہ جس آیت یا لفظ میں اللہ تعالیٰ شانِ معبودیت، شانِ رحمانیت، شانِ قیومیت، شانِ صمدیت، شانِ قدرت، شانِ جلالیت، شانِ علویت، شانِ بدیعت شانِ لطافت کا اظہار ہوتا ہو، وُہ لفظ یا آیت اسمِ اعظم ہو گی۔

مثلاً اللہ تعالیٰ معبود ہے ہم اس کی عبادت کرتے ہیں اسی لیے لفظ اللہ یا ایسی آیت جس میں یہ لفظ ہو کہ اللہ ہمارا معبود ہے وُہ اسمِ اعظم ہے لہٰذا لفظ اللہ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اسمِ اعظم ہے۔

ایسے ہی اللہ اپنی مخلوق پر ہر وقت رحم کرتا ہے لہٰذا لفظ رحمٰن اور رحیم یا ایسی آیت جس سے رحمتِ باری کا مفہوم ظاہر ہو وُہ اسمِ اعظم ہو گی، اسی طرح اللہ ہمیشہ سے قائم دائم اور زندہ ہے، لہٰذا جو شخص اسے حَیُّ الْقَیُّوْمُ کہہ کر پکارتا ہے وُہ اسے ہمیشہ کے لیے قائم دائم کر دیتا ہے لہٰذا یہ لفظ اور ایسی آیت جس سے قائم اور ہمیشہ زندہ رہنے کا مفہوم نِکلے وُہ اسمِ اعظم ہو گی۔ اسی طرح اُس کی ایک اور شان یہ ہے کہ ہر چیز کا خزانہ اس کے پاس ہے یعنی اسے کسی چیز کی ضرورت نہیں چنانچہ وُہ ہر لحاظ سے بے نیاز اور مالا مال ہے لہٰذا لفظ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اِسم اعظم ہُوا، اس لیے جو اسے اللہ الصمد یعنی یہ کہتا ہے کہ تو میرا بے نیاز معبود ہے تو وُہ اسے بے نیاز بندہ بنا دیتا ہے ایسے ہی لفظ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یَا لَطِیْفُ۔ یَا قَادِرُ۔ یَا عَلِیُّ۔ یَا بَدِیْعُ اسمِ اعظم ہیں کیونکہ اِن الفاظ میں اللہ تعالیٰ کی ایک خصوصی شان مضمر ہے جو ان الفاظ کے پڑھنے سے ظاہر

ہوتی ہے۔اس ضابطہ کی روشنی میں مندرجہ ذیل آیات اور احادیث کے الفاظ کا شمار اسم اعظم میں ہوتا ہے اور ان اسماء کو کثرت سے پڑھنے کے بعد جو دُعا بھی اللہ کے حضور کی جائے گی وُہ ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

پہلی حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمام اذکار سے افضل کلمہ طیبہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

دوسری حدیث حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں یہ دُعا پڑھی تھی لہٰذا جو مسلمان کسی حاجت کے وقت اس دُعا کو پڑھ کر جو بھی دُعا کرتا ہے وُہ قبول ہوتی ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ

اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں

مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

ظالموں سے تھا

تیسری حدیث حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں چھپا ہُوا ہے۔ مشکوٰۃ۔

Scanned by CamScanner

وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

اور وہی تمہارا واحد معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں جو رحمٰن و

الرَّحِيْمُ الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ

رحیم ہے (بقرہ) الف لام میم اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ

الْقَيُّوْمُ ۝

قائم ہے (آل عمران)

چوتھی حدیث حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ان الفاظ کا ورد کرتے ہوئے سنا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس بندے نے اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم اختیار کر کے دعا کی یہ اسم اعظم ایسا ہے کہ اس کے ذریعے جو دعا مانگی جاتی ہے اللہ قبول فرماتا ہے (مشکوٰۃ)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

اے اللہ میں تجھ سے اس لیے التجا کرتا ہوں کہ بے شک تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود

اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَ

نہیں تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، نہ تو نے کسی کو جنا اور نہ تو کسی سے

لَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جنا گیا، اور تیرا کوئی ہم سر نہیں

Scanned by CamScanner

پانچویں حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد نبوی میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا، نماز کے بعد اس نے یہ دُعا مانگی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے واسطہ سے دُعا مانگی ہے اور اسم اعظم وُہ نام ہے کہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے جو التجا کی جاتی ہے، وُہ پوری ہوتی ہے (نسائی)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ

اے اللہ میں تجھ سے التجا کرتا ہوں بے شک تو ہی حمد کے لائق ہے نہیں کوئی معبود

اِلَّآ اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ

تیرے سوا تو بڑا احسان کرنے والا مہربان ہے آسمانوں اور زمین کو تو ہی ایجاد کرنے

وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ

والا ہے اے جلال اور اکرام کے مالک اے زندہ

یَاقَیُّوْمُ ط

اور قائم

چھٹی حدیث ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص ان پانچ کلموں کے ساتھ دُعا کرکے جو سوال بھی کرے گا اللہ اسے پورا کرے گا۔

۱) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى

اسی کا تمام ملک ہے اور اسی کی تمام تعریف اور وہی ہر چیز پہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ

قادر ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

کوئی بھی طاقت اور کوئی بھی قوت اس کے بغیر میسر نہیں ہے

ساتویں حدیث ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کے پاس سے گزرے جو یہ کہہ رہا تھا تو آپؐ نے اس سے فرمایا کہ تو جو چاہے مانگ اللہ کی نگاہِ کرم تجھ پر ہے۔ (حصن حصین)

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

اے سب پر رحم کرنے والے زیادہ رحم کرنے والے

خلاصۂ احادیث ان احادیث سے یہ واضح ہوتا ہے لفظ اَللّٰهُ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، يَا قَادِرُ، يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ،

Scanned by CamScanner

یَا لَطِیْفُ، یَا اللہ اسمِ اعظم اور جو شخص ان میں سے کسی ایک کا کروڑوں کی تعداد میں ورد کرے وُہ اسم اعظم کے اسرار کو پالے گا اور اس کے بعد زبان سے جو نکالے وہی پورا ہوگا۔ ورد کا آسان طریقہ یہ ہے کہ دس ہزار مرتبہ صبح اور دس ہزار مرتبہ سونے سے پہلے ورد کیا جائے اور سات سال تک یہی معمول جاری رکھا جائے تو آخر حسبِ خواہش اسم اعظم کے فوائد حاصل ہونے لگیں گے۔

اسم اعظم میں دُنیا و آخرت میں کامیابی اور مشکلات کا حل موجود ہے بشرطیکہ خلوصِ دل سے اس کا وظیفہ کیا جائے بلکہ ولایت کا راز ہی اسم اعظم ہے۔ اللہ تعالیٰ کے تمام صفاتی ناموں میں اسم اعظم کی خاصیت موجود ہے مگر اس ہر اسم سے پہلے اللہ کی طرف نسبت شدہ لفظ ندا یعنی یا لگانا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دو دو صفاتی ناموں کو ملا کر پڑھنے سے تاثیر میں تقویت پیدا ہو جاتی ہے اور کام جلدی ہو جاتا ہے۔ ذیل میں چند صفاتی ناموں کو ملا کر درج کر دیا گیا ہے تاکہ ورد کرنے سے فائدہ حاصل ہو۔

روزی میں وسعت کے لیے	یَا بَاسِطُ یَا مُنْعِمُ
خیر و برکت کے لیے	یَا مُعْطِیُ یَا شَکُوْرُ
محتاجی سے بچنے کے لیے	یَا عَزِیْزُ یَا مُغْنِیُ
حصولِ عزّت کے لیے	یَا جَلِیْلُ یَا کَرِیْمُ

Scanned by CamScanner

ہر دلعزیز ہونے کے لیے	یَا مُعِزُّ یَا رَافِعُ
تندرستی کے لیے	یَا عَظِیْمُ یَا حَیُّ
مخلوق سے بے نیازی کے لیے	یَا وَهَّابُ یَا وَاسِعُ
عبادت کے شوق کے لیے	یَا مُحْصِیُ یَا قُدُّوْسُ
گناہوں سے چھٹکارے کے لیے	یَا اٰخِرُ یَا هَادِیُ
صفائی قلب کے لیے	یَا بَاعِثُ یَا نُوْرُ
ظاہر و باطن کی صفائی کے لیئے	یَا مُهَیْمِنُ یَا حَسِیْبُ
جان و مال کی حفاظت کے لیے	یَا مُؤْمِنُ یَا نَافِعُ
دشمن کو کچلنے کے لیے	یَا خَافِضُ یَا قَادِرُ
لڑکیوں کی شادی کے لیئے	یَا لَطِیْفُ یَا حَلِیْمُ

Scanned by CamScanner

حصولِ اولاد کے لیے	یَا مُتَکَبِّرُ یَا وَاحِدُ
اولادِ نرینہ کے لیے	یَا بَرُّ یَا بَدِیعُ
بانجھ عورت کے لیے	یَا مُصَوِّرُ یَا خَالِقُ
حفاظتِ حمل کے لیے	یَا مُبْدِئُ یَا سَلَامُ
میاں بیوی میں محبت کے لیے	یَا وَدُوْدُ یَا کَبِیْرُ
گمشدہ کے لیے	یَا جَامِعُ یَا مُعِیْدُ
بلاؤں سے نجات کے لیے	یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ
جادو آسیب جنات سے تحفظ کے لیے	یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ
مکان، دُکان، دفتر کی حفاظت کے لیے	یَا رَزَّاقُ یَا حَبِیْبُ
علم کی زیادتی کے لیے	یَا حَکِیْمُ یَا بَاعِثُ

Scanned by CamScanner

دُعا کی قبولیت کے لیے	یَا سَمِیْعُ یَا مُجِیْبُ
خاتمہ بالخیر کے لیے	یَا مُؤَخِّرُ یَا آخِرُ
عذابِ قبر سے تحفظ کے لیے	یَا بَارِئُ یَا وَکِیْلُ
حشر کی گرمی سے بچنے کے لیئے	یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ
شفاعت نصیب ہونے کے لیے	یَا حَسِیْبُ یَا تَوَّابُ
دخولِ جنت کے لیے	یَا عَفُوُّ یَا رَافِعُ
حصولِ دولت کے لیے	یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ
ہر کام ہونے کے لیے	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
غلبہ کے لیے	یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ
دکان چلنے کے لیے	یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ

Scanned by CamScanner

بدنظری کا علاج

بدنظری ایک طرح کا حاسدانہ زہر ہے جو بعض آدمیوں کے اندر ہوتا ہے اگر ایسا آدمی کسی کو گہری نظر سے دیکھ لے تو اسے نظر لگ جاتی ہے اس لیے نظرِ بد کا لگ جانا عین حقیقت ہے۔ نظرِ بد کا لگنا صرف آدمی تک محدود نہیں ہے بلکہ بچے، جانور، کھیتی، باغ، مکان، دولت اور مال اسباب ہر چیز پر نظر لگ سکتی ہے نظرِ بد سے بچنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ جب بھی آپ کو کوئی چیز پسند آئے مثلاً مال، اولاد، زوجہ، مکان یا کوئی بھی چیز اچھی معلوم ہو اور آپ اس کی برجستہ تعریف کریں تو ساتھ ہی فوراً "ماشاء اللہ" بھی کہہ دیں نظر کا اثر اس چیز سے زائل ہو جائے گا۔ اگر کسی کو کہ میری نظر لگ جاتی ہے تو کسی اچھی چیز کو دیکھتے ہی اَللّٰھُمَّ بَارِکْ فِیْہِ کہہ دے، اس کلمہ کی برکت سے نظر اثر نہیں کرے گی۔

امام ابوالقاسم قشیری سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک لڑکا بیمار ہوا اور کسی علاج و دوا سے افاقہ نہیں ہوا یہاں تک مرنے کے قریب حالت ہو گئی۔ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی، میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بچے کی بیماری کے متعلق عرض کیا تو حضورؐ نے فرمایا آیاتِ شفا لکھ کر پانی میں گھول کر پلا دو میں نے اس پر عمل کیا تو وہ شفایاب ہو گیا۔

امام عبداللہ کہتے ہیں کہ میں سفر میں تھا اور میرا اونٹ بہت تیز اور چالاک تھا، میں ایک منزل پر اترا تو ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ تمہارا اونٹ بہت خوبصورت

ہے، یہاں ایک شخص ہے اس کی نظر سے اس کو بچانا اگر اُس کی نظر لگ گئی تو تمہارا اونٹ ختم ہو جائے گا۔ مَیں نے کہا، میرے اُونٹ پر اُس کی نظر نہیں لگتی سکتی۔ اس شخص کو جب یہ اطلاع ملی تو اُس نے آ کر میرے اونٹ کو نگاہ بھر کر دیکھا، اس کے دیکھتے ہی اونٹ گر پڑا اور تڑپنے لگا لوگوں نے مجھ سے کہا کہ فلاں شخص نے تمہارے اونٹ کو نظر لگا دی ہے مَیں نے اس شخص کو اپنے سامنے بٹھا کر بِسْمِ اللّٰہِ حَبْسٌ حَابِسٌ کا عمل پڑھا اُسی وقت اس شخص کی آنکھ باہر نکل پڑی اور میرا اونٹ اچھا ہو گیا۔ اس واقعہ سے پتہ چلتا ہے کہ کلامِ الٰہی میں بے پناہ اثر ہے۔ جب جادو وغیرہ کا اثر ختم ہو سکتا ہے تو نظرِ بد کا اثر کلامِ الٰہی سے کیوں نہ ختم ہوگا۔ اس لیے اگر خود اپنی نظر لگ جانے کا وہم ہو تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

اور اگر کسی دوسرے کی نظر لگ جائے تو اس شخص کو جس کی نظر لگی ہے، بُلا کر اپنے سامنے بٹھا لیا جائے اور یہ ورد پڑھا جائے۔ بِسْمِ اللّٰہِ حَبْسٌ حَابِسٌ یَا شَجَرٌ یَابِسٌ وَشِھَابٌ قَابِسٌ رَدَدْتُ عَیْنَ الْعَائِنِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْہِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ۔ اگر وہ نظر لگانے والا سامنے نہ ہو تب بھی یہ ورد مفید ہے جس شخص کو نظر لگ جائے وہ یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا

اور اگر کسی کے جانوروں کو نظر لگ جائے تو اس دُعا کو پڑھ کر چار بار اس کے داہنے نتھنے میں پھونک دے اور اس کے بعد اس دُعا کو پڑھے۔ لَا بَاْسَ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ لَنَا اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

ان شاءاللہ بدنظری کے اثرات فوراً ختم ہو جائیں گے۔

Scanned by CamScanner

آیاتِ شفاء

قرآنِ مجید کی مندرجہ ذیل آیات کو آیاتِ شفاء کہا جاتا ہے۔ یہ آیات حصولِ شفاء کے لیے بہت مفید ہیں بشرطیکہ ان آیات کو بارگاہ ربّ العزت میں خلوص سے پڑھا جائے۔ اگر کوئی مریض ہو تو ان آیات کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلایا جائے اور یہ عمل گیارہ یوم تک کیا جائے۔ شروع میں بِسمِ اللّٰہِ شریف اور تین بار سُورت فاتحہ پڑھی جائے۔ اگر یہ نہ کیا جا سکے تو پھر ان آیات کو بسم اللہ اور سورت فاتحہ کے ساتھ چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں ان شاء اللہ بہت جلد صحت یابی حاصل ہوگی۔

۱۔ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ط

۲۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝

۳۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ

فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝

۴۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

۵۔ اَلَّذِىْ خَلَقَنِىْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝ وَالَّذِىْ هُوَ يُطْعِمُنِىْ وَيَسْقِيْنِ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ

۶۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط

ذکر نفی اثبات

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

یہ وہ کلمہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے معبود ہونے کا اقرار ہے اور باقی ہر چیز کی نفی ہے اس لیے اسے نفی اثبات کہا جاتا ہے، یہ وہ ذکر ہے جو عرش عظیم پر لکھا ہوا ہے۔ اللہ کو یہ ذکر بہت محبوب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ کے ہر نبی نے اس کلمہ کا پرچار کیا، یہ ہر اسرار کی کنجی ہے، وہ لوگ جو اللہ کے خاص بندے بننا چاہتے

ہوں تو ان کے لیے اس کا ورد از حد ضروری ہے اور انہیں ہر صورت نفی اثبات کے اس ذکر سے گزرنا پڑے گا۔ لہٰذا ہر اللہ کے دوست کو ہر صورت میں اس کا ورد کرنا پڑا۔ بلکہ یہی وہ راز ہے جس کے ذریعے سالک اپنی منازل کو عبور کرتا ہے اور اللہ کا قرب حاصل کرتا ہے چنانچہ اللہ کے حضور توبہ قبول ہونے کے بعد طالب کو یہ ذکر شروع کرنا چاہیئے۔ صبح تہجد یا فجر کے بعد پانچ ہزار مرتبہ پڑھے اور ایسے ہی مغرب یا عشاء کے بعد چھ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے، اس پابند گنتی کے علاوہ دن کے وقت چلتے پھرتے کام کرتے بھی یہی ورد زبان پر جاری رکھے، اس کے ساتھ ہی اپنے روحانی رہنما سے دعا کرواتا رہے، کچھ عرصہ کے بعد طالب محسوس کرے گا کہ یہ ورد اس کے دل پر نور کے ساتھ لکھا گیا ہے، پھر دن بدن وہ اپنے دل کو ایک بلب کی مانند روشن ہوتا ہوا محسوس کرے گا، اگر پڑھتے پڑھتے ایسا نہ ہو تو گھبرانا نہیں چاہیئے اور نہ ہی دل میں اللہ کا شکوہ لانا چاہیئے بلکہ پڑھتا جائے اور تین سال تک اسے جاری رکھے اور ناغہ نہ ہونے دے۔ کیونکہ اللہ کو جو پکارتا ہے سو پاتا ہے۔ تین سال کے بعد اس کا باطن ضرور کھل جائے گا اور اللہ اس پر مہربان ہو جائے گا، بشرطیکہ رزقِ حلال، خلوصِ نیت اور اللہ کی رحمت شاملِ حال رہے تو مشاہدات کا آغاز ہو جائے گا۔ اسرار باطنی جب شروع ہو جائیں تو مجلسِ محمدیؐ میں پہنچنے تک اس کلمہ کا ذکر جاری رکھیں، پھر آہستہ آہستہ روحانی طور پر اس کا مجلسِ محمدیؐ میں جانا آنا ہو جائے گا، بلکہ کچھ عرصہ کے بعد دائم الحضوری کا شرف حاصل ہو جائے گا، اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانی توجہ سے عالم بالا کی طرف پرواز شروع ہو جائے گی۔

اعتکاف میں کلمہ طیبہ کا ورد نہایت ہی اکسیر ہے، جو شخص راہِ حق کا متلاشی ہو اور معرفت کے حصول کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے کہ اعتکاف میں دو لاکھ پچاس ہزار مرتبہ کی گنتی پوری کرے، ان شاء اللہ اس کی باطنی رہنمائی ہونا شروع ہو جائے گی، بشرطیکہ نیت میں صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی ہو۔

اسم اعظم اثبات

اِلَّا اللہ

مگر اللہ

ذکر اثبات یعنی اِلَّا اللہ کا ذکر بھی اسم اعظم ہے، یہ ذکر نفی اثبات کے بعد کا درجہ رکھتا ہے اس کے بعد بغیر سالکانِ طریقت کی عالمِ بالا کی منازل طے ہوتی ہیں اس کے پڑھنے کا طریقہ اور فوائد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ فیوض و برکات کا خزینہ

یہ اسم فیوض و برکات کا خزینہ ہے جو شخص اسے روزانہ گیارہ سو مرتبہ گن کر تسبیح پر پڑھنے کا معمول بنا لیتا ہے اسے تمام وہ فوائد حاصل ہوتے ہیں جو اسم اللہ کے ہیں یعنی اسے پڑھنے سے اللہ کی عبادت میں دل خوب لگتا ہے، اللہ کی محبت پیدا ہوتی ہے، نماز قائم ہوتی ہے ذکرِ الٰہی کی توفیق ملتی ہے اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو وہ آسان ہو جاتی ہے اگر کسی کو راہِ حق کی تلاش ہو تو اسے راستہ مل جاتا ہے، دل میں رقت اور سرور پیدا ہوتا ہے، اس کے علاوہ بگڑے ہوئے کام درست ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر اسے گن کر نہ پڑھ سکتا ہو تو اسے عام کھلا جب چاہے پڑھے یا نمازوں کے بعد ایک تسبیح پڑھ لے یا ختم شریف میں اس کا ورد رکھے یعنی جس طرح آسانی محسوس کریں اختیار کر لیں، اور اس کے فیوض حاصل ہوں گے، اعتکاف میں ہر وقت اثبات کا ذکر بھی اسرار و رموز کا حامل ہے، انشاء اللہ پورے اعتکاف میں یہ ذکر پڑھنے سے مندرجہ بالا فوائد حاصل ہوں گے۔

۲۔ رُوحانی ترقی کا ورد

اثبات کا ورد روحانی ترقی کے لیے بہت اکسیر ہے۔ یہ ذکر عالم ملکوت کا ہے، نفی اثبات پڑھنے سے

جب باطن کھل جاتے یعنی کشف ہونے لگے، لطائف میں اللہ کا نور جلوہ گر ہو جائے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں روحانی طور پر جانا آنا شروع ہو جائے یعنی زمین پر ہر قسم کے نورانی رازوں سے واقف ہو جائے، اسرارِ کعبہ کا مشاہدہ ہو جائے، اس کے بعد اس اسم کو رات دن چلتے پھرتے کثرت سے پڑھنا شروع کریں، جونہی اس اسم کے ورد کی کثرت ہوگی، عالم ملکوت کا مشاہدہ شروع ہو جائے گا، ساتوں آسمانوں کے فرشتے نظر آئیں گے، ملکوتی دنیا میں جو کچھ ہے اس کا مشاہدہ ہوگا، غرضیکہ عرشِ معلّٰی تک تمام مقامات کھل جاتے ہیں۔

صوفیاء اور اولیاء نے اس اسم کو پڑھنے کے چند طریقے وضع کئے ہیں، سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ خلوت کی جگہ پر بیٹھے اور قبلہ رُخ ہو کر بائیں زانو پر نگاہ جما کر دل پر الا اللہ کی سر اٹھا کر اپنے اندرون جسم ضربیں مارے، بعد میں آنکھیں بند کر لے تو زیادہ بہتر ہے جب تک طبیعت اجازت دے تو آسانی کے ساتھ ایسا کرتا رہے۔

"ضربی کا طریقہ یہ ہے کہ سر کو بائیں کہنی پر لا کر زمین کے نزدیک پہنچا کر اللہ اللہ کی ضرب لگائے وہاں سے سر اٹھا کر ایک ضرب اپنے وجود پر لگائے پھر سر کو بائیں کہنی پر لا کر زمین کے قریب پہنچا کر ضرب لگائے اور وہاں سے سر اٹھا کر اپنے اندرونِ جسم میں ضرب دے، اسطرح مسلسل ضربیں لگاتا رہے۔ اس طرح کا ذکر پہلے سے جلدی اثرات مرتب کرے گا۔

ذکر اسم اعظم لفظ اللہ

لفظ اللہ چونکہ اسم اعظم ہے، اس لیئے اس کا ورد تمام اسرار و رموز کا خزانہ ہے۔ ہر قسم کے فیوض و برکات کا منبع ہے۔ اس لیئے جو اسم کا ہمیشہ ورد کرے اسے دین و دنیا میں کسی چیز کی کمی نہ رہے گی، یہ اسم جلال کا مظہر ہے۔ لفظ اللہ قرآن مجید میں ۲۳۶۰ مرتبہ آیا ہے۔ اس کے خواص اور فوائد بے پناہ ہیں۔ اس لیئے لفظ اللہ کو اعتکاف میں پڑھنے سے ہر قسم کا دینی اور دنیوی فائدہ حاصل ہوگا۔ کم از کم تین لاکھ کی تعداد پوری کرنا بہتر ہے۔ اس

Scanned by CamScanner

کے علاوہ لفظ اللہ کو پڑھنے کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ ولی بننے کا وظیفہ اللہ کا دوست بننے کے لیے لفظ اللہ کا وظیفہ لازم ہے، اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں، اس اسم کو پڑھنے سے اللہ سے دوستی کا شرف حاصل ہوتا ہے اور پڑھنے والا ولی اللہ بن جاتا ہے کیونکہ جس کسی کو جو کچھ ملا اللہ کے نام کی بدولت ملا، لہٰذا جو شخص اللہ کا بندہ بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ صبح اور گیارہ ہزار مرتبہ شام پڑھے اور کم از کم سات سال تک پڑھے اگر گن کر نہ پڑھ سکتا ہو تو ایک گھنٹہ فجر کی نماز سے پہلے اور ایک گھنٹہ فجر کی نماز کے بعد، ایک گھنٹہ شام کی نماز کے بعد اور ایک گھنٹہ عشاء کی نماز کے بعد سانس کے ساتھ پڑھے، انشاء اللہ باطن کھل جائے گا۔ اور روحانیت حاصل ہو گی اور اللہ کے خاص بندوں میں شمار ہو جائیگا۔

۲۔ صاحب کشف بننے کا وظیفہ لفظ "اللہ" صاحب کشف بننے کے لیئے بھی بہت ہی موثر ہے جو شخص صاحب کشف بننا چاہے وہ ایک گھنٹہ شام کے بعد تصور کے ساتھ اس اسم کو کھلا پڑھے اگر ہلکی سی آواز کے ساتھ پڑھے تو زیادہ مناسب ہے اور جب تصور قائم ہو جائے تو دل میں پڑھے اور دل پر ضرب لگائے۔ انشاء اللہ تین سال تک اسی طرح پڑھنے سے صاحب کشف بن جائے گا اور اس پر باطن کے اسرار و رموز عیاں ہوں گے۔

۳۔ عشق الٰہی کا حصول جو شخص اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے لگے تو اس کا دل دنیا سے متنفر ہو جائے گا اور یادِ الٰہی کی طرف خوب مائل ہو گا نماز اور نوافل پڑھنے کو دل بہت چاہے گا یعنی اس اسم کو پڑھنے سے دل اللہ کی عبادت میں خوب لگتا ہے جس سے اللہ کا عشق حاصل ہو گا۔ اور جو شخص اللہ کی محبت اور عشق کی طرف مائل ہو جاتا ہے، اس کا ایمان بے حد مضبوط ہو جاتا ہے، وہ اللہ کی خاطر جینے لگتا ہے اور اس کے دل سے دنیا کم ہو جائے گی،

Scanned by CamScanner

بہر کیف جو خلوص دل سے اس کا نام لینے لگتا ہے وہ اس کا بن جاتا ہے اور اللہ اس پر مہربان ہو جاتا ہے۔

۴۔ دنیاوی فیوض و برکات کا حصول

جو شخص اسے اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے کثرت سے پڑھتا ہے یعنی جب یاد آیا اسی وقت اللہ کے لفظ کا ذکر شروع کر دیا تو اسے دنیا وی لحاظ سے بے پناہ فیوض و برکات حاصل ہوں گے۔ اگر ایک ہزار مرتبہ گن کر بعد نماز فجر اور ایک ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ مستجاب الدعوات بن جائیگا اس کی ہر دعا قبول ہو گی بشرطیکہ ہمیشہ پڑھتا رہے، اگر کوئی کام رُک گیا ہو تو اس اسم کو چالیس دن میں سوالاکھ مرتبہ پڑھیں، رکا ہوا کام ہو جائے گا، اگر کوئی دلی خواہش یا حاجت درپیش ہو تو وہ بھی پوری ہو جائے گی، غرضیکہ لفظ اللہ پڑھنے سے دنیا کے ہر کام میں برکت پیدا ہو گی، اور پریشانیاں ختم ہوں گی۔

۵۔ شفائے امراض کا تعویذ

لفظ اللہ کا تعویذ شفائے امراض کے لیئے بہت مؤثر ہے اگر کسی شخص کو کسی مرض سے شفا حاصل نہ ہو تی ہو تو اس کے ورثاء اس اسم کو سوالاکھ مرتبہ مل کر پڑھیں اور پانی دم کر کے اسے پلائیں انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کسی ذریعے سے شفا دے گا اگر عمر ختم ہونے پر ہو تو خاتمہ بالایمان ہو گا۔ بزرگوں نے کہا ہے کہ اگر آپ اس اسم کا نقش دوسروں کو دینا چاہیں تو پہلے چالیس دن میں ۲۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھ لیں، اس کے بعد اس کا نقش دوسروں کو ہر قسم کی مرض سے شفایابی کے لیئے دے سکتے ہیں۔

۶۔ یَا اَللّٰہُ کا عمل برائے وسعت رزق

اضافہ رزق کے لیئے اس اسم کا چلہ اس طرح کریں کہ جمعرات کے روز بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ "یَا وَہَّابُ یَا رَزَّاقُ" پڑھیں، اس کے بعد چار ہزار

مرتبہ "یا اللہ" پڑھیں، اس کے بعد ۳۰۸ مرتبہ "یا وہاب یا رزاق" ۳۰۸ مرتبہ پڑھیں، چالیس دن تک اسی طرح پڑھیں، انشاء اللہ اسم اللہ کی برکت سے رزق میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

۷۔ کُند ذہنی کا علاج

ایک عامل کا قول ہے کہ صبح نہار منہ تازی روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ "یا اللہ" لکھیں اور کند ذہن بچے کو کھلائیں ۲۱ دن تک یہ عمل کریں، انشاء اللہ بچے کا ذہن کُھل جائے گا۔ اور خوب لگن سے پڑھنے لگے گا۔

۸۔ جھگڑے کے مقدمہ میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی جھگڑے میں ناحق پھنس گیا ہو اور اس کے خلاف مقدمہ بن گیا ہو تو پیشی کے وقت اس اسم کو کثرت سے پڑھیں اور دل میں اللہ کا تصور لائیں اور اس کے حضور دعا کریں کہ یا اللہ! بس تیری ذات باقی رہے گی اور تیرے سوا ہر چیز فنا ہو جائے گی، انشاء اللہ مقدمہ پڑھنے والے کے حق میں ہوگا۔

۹۔ "یا اللہ" کا جامع وظیفہ

یہ وظیفہ "یا اللہ" کا جامع وظیفہ ہے اور یہ قضائے حاجات اور تسخیر مخلوق کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس وظیفہ کو ۴۴۴۴ مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں، انشاء اللہ ہر جائز خواہش پوری ہوگی اور لوگوں میں بے پناہ مقبولیت ہوگی۔ جس کسی سے کوئی کام یا واسطہ پڑے گا تو وہ بے لوث کام کرے گا، اگر کوئی کثرت سے پڑھتا رہے تو ہمیشہ تندرست رہے گا اور لوگ اسے عزت سے پیش آئیں گے۔

یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ، تو اپنے ہر کام میں تعریف کیا گیا ہے اے اللہ

اضافہ رزق کے وظائف

اَللّٰہُ رَبِّیْ

اللہ میرا رب ہے

اللہ تعالیٰ کی ذات ہر ایک کو پالنے والی ہے اس کے رزق کا ذمہ دار اللہ تعالیٰ ہے اس لیے جو شخص اسے اس نام سے پکارتا ہے اللہ تعالیٰ ہر صورت میں اس کو رزق دیتا ہے لہٰذا جو شخص اسے روزانہ ۲۰۲ مرتبہ پڑھے وہ کبھی بھوکا نہ مرے گا، جو شخص اسے کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے اس پر رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں، اس کی روزی کے ذرائع خود بخود اللہ تعالیٰ بنا رہا ہے۔ اگر کاروبار کم ہو گیا ہو تو اسے پڑھنے سے کاروبار پھر معمول پر آجاتا ہے، اس کے مفصل فوائد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ بے روزگاری کا حل یہ وظیفہ بیروزگاری دور کرنے کے لیئے بہت اکسیر ہے لہٰذا جو شخص بیروزگار ہو وہ اسے اعتکاف میں بیٹھ کر ہر نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ پڑھے اور پڑھائی کے دوران کسی سے بات چیت نہ کرے انشاءاللہ اللہ تعالیٰ اس کی بیروزگاری ختم کر کے اس کا کوئی ذریعہ بنادے گا۔

۲۔ حصولِ ملازمت اگر کوئی شخص ملازمت کا طلبگار ہو اور اس کی ملازمت کا ذریعہ نہ بن رہا ہو تو اسے چاہیئے کہ چالیس روز تک اس وظیفہ کو ۱۲۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھے، ہر روز پڑھائی مکمل کرنے کے بعد اللہ کے حضور سجدے میں پڑھ کر رو کر ملازمت کی دعا کرے، انشاءاللہ کوئی نہ کوئی اس کی ملازمت کا سبب بن جائیگا۔

۳۔ ترقی کاروبار یہ وظیفہ ترقی کاروبار کے لیے بھی بہت موثر ہے، لہٰذا جس شخص کا کاروبار نہ چلتا ہو یا عام معمول کے مطابق چل رہا ہو اور وہ اس میں ترقی چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ کاروبار کے مقام پر بیٹھ کر کاروبار شروع کرتے وقت اسے ۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور

کاروبار بند کرتے وقت ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور یہ معمول ایک سال تک جاری رکھے اگر اس میں ناغہ ہو جائے تو ناغے والی تعداد کو دوسرے روز پورا کرے۔

عمل شفائے امراض

اَللّٰہُ شَافِیْ ۔ اَللّٰہُ کَافِیْ ۔ اَللّٰہُ مُعَافِیْ

اللہ شفا دینے والا ہے، اللہ کفایت کرنے والا ہے، اللہ معافی دینے والا ہے۔

یہ وظیفہ شفائے امراض کے لیئے اکسیر ہے، ایسے امراض جن کا علاج کرواتے کرواتے انسان تنگ آ جائے اور بیماری کی تکلیف رفع نہ ہوتی ہو تو وہ اسے روزانہ بعد نماز فجر ۲۳۶۰ مرتبہ پڑھنا شروع کرے اگر خود نہ پڑھ سکتا ہو تو اس کا کوئی عزیز پڑھے اور چالیس دن تک یہ وظیفہ پڑھے انشاءاللہ صحت یابی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اگر شفا مقدر میں نہ ہوئی تو پھر بھی بیماری کے ایام تکلیف کے بغیر گزر کر پردہ مل جائے گا۔ اگر عاملین نے اس سے شفائے امراض کا کام لیا ہے بلکہ حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی کا معمول تھا کہ اگر کوئی کسی مرض کے لیئے دعا کے لیئے حاضر ہوتا تو آپ اپنے کسی خادم سے فرما دیتے کہ یہ اسماء لکھ کر اسے دے دو اور مریض کو تلقین کرتے کہ اسے دائیں بازو پر باندھ لینا۔ اللہ تعالیٰ مریض کو شفا یاب کر دیتا۔

اگر کوئی شخص اس وظیفے کا عامل بننا چاہے تو وہ اسے چالیس چالیس دن کے گیارہ چلوں میں گیارہ لاکھ مرتبہ پڑھے اور ہر چلے میں سات دن کا وقفہ کرے اور روزانہ پڑھائی کی تعداد ۳۱۲۵ مرتبہ رکھے، چلے مکمل ہونے پر وہ شخص اس عمل کا عامل بن جائے گا اور اس کے بعد جس کسی کو بھی یہ عمل گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے دے دے انشاءاللہ جو مریض بھی اس دم شدہ پانی کو پیئے گا صحت یاب ہوگا، اگر کوئی شخص اکثر بیمار رہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اعتکاف میں اس وظیفہ کو کثرت سے پڑھے، انشاءاللہ اللہ تعالیٰ شفا یاب کرنے کا کوئی ذریعہ بنا دے گا۔

Scanned by CamScanner

صاحبِ فیض بننے کا وظیفہ

اَللّٰہُ الصَّمَدُ

اللہ بے نیاز ہے

یہ اسم جمالی ہے اور اللہ تعالیٰ کی شانِ صمدیت کا مظہر ہے لہٰذا جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس صفت سے پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر اپنی شان صمدیت کے اسرار و رموز ظاہر فرما دیتا ہے دراصل صمد کا مطلب یہ ہے کہ ہر چیز اللہ کے پاس ہے اس لیے وہ کسی چیز کے حصول سے بے نیاز اور بے پرواہ ہے لہٰذا اس ورد کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ دنیا کی ضرورت سے بے نیاز کر دیتا ہے اور جس طرح اللہ جو چاہتا ہے کر لیتا ہے، ایسے ہی اس کا ذاکر جو لفظ اپنی زبان سے نکالتا ہے اللہ اسے پورا کر دیتا ہے، اور کسی چیز کی کمی نہیں رہتی۔

بیشمار اولیائے کاملین نے اس وظیفے پر مداومت کی ہے اور اسے بے پناہ و کثرت سے پڑھا ہے کیونکہ یہ اسم اعظم ہے اس لیے اسے پڑھنے سے انسان اللہ کا بندہ اور دوست بن جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس بندے کے وجود کو روحانی اور باطنی فیوض و برکات کا ذریعہ بنا دیتا ہے اور لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچتا ہے، خدائی رحمتوں سے مالا مال ہو جاتا ہے ظاہری اور باطنی لحاظ سے صاحبِ فیض بن جاتا ہے بلکہ مقام صدیقیت بھی حاصل ہو جاتا ہے اور مخلوقِ خدا سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

اللہ سے دوستی لگانے کے لیے اس وظیفے کو کم از کم گیارہ ہزار مرتبہ صبح اور گیارہ ہزار مرتبہ رات کو پڑھنا ضروری ہے، اگر اس تعداد سے زیادہ پڑھ سکے تو بہت بہتر ہے، اعتکاف میں اس وظیفہ کو جتنا زیادہ سے زیادہ پڑھ سکتا ہو پڑھے، انشاء اللہ ہر طرح سے خوشحالی ہو گی، عزت میں بے پناہ اضافہ ہو گا اور اگر اللہ سے حضور دوستی کی درخواست کرے گا تو وہ قبول

ہو گی، باطنی مشاہدات بھی ہو سکتے ہیں۔

اَللّٰہُ الصَّمَدُ کو اعتکاف میں پانچ لاکھ مرتبہ پڑھنا بھی بڑا اکسیر ہے اس سے راہِ حق کی راہنمائی حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر اتنی تعداد میں نہ پڑھ سکے تو پھر سوا سوا لاکھ کے دو نصاب پڑھ لے اور آخری روزہ کے افطار کے وقت اللہ کے حضور اپنی التجا پیش کرے، انشاء اللہ قبول ہو گی۔

ہر قسم کے کام کھلنے کے وظائف

یَا فَتَّاحُ ، یَا رَزَّاقُ

اے کھولنے والے، اے رزق دینے والے

یہ دونوں الفاظ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں سے ہیں۔ عدد کے لحاظ سے ان کی تاثیر جمالی ہے، یہ وظیفہ خیر و برکات کے لحاظ سے بہت مؤثر ہے۔ اکثر علماء اور صلحاء نے اسے اسم اعظم قرار دیا ہے، بلکہ اسے حصولِ رزق کا ذریعہ بتایا ہے، یہ حقیقت ہے کہ رزق رحمت کے زمرے میں آتا ہے اور جو شخص اسے اس صفت کے ذریعے پکارتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر احسان کرتا ہے اور اس کے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے، اور وہ دین و دنیا سے مالا مال ہو جاتا ہے، اعتکاف میں اسے ہر وقت پڑھنے سے رزق میں اضافہ ہو جاتا ہے، اس کے علاوہ اس کے فوائد حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ حصولِ دولت و برکت اللہ تعالیٰ کے ان ناموں کی خصوصیت یہ ہے کہ انہیں پڑھنے سے غنا حاصل ہوتا ہے اور پڑھنے والا تھوڑے ہی عرصہ میں دولت مند بن جاتا ہے۔ اللہ کے ایک بندے کا قول ہے کہ حصولِ دولت کے لیے اس وظیفہ کو ۳۰۳ مرتبہ روزانہ صبح کے وقت پڑھنا بہت مفید ہے اور سات سال تک یہ وظیفہ جاری رکھنا چاہیئے۔ اگر کچھ عرصہ پڑھنے کے بعد اس کے اثرات ظاہر

نہ ہوں تو پھر اس کی تعداد بڑھا کر ۲۰۰۰ مرتبہ روزانہ کر لینی چاہیئے، انشاءاللہ مقصد حل ہو گا، اور خوب دولت ملے گی، عام طور پر روزانہ چند بار پڑھ لینے سے مال و دولت میں خیر و برکت رہتی ہے۔

۲۔ ترقی دکان ترقی دکان کے لیئے بھی یہ وظیفہ بہت موثر ہے، دکان کھول کر اسے گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنا دکان میں ترقی کا باعث بنتا ہے اور دکان خوب چلے گی، اور اگر دکان چلتے چلتے یکدم رک جائے تو پھر ہر جمعرات کو چند آدمیوں کو اکٹھا کرے اور سوا لاکھ مرتبہ اس کا ورد کروائے، اس کے بعد اللہ کے حضور کاروبار کھلنے کی التجا کرے انشاءاللہ کاروبار کھل جائے گا اور دکان خوب چلنے لگے گی یا کاروبار کا کوئی اور ذریعہ بن جائے گا اور یہ عمل گیارہ جمعرات تک جاری رکھے۔

۳۔ ادائیگی قرض ایسا شخص جو قرض کی ادائیگی سے تنگ آگیا ہو اور ادائیگی قرض کا کوئی ذریعہ نظر نہ آتا ہو تو اسے چاہیئے کہ چالیس روز تک اسے بعد نماز عشاء گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی کا کوئی سبب پیدا کر دے گا، اور مقروض قرض سے غلامی پا دے گا، اگر ایک چلے میں کام نہ ہو تو پھر اس وقت تک چلے کرتا جائے جب تک کہ کام نہ ہو۔

وظائف کفالت

یَا وَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ

اللہ تعالیٰ کارساز ہے، بگڑے ہوئے کاموں کو بنانے والا ہے اور ہر شخص کی کفالت کرنے والا ہے، لہٰذا جو شخص اللہ تعالیٰ کو مندرجہ ذیل وظیفہ سے یاد کرے تو اللہ تعالیٰ ہر کام میں اس کا کارساز بن جاتا ہے اور اس کی ہر قسم کی ضروریات پوری کرنے کا ذمہ لے لیتا ہے، اس وظیفہ کو پڑھنے کے مختلف طریقے حسب ذیل ہیں۔

Scanned by CamScanner

۱۔ حصولِ مراد

اللہ کے بعض نیک بندوں نے اس وظیفے کے بارے میں یہ بتایا ہے کہ جو شخص اس وظیفہ کو روزانہ کثرت سے پڑھے تو اللہ اس کی ملی مرادیں پوری کر دیتا ہے، کسی خاص مراد یا مقصد کے لیئے اس وظیفہ کو روزانہ سات سو مرتبہ ۷۰ دن تک پڑھنا چاہیئے، انشاء اللہ مراد پوری ہو گی۔

۲۔ خوف اور آفات سے حفاظت

ہر قسم کے بیرونی خوف، یعنی دشمن کا خوف، بجلی کا خوف، زلزلہ کا خوف، طوفان کا خوف دور ہو جائے گا، اگر کوئی دشمن تنگ کرتا ہو اور اسے دور کرنا چاہے تو اس وظیفہ کو ۲۶ مرتبہ پڑھے، اور دشمن کی طرف منہ کر کے پھونک مارے، انشاء اللہ دشمن سے غلامی ہو جائے گی، اگر کوئی شخص اس وظیفہ کو سفر کے دوران پڑھتا جائے تو وہ اپنی منزلِ مقصود تک بحفاظت پہنچ جائے گا۔

۳۔ رہائی قید

اگر کوئی شخص ناحق قید میں پھنسا ہو، اسے چاہیئے کہ گیارہ ہزار مرتبہ اس وظیفہ کو روزانہ پڑھے، انشاء اللہ قید سے رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

۴۔ وظیفہ کفالت

"یَا وَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ" کو اعتکاف میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر کام کے ہونے کے اسباب پیدا کرے گا لہذا جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا فلاں کام ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ اعتکاف میں روزانہ بعد نماز تہجد پانچ ہزار مرتبہ، بعد نماز ظہر چار ہزار مرتبہ اور بعد نماز عصر تین ہزار مرتبہ، اور بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھے، انشاء اللہ اس کے کام کا کوئی نہ کوئی ذریعہ بن جائیگا۔

Scanned by CamScanner

غنا اور دولت کے وظائف

یَا غَنِیُّ ، یَا مُغْنِیُ

اے غنا والے، اے دولت دینے والے

یہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ہیں جن کا اطلاق اللہ تعالیٰ کی صفتِ غنا پر ہوتا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ کے ان دونوں صفاتی ناموں کا ورد دولت حاصل کرنے کے لئے بہت مؤثر ہے لہذا جو شخص اس وظیفہ کو رات دن کثرت سے پڑھنا شروع کر دے وہ دنیا کے مال و دولت سے بھر جائیگا، اللہ اسے رزق کثیر عطا کرے گا۔ اس کے پڑھنے کے چند طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ فروغ تجارت جس شخص کی تجارت یا دکان نہ چلتی ہو، اسے چاہیئے کہ دکان کھول کر اطمینان سے دکان میں بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور بعد میں گیارہ سو مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھنے کا ہمیشہ کے لئے معمول بنالے، انشاء اللہ جب تک وہ اس وظیفہ کو پڑھنے پر کاربند رہے گا اس کی تجارت میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا، جس شخص کی دکان نہ چلتی ہو اسے بھی اسی طریقہ سے اس وظیفہ پر عمل کرنا چاہیئے انشاء اللہ اس کی دکان چل جائے گی۔

۲۔ اضافہ رزق ہر جمعرات کو رات کے وقت عشاء کی نماز کے بعد اور تہجد کی نماز سے پہلے اس وظیفہ کو ۲۱ جمعرات تک ۲۱ ہزار مرتبہ ہر جمعرات کو پڑھنا اضافہ رزق کا سبب بنتا ہے اور جو شخص نماز تہجد کے بعد اسے جمعرات ہی کی رات کو ۲۱ ہزار مرتبہ ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے مال و دولت میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا، وہ تھوڑے ہی عرصے میں بہت امیر و کبیر بنتا چلا جائے گا، اضافہ رزق کے لیے اسی وظیفہ کو پڑھنے کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ ہر جمعہ کو صبح کی نماز کے بعد ۷ ہزار مرتبہ اسے پڑھے اور اکیس ۲۱ جمعوں تک اس ورد کو جاری رکھے، اللہ تعالیٰ اسے ہر لحاظ سے غنی کر دے گا۔

Scanned by CamScanner

۳۔ دشمن پر غلبہ اس اسم میں دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے اثرات بھی بہت قوی اور نمایاں ہیں لہذا جو شخص اسے گاہے بگاہے پڑھتا رہے اللہ اسے دشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے، اگر کوئی شخص انتہا درجے کی دشمنی پر اترا ہو تو اس صورت میں چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۱۰۳۰ مرتبہ چالیس دن مسلسل پڑھے، انشاء اللہ دشمن دشمنی سے باز آجائے گا، پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کو قدم قدم پر حامی و مددگار پائے گا۔

۴۔ مزدوروں اور ماتحتوں سے کام لینا ایسا شخص جس کے ماتحت کوئی مزدور کام کرنے والا ہو یا چند مزدور ہوں اور وہ دل جمعی سے کام نہ کرتے ہوں تو اس صورت میں اسے چاہیئے کہ وہ ۲۱۲۵ مرتبہ روزانہ اسے پڑھے اور چھ ماہ تک اس کو جاری رکھے، انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے تابعدار ہو جائیں گے۔

۵۔ دولتمند بننے کا وظیفہ اعتکاف میں بیٹھ کر اس وظیفہ کو بیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں اور اللہ کے حضور حصولِ دولت کی دعا کریں اور خاص کر تہجد کی نماز پڑھنے کے بعد سجدے میں سر رکھ کر دعا کریں، انشاء اللہ اضافہ رزق ہوگا۔

قوّت اور غلبہ کے وظائف

یَاقَوِیُّ، یَاعَزِیْزُ

اے طاقتور، اے غلبہ والے

اللہ سب سے طاقتور ہے اور ہمیشہ غلبہ اسی کا رہے گا، یہ دونوں اسم جلالی ہیں اور اس وظیفہ کی تاثیر یہ ہے کہ جو اس کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اسے روحانی طاقت کے ذریعہ غالب کر دیتا ہے اور وہ ہر کام میں قوی اور عالی ہمت ہو جاتا ہے اور عزتِ نفس کا مادہ بیدار ہو جاتا ہے۔ اس وظیفہ کو پڑھنے کی چند خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

Scanned by CamScanner

۱۔ دشمن پر غلبہ دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لیئے یہ عمل بہت مؤثر ہے۔ ایسا دشمن جو تنگ کرتا ہو اور مخالفت سے باز نہ آتا ہو، چھوٹی چھوٹی باتوں پر دل آزاری کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیئے اس وظیفہ کو ایک ہزار مرتبہ بعد نماز فجر اکیس دن تک پڑھیں، انشاءاللہ، اللہ کی رحمت اور مدد سے بہت جلد دشمن سے چھٹکارا مل جائیگا۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اسے گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا دشمنوں سے محفوظ رہنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

۲۔ علاجِ نسیان یہ وظیفہ نسیان کے علاج کے لیئے بھی بہت مفید ہے جس کا حافظہ کمزور ہو اور اسے فوراً بات بھول جاتی ہو تو اسے چاہیئے کہ جمعہ کے دن اسے دن کے پہلے حصے میں تین ہزار مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے، اگر کسی دوسرے کو پلانا چاہے تو بھی دے سکتا ہے۔ اسی طرح گیارہ جمعہ تک یہ عمل جاری رکھے نسیان دور ہو جائے گا، اور حافظہ درست ہو جائے گا۔

۳۔ محتاجی سے چھٹکارا اگر کسی شخص کو محتاجی سے واسطہ رہتا ہو وہ اس وظیفہ کو کام شروع کرتے وقت روزانہ ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھنا معمول بنالے تو انشاءاللہ وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا، اور ظاہری و باطنی طور پر غنی ہو جائے گا بلکہ اللہ اسے مالی اعتبار سے اتنا مضبوط کر دیتا ہے کہ لوگ اس سے اپنی اغراض پوری کرتے ہیں اور یہ عمل تین سال تک جاری رکھے، تب اثرات مکمل طور پر ظاہر ہوں گے۔

۴۔ قضائے حاجت اگر کسی شخص کو ایسی حاجت درپیش ہو، جس کا کوئی خاطر خواہ حل نکلتا نہ نظر آتا ہو تو اسے چاہیئے کہ چالیس روز تک اس وظیفہ کو دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے، انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کی حاجت کو پورا کرے دے گا۔

Scanned by CamScanner

۵۔ عامل بننے کا طریقہ

اس وظیفہ کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ کوئی تنہائی کی جگہ مقرر کرے اور بعد نمازِ عشاء اس وظیفہ کو ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ چالیس روز تک پڑھے پھر سات دن کا ناغہ کرے، پھر چالیس روز تک پڑھے، اس کے بعد پھر سات دن کا ناغہ کرے پھر چالیس روز تک پہلے کی طرح پڑھے پھر سات روز کا ناغہ کرے اس کے بعد پھر چالیس روز تک پڑھے، اس طرح چار چلے پورے کرے تو وہ اس کا عامل بن جائے گا، اس کے بعد اگر کسی کو وہ وظیفہ لکھ کر دے گا تو اس کے فوری اثرات نکلیں گے اگر وہ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے دے اور دشمن کی طرف منہ کر کے اس پانی کو پھینکنے کی ہدایت کرے تو انشاء اللہ دشمن مغلوب ہو جائے گا، اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو تو اسے بھی پانی دم کر کے دے اور کاروبار کے مقام پر چھڑکنے کی ہدایت کرے انشاء اللہ جب پانی دم کر کے دے گا اس کا کاروبار چل جائے گا، اگر کسی کو تابع کرنے کی غرض سے ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر کسی کو شیرینی پر یا مٹھائی وغیرہ دم کر کے دے دے تو کھانے والا تابع ہو جائیگا۔

۶۔ اعتکاف میں پڑھنے کا طریقہ

عزت، غلبہ، دشمن سے نجات، اللہ کی مدد اور ہر حال میں پروردگار کی طرف سے تائید و توفیق کو اپنے حالات میں شامل کرنے کے لیے اس وظیفہ کا اعتکاف میں کثرت سے پڑھنا بہت مفید ہے۔ اگر سوا سوا لاکھ کے دو نصاب پڑھ لے تو زیادہ بہتر ہے، انشاء اللہ حسبِ منشاء فوائد حاصل ہوں گے۔

تسخیر اور عظمت کے وظائف

يَا وَدُودُ يَا مَجِيدُ

اے محبت کرنیوالے، اے بزرگ

اللہ ودود ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں کے دلوں میں اپنی محبت پیدا کر کے پھر ان

سے محبت کرتا ہے عام طور پر محبت اس طرح ہوتی ہے کہ پہلے محبوب اپنے محب پر تھوڑا سا مہربان ہوتا ہے جس سے محب محبوب سے محبت کرنے لگتا ہے۔ اگر محبوب محب کی محبت کا جواب محبت میں دے تو محبت میں گہرائی پیدا ہو جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اللہ جب اپنے کسی بندے پر مہربان ہوتا ہے تو وہ اللہ کی محبت میں گرفتار ہو جاتا ہے درحقیقت یہ بندے کی محبت نہیں ہوتی بلکہ اللہ ہی بندے سے محبت کرنے لگتا ہے، چنانچہ اللہ کی محبت اپنے نیک بندوں کے لیے مخصوص ہے۔ امام غزالیؒ کا قول ہے کہ ودود دراصل اللہ کی رحمت کے معنوں میں ہے چنانچہ جو اللہ سے محبت کرتا ہے تو اللہ اسے اپنی رحمت سے مالا مال کر دیتا ہے اس لیے جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس اسم کے ذریعے پکارتا ہے اللہ اسے دنیا کی محبت کا مرکز بنا دیتا ہے۔ یہ اسم نہایت ہی جلالی ہے۔ اور اس کے بے پناہ فیوض و برکات ہیں، اس کے اعداد ۲۰ ہیں۔

۱۔ اللہ کا محبوب بننے کا وظیفہ

جو شخص اللہ کا محبوب بننے کا طالب ہو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو بہت کثرت سے پڑھے انشاء اللہ اس کے دل سے دنیا کی محبت نکل جائے گی اور اللہ کی محبت پیدا ہو جائے گی، سنت اعتکاف میں اس اسم کا ورد رضائے الٰہی اور اللہ کی محبت حاصل کرنے کے لیے بہت مؤثر ہے۔ لہٰذا جو شخص اس اسم کو رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران اکتالیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا، انشاء اللہ، اللہ اس پر مہربان ہوگا، اور اس کے بعد اس وظیفہ کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ جاری رکھے، اس پر ہر طرح کی نعمتوں کی بارش ہوگی اور عنایات خداوندی سے مالا مال ہوگا۔

۲۔ تسخیر القلوب کا اکسیر عمل

یہ اسم تسخیر القلوب کے لیے بہت مجرّب ہے اگر کوئی شخص دوسروں کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے، اس کے بعد تین دن ناغہ کرے، اس کے بعد پہلے

Scanned by CamScanner

کی طرح چالیس دن پڑھائی کرے، اسی طرح تین چلے پورے کرے، بعد میں اس اسم کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے، انشاء اللہ ہر خاص و عام اس کی طرف مائل ہو جائے گا اور وہ لوگوں کے دلوں پر چھا جائے گا، جس کی طرف نظر بھر کر دیکھے وہی اس کی محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

۳۔ بیوی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی بیوی تابعدار رہے اور دل سے اس کے ساتھ وفا کرے تو گیارہ روز تک اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں اور آخری روز تھوڑی شیرینی یا پانی لے کر اسے دم کر کے اسے کھلا دیں، یا پہلی رات کو عورت کے آتے ہی یہ عمل کرے، انشاء اللہ ساری عمر عورت فرمانبردار رہے گی۔

۴۔ رشتہ داروں میں محبت پیدا کرنا

بعض رشتے اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ ان میں محبت ہو، ایک دوسرے کی نافرمانی نہ ہو جیسے اولاد میں ماں باپ کی فرمانبرداری، بیوی میں شوہر کی اطاعت اور تابعداری، بہن بھائیوں میں خونی رشتے کے تقاضے سے آپس کی ہمدردی کا ہونا ضروری ہے، اگر ان رشتوں میں آپس کی محبت یا الفت نہ ہو تو ایک رشتہ دوسرے کا جائز حق ادا نہ کرے گا تو اس اسم کو ۳۱۲۵ مرتبہ چالیس دن تک پڑھ کر دعا کریں، انشاء اللہ حسب ضرورت آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر پانی دم کر کے پلا دیں تو زیادہ بہتر ہے۔

۵۔ شریر جانور کو تابع کرنے کا عمل

جس شخص کا کوئی جانور یعنی گھوڑا، بیل، گائے بھینس، بکرا یا اونٹ شریر ہو، مالک کو تنگ کرتا ہو اور کہنے میں نہ ہو تو اس اسم کو اس کے چارے پر دو ہزار مرتبہ پڑھ کر اسے کھلا دیں اور تین دن تک ایسے ہی کریں اللہ نے چاہا تو جانور تابعدار ہو جائے گا اور تنگ کرنا فوراً چھوڑ دے گا۔

Scanned by CamScanner

حضرت شمس الدین محمد حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجہک المنیر لقد نور القمر

لا یمکن الثناء کما کان حقہ
"بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر" ۱۳۶۹ء

اے پیکرِ حُسن اور اے سرتاجِ انسانیت ! یقیناً (چودھویں کا) چاند آپ ہی کے نور افشاں چہرے سے درخشاں (ہُوا) ہے (پوری انسانیت بھی ایک زبان ہو کر) آپ کے اوصاف و کمالات بیان کر پائے ؟ یہ ممکن ہی نہیں ! اس (بے پناہ) داستان کو یوں مختصر کرتا ہوں کہ خدا کے بعد آپ ہی کی ذات بزرگ و برتر ہے

Scanned by CamScanner

عزت اور عظمت کے وظائف

یَا عَلِیُّ ، یَا عَظِیْمُ

اے سب سے اعلیٰ، اے عظمت والے

یہ دونوں اسم اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ہیں اور ان دونوں کی تاثیر جلالی ہے، یعنی پڑھنے والے کے دل میں جلال اور طبیعت میں گرمی پیدا ہوگی، یہ دونوں صفات اللہ تعالیٰ کی برتری اور عظمت ظاہر کرتی ہیں۔ لہٰذا اس وظیفے کا ورد پڑھنے والے کو معزز اور صاحب عظمت بنا دیتا ہے، اس کے پڑھنے کے مختلف طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ عزت و عظمت

جو شخص عزت اور عظمت حاصل کرنے کے لئے اس ورد کو روزانہ تیس ہزار مرتبہ پڑھے گا اور تین سال تک اس کی پڑھائی جاری رکھے گا، اللہ تعالیٰ اسے گھر بار، عزیز و اقارب، یار دوست اور تمام ملنے جلنے والوں میں معزز کر دے گا، اور اسکی عزت کا سکہ لوگوں کے دلوں پر بیٹھ جائے گا، عزت حاصل ہونے کے ساتھ اسے حسب منشا دولت بھی حاصل ہوگی، اسی لئے اس وظیفہ کو اہل تقویٰ کے لئے پڑھنا بہت مفید ہے تاکہ وہ دوسروں کی نظر میں باعزت رہیں۔

۲۔ انچارج کو مہربان کرنا

اگر کسی ملازم کا انچارج یا افسر اسے ہر وقت ذلیل کرتا رہے یا توہین آمیز الفاظ سے پکارتا ہے تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو چالیس دن اپنی سیٹ پر بیٹھ کر ڈیوٹی کے آغاز میں پڑھے، اس وظیفہ کی خیر و برکت سے پڑھنے والے کا افسر یا انچارج اس پر مہربان ہو جائے گا، اور اسکی ذہنی کوفت دور ہو جائے گی، اس کی ملازمت پرسکون اور خوشحال ہو جائے گی۔

۳۔ انگوٹھی میں کندہ کروانا

جو شخص اس وظیفہ کو اپنی چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا لے اور ہمیشہ اپنے پاس رکھے اور دن میں گنگناتا رہے

معمول بنا لے اس کا اور دیگر کثرت سے رہتا ہے تو وہ ہمیشہ منظم و مستحکم رہے گا اور کبھی غریب نہ ہوگا، افلاس اور محتاجی اس سے دور رہے گی، اس کی روزی میں آہستہ آہستہ اضافہ ہوتا رہے گا، صاحب حیثیت لوگوں میں اس کے تعلقات قائم رہیں گے۔

۴۔ مناسب رشتہ ملنا ایسا لڑکا یا لڑکی جس کے لیے مناسب رشتہ نہ ملتا ہو یا شادی نہ ہوتی ہو تو اس کے والدین اس وظیفہ کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ ۲۱ دن تک پڑھیں، نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد پڑھنا زیادہ مفید ہے، جونہی وظیفہ مکمل ہوگا تو شادی کے پیغامات آنا شروع ہو جائیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ جہاں اللہ تعالیٰ بہتر سمجھے گا شادی ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

۵۔ قضائے حاجت اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو یوں پڑھے کہ پہلے روز ایک ہزار مرتبہ، دوسرے روز دو ہزار، تیسرے روز تین ہزار حتیٰ کہ گیارہویں دن گیارہ ہزار مرتبہ، پھر بارہویں دن دس ہزار مرتبہ تیرھویں دن نو ہزار مرتبہ یعنی جس طرح ایک ایک ہزار بڑھایا تھا اسی طرح کم کرتا چلا آئے حتیٰ کہ اکیسویں دن ایک ہزار مرتبہ پڑھے اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ کے حضور اپنی حاجت پیش کرے، انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

۶۔ فضل دارین دین و دنیا میں اللہ کی رحمت اور برکت حاصل کرنے کے لیئے اس وظیفہ کو پورے اعتکاف میں تین لاکھ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ اس وظیفہ کی برکت سے عزت حاصل ہوگی اور جائز خواہش پوری ہوگی۔

غلبہ اور مغفرت کے وظائف

يَا عَزِيْزُ، يَا غَفَّارُ

اے غالب، اے بخشنے والے

Scanned by CamScanner

گناہوں کی مغفرت کے لیئے یہ وظیفہ بہت بہتر ہے، ان دونوں اسموں کی تاثیر جلالی ہے اس وظیفہ کو پڑھنے والا خواہ کتنا ہی گنہگار کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ اپنی اسی پکار کے سبب اُسے معاف کر دیتا ہے اور اسے دنیا میں حقیقی عزت عطا کرتا ہے اور دوسروں پر اس کی فوقیت کا سکہ جما دیتا ہے، اس کے پڑھنے کے مختلف طریقے اور فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ گناہوں کی بخشش

اس وظیفہ کو سوتے وقت روزانہ ۱۰۱ مرتبہ پڑھنے سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور اگر کوئی دن بھر میں بلا ارادہ گناہ ہو گیا ہو تو بھی اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے، اس لیئے ہر شخص کو چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنالے یاد رکھیئے کہ گناہوں کی بخشش کے لیئے اللہ کے حضور ہمیشہ استغفار کرتے رہنا ضروری ہے اور یہ وظیفہ استغفار کے لیئے مختصر ہونے کے باوجود بہت ہی مؤثر ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ ہر ایک کو یہ وظیفہ پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

۲۔ تنگی روزی اور پریشانی کا حل

اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو گناہوں کا احساس دلانے کے لیئے ان کی روزی تنگ کر دیتا ہے یا بُرے اعمال کی بنا پر پریشانی آجائے تو اس صورت میں استغفار کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہوتا ہے لہٰذا اگر کوئی شخص اپنی برائیوں اور بدکاریوں کی بنا پر مفلوک الحال اور پریشان ہو گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو اعتکاف میں بیٹھ کر پڑھے اور اللہ سے معافی مانگے بلکہ سچے دل سے توبہ کرے انشاء اللہ، اللہ کے حضور اس کی توبہ قبول ہو گی اور اس کی تنگی دور ہو گی، اس کی پریشانی ختم ہو جائے گی اور وہ خوشحال ہو جائے گا مگر شرط یہ ہے کہ آئندہ گناہوں سے بچنے کی کوشش میں رہے، اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے اور اس وظیفہ کے پڑھنے والے کو باعزت بھی کر دیتا ہے اور دشمن پر فتح اور غلبہ بھی حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ ذلت سے نجات:۔

جو شخص اس وظیفہ کو بیدار ہوتے وقت اور سوتے وقت ۱۰۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ ہمیشہ

ذلت سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص اسے بے آبرو یا ذلیل کرنے کی کوشش کرے تو وہ خود ہی ذلیل و خوار ہو جائے گا، لہٰذا جو شخص اس وظیفہ کو پڑھنے کا معمول بنا لے تو وہ ہمیشہ باعزت رہے گا، بیوی اور اولاد اس کی ہمیشہ تابعدار رہے گی، اسے کثرت سے پڑھنے سے مقدمہ وغیرہ میں بھی کامیابی حاصل ہو جاتی ہے، لہٰذا ہر تاریخ پر اسے تین ہزار مرتبہ پڑھنا کامیابی کا باعث بنتا ہے۔

فیوض و برکات کے مؤثر وظائف

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اے زندہ اور قائم

یہ وظیفہ اسم اعظم ہے اور اسے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ زندگی کے ہر کام میں قائم و دائم کرتا ہے، ہر بگڑی ہوئی چیز سنورتی چلی جاتی ہے، اسے پڑھنے سے تندرستی، اضافہ رزق، شرعی حدود کے اندر رہ کے جائز خواہشات کا پورا ہونا، مشکل سے مشکل رکاوٹ کا دور ہونا، زبان کا صدیق ہو جانا اور گوناگوں فیوض و برکات حاصل ہوتی ہیں، اس وظیفہ کو پڑھنے کے مختلف طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ عام فیوض و برکات گیارہ سو مرتبہ روزانہ معمول بنا لینے سے اس کے فیوض و برکات ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ جوں جوں وظیفہ میں کثرت ہوتی جائے گی فیوض و برکات بڑھتے جائیں گے۔ اعتکاف میں اس وظیفہ کو ہر وقت پڑھتے رہیں، بے پناہ فوائد حاصل ہوں گے۔

۲۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کے مؤکل جو شخص اس وظیفہ کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفے کو ۲ ہزار مرتبہ روزانہ ایک سو بیس دن تک پڑھے، پڑھائی شروع کرنے سے پہلے اپنے گرد حصار قائم کرے، پاکیزہ چیزیں کھائے

اور اس عرصہ کے دوران بیوی کے پاس نہ جائے، کچھ دنوں کے بعد جیسے جیسے پڑھائی کی تعداد میں اضافہ ہوگا تو وہ اپنے ارد گرد باہر کی چیزوں کے آنے کے اثرات محسوس کرے گا، آنکھوں سے اسے وہ چیزیں نظر نہیں آئیں گی مگر وظیفہ مکمل ہونے پر وہ دو قوی ہیکل موکلوں کو دیکھے گا جو بڑے بڑے لشکروں کے انچارج ہیں وہ اس کے تابع ہو جائیں گے اور وہ پڑھنے والے کو اس تعداد بتائیں گے کہ جب وہ پڑھے گا تو وہ موکل آجایا کریں گے اور جس کام کے بارے میں وہاں سے کوئی بات دریافت کرے گا تو وہ اسے بتا دیا کریں گے۔

۳۔ ہر بیماری کا علاج اگر کسی شخص کو شدید قسم کی بیماری لاحق ہو تو اسے چاہیئے کہ دن رات اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اس وظیفہ کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ اگر اس کے مقدر میں جینا لکھا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسکی صحت یابی کے اسباب پیدا کر دے گا، اور اگر اسکی مزید زندگی نہ ہوگی تو اللہ تعالیٰ اسے آسانی کے ساتھ پردہ پوشی کر دے گا، اگر بیمار خود اس وظیفہ کو نہ پڑھ سکتا ہو تو اس کا کوئی خیر خواہ گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی دم کر کے اسے گیارہ روز تک پلائے، انشاء اللہ اللہ تعالیٰ اسکی بیماری کی مشکل حل کر دے گا۔

شانِ قیومیت کے وظائف

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ قائم ہے

یہ وظیفہ جلالی اور جمالی دونوں قسم کے الفاظ پر مبنی ہے اکثر عاملین اور کاملین نے اسے اسم اعظم قرار دیا ہے یہ ایک ایسا وظیفہ ہے کہ اس کے پڑھنے سے ہر نعمت حاصل ہو جاتی ہے۔ ہر بگڑا کام سیدھا ہو جاتا ہے، اس کے چند فوائد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ دین و دنیا میں راحت پورے اعتکاف میں اس وظیفہ کو پڑھتے رہنے سے اللہ تعالیٰ بندے پر مہربان ہو جاتا ہے اسکی دنیا و آخرت سنوار دیتا ہے وہ دونوں جہاں یعنی اس دنیا اور آخرت کی دنیا میں سکون و قرار پائے گا یہ ایسا وظیفہ ہے کہ اللہ اپنے بندے پر راضی ہو جاتا ہے اور اگر کوئی نادانستہ طور پر گناہ سرزد ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسکو معاف کر دیتا ہے۔

۲۔ پڑھنے والے کی ہر دعا قبول ہوگی یہ وظیفہ اتنا موثر ہے کہ اگر کوئی شخص اسے صبح شام کثرت سے پڑھنا شروع کر دے تو کچھ عرصہ کے بعد وہ مستجاب الدعوات ہو جائیگا یعنی اس کی ہر دعا قبول ہونے لگتی ہے بشرطیکہ اس کی دعا کا مقصد شریعت کے خلاف نہ ہو حضورؐ کا فرمان ہے کہ جو دعا اسم اعظم پڑھنے کے بعد مانگی جائے وہ لازماً قبول ہوگی، اس آیت میں اسم اعظم ہے اس لیئے دعا قبول ہونا لازم ہے۔

۳۔ دنیاوی عزت و دولت جو شخص دنیاوی عزت و دولت کا خواہشمند ہو تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو ۳۳۳۳ مرتبہ صبح یا شام پڑھے اور تین سال تک اس عمل کو جاری رکھے، انشاءاللہ جوں جوں وظیفہ کی تعداد میں اضافہ ہوگا اس کو عزت و دولت ملنی شروع ہو جائے گی، اس وظیفہ کو تین سو مرتبہ پڑھنے سے سکونِ قلب نصیب ہوتا ہے۔

۴۔ ہر کام کی کنجی یہ وظیفہ حقیقت میں مشکل سے مشکل کام کی کنجی ہے، اگر کسی شخص کو کوئی مشکل یا ضرورت درپیش ہو تو اسے چاہیئے کہ چند آدمی اکٹھے کرے اور اسے مل کر سوا لاکھ مرتبہ پڑھے اور اسی طرح سات روز تک جاری رکھے انشاءاللہ، اللہ کی رحمت سے اس کا مسئلہ فوراً حل ہو جائیگا۔ ہر نماز کے بعد چند بار اس کا پڑھ لینا یا ایک تسبیح پڑھ لینا بہت بہتر ہے، اس سے گھر بار میں برکت رہے گی۔

Scanned by CamScanner

۵۔ روحانی اسرار کا حصول

اس وظیفہ کا ایک کمال یہ بھی ہے کہ جو شخص اسے رمضان المبارک میں دن رات میں ۱۲ ہزار مرتبہ پڑھے اور سات سال تک ایسا ہی کرے تو انشاءاللہ اسے روحانی اسرار حاصل ہوں گے اس کو سچے خواب آنے شروع ہو جائیں گے اگر پیچھے مرشد کی توجہ ہو تو اس کا باطن کھل جائے گا اور وہ صاحب کشف بن جائیگا، خدا کی پوشیدہ مخلوقات اور عجائبات کا اس کو مشاہدہ ہونا شروع ہو جائے گا اگر اس وظیفہ پر بہت کثرت ہو جائے یعنی کروڑوں میں پہنچ جائے تو اللہ کی رحمت سے مالامال ہو جاتا ہے۔ اور وہ چشم لعان میں تحت الثریٰ سے عرش معلیٰ تک کا مشاہدہ کر لیتا ہے، حتیٰ کہ اللہ اس سے راضی ہو جاتا ہے۔

خیر و برکت و سلامتی کے وظائف

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

رب کے قول میں سلامتی اور رحمت ہے

یہ آیت سورہ یٰسین کامل ہے اور خواص کے لحاظ سے بہت مفید اور مجرب ہے، سلامتی روزگار اور اللہ کی رحمت کے حصول کے لیے یہ وظیفہ بہت ہی مؤثر ہے، اس وظیفہ کو پڑھنے والا ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہتا ہے، تندرست اور باعزت رہتا ہے، جس چیز کی جائز خواہش کرتا ہے اللہ پوری کر دیتا ہے، اسے روزانہ پڑھنے والا ہمیشہ صاحب ایمان مرتا ہے، مخلوق خدا میں ہمیشہ باعزت رہتا ہے، حتیٰ کہ دشمن تک بھی اس کے گرویدہ ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی مشکل درپیش آجائے تو اسے پڑھنے سے دور ہو جاتی ہے اسے پڑھنے کے چند طریقے حسب ذیل ہیں

ا۔ خاتمہ بالخیر

بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء اسے روزانہ تاحیات کثرت سے پڑھنا خاتمہ بالخیر کا ذریعہ بنتا ہے، اور اس کا انجام بخیر ہوتا ہے، عالم سکرات، قبر اور پل صراط کی منزلیں اس پر آسان ہو جاتی ہیں، قبر میں ہمیشہ راحت میسر آتی ہے، عبادت میں رغبت

Scanned by CamScanner

پیدا ہوتی ہے۔ اس وظیفہ کا سب سے بڑا فائدہ تو سکون قلب ہے کیونکہ جو اسے ہر نماز کے بعد چند مرتبہ پڑھے اسے بہت سکون میسر رہتا ہے۔

۲۔ امن اور سلامتی

جس گھر یا مقام پر جھگڑا رہتا ہو یا میاں بیوی میں سلوک اتفاق نہ رہتا ہو، ذرا ذرا سی بات پر لڑائی جھگڑے کی نوبت پہنچتی ہو تو اس صورت میں اس وظیفہ کو ۱۱۱ مرتبہ روزانہ ۷ دن تک پڑھنے سے سکون پیدا ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑا ختم ہوتا ہے ایسے ہی اگر ساس بہو میں جھگڑا رہتا ہو تو اسے چالیس یوم تک روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے سے پیار اور محبت کی فضا قائم ہوتی ہے، لڑائی جھگڑا ختم ہو جاتا ہے۔ جو ایسے ہی اسے سوتے اور اٹھتے وقت چند بار پڑھ لینے کا معمول بنا لینے سے ہر قسم پریشانیوں سے نجات رہتی ہے

۳۔ قضائے حاجت

کسی خاص مقصد کی تکمیل کو اسے پڑھنا حاجت پوری ہونے کا ذریعہ بنتا ہے۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ اگر کسی کو کوئی خاص حاجت درپیش ہو تو اسے چاہیے کہ تہجد کے وقت اپنے گھر میں کسی علیحدہ جگہ پر پاک بستر پر دو رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد کھڑے ہو کر اس وظیفہ کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے انشاءاللہ اس کی حاجت پوری ہوگی

۴۔ شفائے امراض

شفائے امراض کے لیے بھی یہ عمل بہت مؤثر ہے۔ اس لیے اگر کوئی شخص اکثر بیمار رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ اسے روزانہ ۱۶۰ مرتبہ پڑھنا شروع کر دے اور خدا پر شفا کا اعتبار رکھے۔ انشاءاللہ اللہ تعالیٰ اسے صحت یاب کر دے گا۔ ایسے ہی اگر کوئی مریض شدید مرض میں مبتلا ہو تو اس کے لواحقین کو چاہیے کہ مریض کے سرہانے بیٹھ کر تسبیح پر اس طرح یہ وظیفہ پڑھیں کہ تسبیح مریض کے سر سے مس ہوتی رہے اور سات سو کی تعداد پوری کریں۔ پھر اس تسبیح کو مریض کے تکیے کے نیچے رکھ دیں۔ دوسرے دن پھر اسی طرح پڑھیں حتیٰ کہ سات روز تک یہی عمل کریں۔ انشاءاللہ مرض جاتا رہے گا اگر ایسا نہ ہوا تو پھر فاتحہ بالخیر ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

۵۔ دوسروں کا مہربان ہونا

اس وظیفہ کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے بلاناغہ ۸۱۹ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے، دوسرے لوگ اس پر مہربان ہونے لگتے ہیں، ہر امیر و غریب اسے پسند کرتا ہے یعنی اس وظیفہ میں تسخیر خلق کی تاثیر بھی بہت زیادہ ہے، ایک بزرگ کا قول ہے کہ اس اسم کا ذاکر بوجہ علم وسخا مشہور ہو جاتا ہے اور شہر بشہر عوام و خواص اس کی مدح کرنے لگتے ہیں۔ لہذا ایسا عامل جو تسخیر خلق کی سوچ رکھتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس آیت کا عمل کرے "اس آیت کو روزانہ ۶۲۵ مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک اس کی پڑھائی جاری رکھے اس کے بعد وہ شخص اس کا عامل بن جائیگا اور لوگ اس کی طرف رجوع کرنے لگیں گے۔

۶۔ اعتکاف کا خصوصی وظیفہ

یہ اعتکاف کا خاص وظیفہ ہے اسے اعتکاف میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے سے ہر قسم کی سلامتی حاصل ہوگی، سکون قلب میسر آئے گا، دل کی آس پوری ہوگی اگر لڑائی جھگڑا ہوتا ہو تو وہ ختم ہو جائیگا۔ اگر کسی قسم کا کوئی مرض ہو تو صحت بحالی حاصل ہوگی۔ گویا کہ دینی اور دنیوی لحاظ سے ہر قسم کے فوائد حاصل ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ	احمد	حَامِدٌ	مَحْمُودٌ	قَاسِمٌ
تعریف والا	سب سے زیادہ حمد کرنیوالا	سراہنے والا	سراہا گیا	بانٹنے والا
عَاقِبٌ	فَاتِحٌ	خَاتِمٌ	حَاشِرٌ	مَاحٍ
پیچھے آنے والا	کھولنے والا	ختم کرنے والا	اٹھانے والا	محو کرنے والا
دَاعٍ	سِرَاجٌ	رَشِيدٌ	مُنِيرٌ	بَشِيرٌ
بلانے والا	چراغ	نیک	نور والا	خوشخبری دینے والا
نَذِيرٌ	هَادٍ	مُهْدٍ	رَسُولٌ	نَبِيٌّ
ڈرانے والا	ہادی	ہدایت والا	رسول	نبی
طٰهٰ	يٰسٓ	مُزَّمِّلٌ	مُدَّثِّرٌ	شَفِيعٌ
طٰہٰ	یٰسین	کملی والے	چادر اوڑھنے والے	شفاعت والا
خَلِيلٌ	كَلِيمٌ	حَبِيبٌ	مُصْطَفٰى	مُرْتَضٰى
دوستِ جاں	کلام کرنے والا	دوست	چھنا ہوا	برگزیدہ
مُجْتَبٰى	مُخْتَارٌ	نَاصِرٌ	مَنْصُورٌ	قَائِمٌ
چھانٹا ہوا	پسندیدہ	مدد دینے والا	مدد دیا گیا	تمام
حَافِظٌ	شَهِيدٌ	عَادِلٌ	حَكِيمٌ	نُورٌ
حافظ	گواہ	عدل والا	حکمت والا	نور

حُجَّةٌ	بُرْهَانٌ	اَبْطَحِيٌّ	مُؤْمِنٌ	مُطِيْعٌ
دلیل	حجت	ابطح والا	ایمان والا	تابعدار
مُذَكِّرٌ	وَاعِظٌ	اَمِيْنٌ	مَدَنِيٌّ	عَرَبِيٌّ
نصیحت کرنے والا	واعظ	امانت دار	مدینے والا	عرب والا
هَاشِمِيٌّ	تِهَامِيٌّ	حِجَازِيٌّ	نِزَارِيٌّ	قُرَيْشِيٌّ
ہاشمی	تہامی	حجاز والا	حضرت نزار کی اولاد سے	قریشی
مُضَرِيٌّ	اُمِّيٌّ	عَزِيْزٌ	حَرِيْصٌ	رَءُوْفٌ
مضر والا	اَن پڑھ	غالب	حرص کرنے والا لوگوں کے ایمان کے لیے	نرم دل
رَحِيْمٌ	يَتِيْمٌ	غَنِيٌّ	جَوَادٌ	فَتَّاحٌ
رحم والا	یتیم	بے پرواہ	سخی	فتح کرنے والا
عَالِمٌ	طَيِّبٌ	طَاهِرٌ	مُطَهِّرٌ	خَطِيْبٌ
جاننے والا	پاک	پاک کرنے والا	پاکیزہ	واعظ
فَصِيْحٌ	سَيِّدٌ	مُنْتَقِيٌّ	اِمَامٌ	بَارٌّ
عمدہ بیان والا	سردار	پاک کرنے والا	پیشوا	نیک
شَافٍ	مُتَوَسِّطٌ	سَابِقٌ	مُتَصَدِّقٌ	مُهْدِيٌّ
شفا دینے والا	متوسط	آگے جانے والا	صدقہ دہندہ	ہدایت والا
حَقٌّ	مُبِيْنٌ	اَوَّلٌ	اٰخِرٌ	ظَاهِرٌ
سچا	ظاہر	اوّل	پچھلا	ظاہر

Scanned by CamScanner

بَاطِنٌ رَحْمَةٌ مُحَلِّلٌ مُحَرِّمٌ اٰمِرٌ

چھپا رحمت حلال کرنے والا حرام کرنے والا حکم دینے والا

صَادِقٌ مُصَدِّقٌ نَاطِقٌ صَاحِبٌ مَكِّيٌّ

سچا سچ بولنے والا بولنے والا صاحب مکے والا

نَاهٍ شَكُوْرٌ قَرِيْبٌ مُنِيْبٌ مُبَلِّغٌ

منع کرنے والا شکر گذار قریب رجوع کرنے والا پہنچانے والا

طٰسٓ حٰمٓ حَبِيْبٌ اَوْلٰى وَصَلَّى

طس حم محبوب بہتر اور رحمت اللہ

اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى رَسُوْلِ خَيْرِ خَلْقِهٖ

تعالیٰ کی اوپر رسول بہترین خلقت اس کی کے سردار ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اور مولا ہمارے محمد جو امی نبی ہیں

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

اور آل ان کے اور اصحاب ان کے کے اور ازواج مطہرات ان کی کے اور اولاد

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَجْمَعِيْنَ

ان کی کے اور اہل بیت ان کی کے برکتیں اور رحمتیں سب پر بھیج اے سب

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

سے زیادہ رحمتیں نازل فرمانے والے تو ہی رحمتوں کا نازل کرنے والا ہے۔

اَسْمَاءُ الْحُسْنٰی

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

وہ ذات پاک اللہ ہے نہیں کوئی معبود سوا وہ بہت رحم کرنے والا ہے (بڑا ہے تو اس کا)

الرَّحِیْمُ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

مہربان بادشاہ پاک سلامت رکھنے والا امن دینے والا

الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ الْخَالِقُ

نگہبان غالب نقصان کو پورا کرنے والا بڑائی والا پیدا کرنے والا

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ

عالم کا بنانے والا صورت بنانے والا بخشنے والا زبردست بخشنے والا

الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ

رزق دینے والا کھولنے والا جاننے والا بند کرنے والا کھولنے والا

الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِیْعُ

پست کرنے والا بلند کرنے والا عزت دینے والا خوار کرنے والا سننے والا

الْبَصِیْرُ الْحَکَمُ الْعَدْلُ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ

دیکھنے والا حاکم عدل کرنے والا باریک بین خبردار

الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ الْعَلِیُّ

بردبار بزرگ بخشنے والا شکر پسند بلند

Scanned by CamScanner

الکبیر	الحفیظ	المقیت	الحسیب	الجلیل
بڑا	نگہبان	قوت دینے والا	کافی	بزرگ
الکریم	الرقیب	المجیب	الواسع	الحکیم
سخی	نگہبان	قبول کرنے والا	فراخی دینے والا	حکمت والا
الودود	المجید	الباعث	الشہید	الحق
دوست بڑا	بزرگ	اٹھانے والا	گواہ	سچا
الوکیل	القوی	المتین	الولی	الحمید
کارساز	طاقت والا	مضبوط	دوست	قابل تعریف
المحصی	المبدئ	المعید	المحیی	الممیت
گھیرنے والا	پہلے پیدا کرنے والا	دوبارہ پیدا کرنے والا	زندہ کرنے والا	مارنے والا
الحی	القیوم	الواجد	الماجد	الواحد
زندہ	ہمیشہ رہنے والا	پانے والا	بزرگی والا	ایک
الاحد	الصمد	القادر	المقتدر	المقدم
اکیلا	بے نیاز	قدرت والا	صاحب قدرت کا	پہلا
المؤخر	الاول	الآخر	الظاہر	الباطن
پچھلا	اول	آخر	آشکارا	پوشیدہ
الوالی	المتعالی	البر	التواب	المنعم
کارساز	برتر	احسان کرنے والا	توبہ قبول کرنے والا	انعام دینے والا

Scanned by CamScanner

الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ

بدلہ لینے والا معاف کرنے والا بہت مہربان مالک ملک کا

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ الرَّبُّ الْمُقْسِطُ

صاحب بزرگی اور بخشش کا پالنے والا عدل کرنے والا

الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِی الْمُعْطِی الْمَانِعُ

جمع کرنے والا بے پرواہ دولتمند کرنے والا دینے والا منع کرنے والا

الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِی الْبَدِیْعُ

ضرر دینے والا نفع دینے والا روشنی والا راہ دکھانے والا نیا پیدا کرنے والا

الْبَاقِی الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ الَّذِی

ہمیشہ رہنے والا مالک رہنما بڑا تحمل والا وہ ذات کہ

لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

نہیں اس کی مانند کوئی اور وہ ہے سننے والا دیکھنے والا

غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰی

تیری بخشش چاہیئے اے رب ہمارے اور تیری طرف رجوع ہے کیا خوب مولیٰ ہے

وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ عَلِیْمٌ

اور کیا خوب مددگار سننے والا دیکھنے والا جاننے والا

قَدِیْرٌ مُرِیْدٌ مُتَکَلِّمٌ

قدرت والا ارادے والا کلام کرنے والا

Scanned by CamScanner

خواص اسماء الحسنیٰ

یا اللہ

اللہ

یہ اسم مبارک اسم ذات ہے، ذات واجب الوجود معبود حقیقی کا نام ہے، یہ نام کسی بھی طور پر حقیقتاً یا مجازاً کسی کے لیے بھی نہیں بولا جا سکتا۔ اسی لیے اس کو اسم اعظم بھی کہتے ہیں یہ نام جہاں دونوں جہاں کی مرادیں پوری کرتا ہے، وہاں اس میں بہت خوبیاں ہیں، جن کو صفحات کی کمی کے سبب ہم تفصیلاً تو نہیں دے سکتے پھر بھی آپ کے فائدہ کے لیے بہت کچھ ہے۔

۱۔ جو آدمی حلال کی روزی کمائے پانچوں وقت کی نماز پڑھے اور قبلہ رخ بیٹھ کر پانچ ہزار مرتبہ اس کا ورد کرے، تھوڑی مدت میں حضور پر نور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کرے گا۔

مزید یہ کہ اس کے نصیب میں ہوا تو رب العزت کی زیارت سے بھی شرفیاب ہو گا۔

۲۔ نماز کے بعد ایک سو بار پڑھنا بزرگی و اعلیٰ منصبی کا باعث بنتا ہے۔

۳۔ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے یقین و عرفان بڑھتا ہے۔

۴۔ کوئی بھی مسلمان خوب صورت انداز سے اللہ کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھے، دن یا رات میں کسی وقت وضو کر کے ادب سے قبلہ رو بیٹھ کر انتہائی محبت، عقیدت اور خلوص کے ساتھ کثرت سے پڑھے تو ان شاء اللہ پوری زندگی کسی بے چینی اور کمزوریٔ دل کا شکار نہ ہو گا، مزید یہ کہ دنیا کے کسی ظالم، بے ایمان اور ستم گر سے وہ شخص ڈرے گا نہیں۔

۵۔ کوئی بھی شخص اپنے گھر میں اونچی تین جگہوں پر یا اللہ لکھے تو اس کے نتیجے میں وہ کسی چیز کے نیچے دبے گا نہیں، اور نہ ہی اس مکان کے اندر کسی حادثہ کی شکل میں موت واقع ہو گی۔

۶۔ جو شخص اللہ کے نام کو بڑے حرفوں میں لکھے اور الف، کو کاٹ کر سیدھے ہاتھ

Scanned by CamScanner

پر پابند رہے اور باقی کے الفاظ بال بچوں میں بطورِ امانت رکھ کر سفر کرے تو انشاء اللہ صحیح و سلامت
واپس گھر آئے گا، اور گھر میں ہر طرح کی خوشی و سلامتی دیکھے گا۔
اسی طرح اللہ کے نام کی بہت سی صفتیں ہیں، جن کو بیان کرنا ممکن ہی نہیں، یعنی جس
قدر بھی بیان کیا جائے کم ہے۔

۱۔ یَا رَحْمٰنُ (نہایت مہربانی فرمانے والا) اَلرَّحْمٰنُ

یہ اسمِ مبارک جمالی ہے، اس نام کی خاص خوبیاں یہ ہیں کہ انسان کسی بھی مذہب سے
تعلق رکھتا ہو، یعنی خدا کا کوئی دوست ہو یا دشمن، مسلم ہو یا غیر مسلم، زمین ہو یا پتھر وہ سب پر اپنی
رحمتوں کا نزول کرنے والا ہے، مزید اس کی تاثیریں مندرجہ ذیل ہیں۔
۱۔ جو شخص فرائض کے بعد یا رحمٰن کا وظیفہ پڑھے تو اس کا دل بے حد نرم ہو جائے گا اور
غفلت و بھول دور ہو جائے گی۔
۲۔ کوئی شخص فجر کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے ۲۹۸ مرتبہ یا رحمٰن پڑھے اور پانی پر دم کر
دے پھر کسی درد سر یا اپنی دکھتی ہوئی آنکھ پر سلائی کے ذریعہ اسی سلائی کو دم کئے ہوئے پانی میں
تر کر کے لگائے تو انشاء اللہ شفا ہوگی۔
۳۔ فجر کی سنتیں اور نماز فجر کے درمیان کوئی بھی آدمی ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ یا اللہ یا رحمٰن
کسی بیمار کے سرہانے کھڑا ہو کر پڑھے گا تو وہ کتنا ہی بیمار ہو، تندرست ہو جائے گا اور اگر جو
موت ہی قسمت میں ہو گی تو وہ شخص آسانی اور سکون کے ساتھ مرے گا۔

۲۔ یَا رَحِیْمُ (نہایت ہی مہربان، دنیا و آخرت دونوں جہان میں رحم کرنے والا) اَلرَّحِیْمُ

یہ اسمِ مبارک جمالی ہے، اس نام کی خصوصیت یہ ہے کہ کوئی بھی کافر عقیدت
سے یا رحیم کا وظیفہ پڑھے گا تو انشاء اللہ مسلمان ہو جائے گا، اور کوئی بھی مسلمان اس کو ایک ہزار

مرتبہ پڑھے گا تو ایمان اور سلامتی کے ساتھ مرے گا۔ مزید تاثیرات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ فجر کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ یارحیم دھیان کے ساتھ پڑھنے پر پوری دنیا مہربان ہو گی، جو شخص بھی سامنے آئے گا مہربان ہو جائیگا۔

۲۔ جو کوئی یارحمٰن یارحیم یعنی دونوں ناموں کو ساتھ ملا کر ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسکے مزاج سے غفلت اور بھول چوک دور کر دے گا اس کا ورد کرنے والے کے دل میں نماز کی محبت پیدا ہو گی۔

۴۔ یَامَلِکُ اَلْمَلِکُ

(بادشاہِ حقیقی یعنی تمام کائنات کا سچا مالک اور ہمیشہ قائم و دائم رہنے والا ہر چیز ہر وقت اسکے قبضے میں ہے وہ سب سے بے پرواہ ہے اور سب ہی اسکے محتاج ہیں)

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس کی تاثیر مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اس وظیفے کو پڑھنے والا اللہ کے سوا اور کسی سے اپنی حاجت بیان نہیں کریگا اور اسکی حاجت بھی سوائے اللہ کی ذات کے اور کوئی پوری کرنے والا نہیں۔

۲۔ جو کوئی یہ مبارک نام تین ہزار مرتبہ پڑھے گا تو دنیا والوں کی نظر میں عزت دار اور ایمان دار رہے گا، علاوہ ازیں علمدار یعنی افسر، حاکم وغیرہ اسکی بات دھیان سے سنے گا، مزید یہ کہ ظالم شخص اس کے سامنے سختی سے نہیں بول سکے گا۔

۳۔ کوئی بھی آدمی یامالک الملک، دس ہزار مرتبہ پڑھے گا تو اسکی کھوئی ہوئی چیز مل جائے گی، یا پھر دل کو صبر و سکون مل جائیگا۔

۴۔ کوئی بھی شخص کسی مقدمے کی وجہ سے بہت بے چین ہو یا اس کو کسی دشمن کا ڈر ہو تو ایک ہزار بار یامالک الملک تین دن تک لگاتار پڑھے تو انشاء اللہ مقدمے میں فتح یاب ہو گا اور دشمن خوار ہو گا۔

۵۔ روزانہ کسی بھی وقت ۹۰ بار پڑھنے سے ضمیر روشن ہو، مالدار اور حاکم وقت کی نگاہ میں عزت ہو۔

۴۔ یَاقُدُّوسُ (تمام برائیوں اور عیبوں سے پاک) اَلقُدُّوسُ

یہ اسم مُبارک جمالی ہے اس کا ورد کرنیوالا شخص زنا، بطرواگیری، چوری، شراب وغیرہ وغیرہ تمام عیبوں سے پاک ہو کر فرشتوں جیسا بن جائیگا۔ اس نام کی بہت سی خوبیاں ہیں جو ترتیب وار درج کی جا رہی ہیں۔

۱۔ کوئی بھی شخص زوال کے وقت ہر روز سو مرتبہ پڑھے تو اس کا دل بُرائی، کینہ پروری، عداوت سے پاک ہو جائیگا اور تھوڑے ہی عرصے میں اس کے دل میں نور پیدا ہو جائیگا۔

۲۔ کسی بھی شخص کی بیوی حاملہ ہو اور بچہ ہونے میں دیر ہو تو ہر روز اکتالیس بار یاقدوس پڑھ کر پانی پر دم کرے اور حاملہ عورت کو پلائے تو نیک صفت اور پاک ماں باپ کا فرماں بردار بچہ پیدا ہوگا۔

۳۔ جو کوئی آدمی یاملک القدوس فجر اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے گا تو کبھی بھی انشاء اللہ بواسیر یا ناسور جیسی خطرناک بیماری نہیں ہوگی اور پوشیدہ جگہوں کی کوئی بیماری اس کو نہیں لگے گی، یہ تجربہ ایک حقیقت ہے۔

۴۔ جو کوئی یاملک القدوس ایک ہزار بار اندھیرے میں پڑھے گا اگر وہ کسی مملکت کا بادشاہ ہوا تو اسکی مملکت میں وسعت ہوگی، اگر صاحب جائیداد یا زمین دار ہوا تو اس کی جائیداد اور زمین ہمیشہ اس کی رہے گی اگر کسی عہدے پر ہوا تو وہ اس عہدے پر قائم رہے گا اور اس کو عزت ملے گی، اگر اس کی کسی سے دشمنی ہے تو دشمن ذلیل وخوار ہوگا۔

۵۔ اگر کسی کو سفر میں جان ومال کا خطرہ ہو، یاملک القدوس جتنی کثرت سے پڑھ سکتا ہو پڑھے تو اس کے نتیجہ سے انشاء اللہ خطرہ دور ہو جائیگا اور صحیح وسلامت منزل پر پہنچ جائے گا۔

۶۔ اس کو یاملک کے ساتھ یعنی یَا مَلِکُ الْقُدُّوْسُ جمعہ کی نماز کے بعد روٹی پر دم کر کے کھانے

سے فرشتوں جیسی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

۸۔ بھاگنے کے وقت پناہ کے لیے مفید ہے۔

۹۔ مٹھائی پر ۳۱۹ بار پڑھ کر دم کر کے دشمن کو کھلانے سے دشمنی دور ہو جاتی ہے۔

۵۔ یَاسَلَامُ (سلامتی والا، تمام عیبوں سے پاک) اَلسَّلَامُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کو پڑھنے والا رحم دل ہوگا، اگر وہ کسی بیمار کو دیکھے گا تو اس کے دل میں خود بخود رحم پیدا ہوگا اور اس کی تندرستی کے لیے دعا کرنے کی کوشش کرے گا، اس کی خوبیاں یہ ہیں۔

۱۔ کوئی بھی شخص تین ہزار بار اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یَاسَلَامُ، تین دن تک کسی بیمار کے لیے پڑھے تو اس کو بہت جلد صحت یابی ہوگی، یا پھر بیمار کا آسانی کے ساتھ خاتمہ ہوگا۔

۲۔ جس کسی عورت کا بچہ بچپن ہی میں بیمار ہو کر مر جاتا ہو تو وہ عورت بچے کو دودھ پلانے کے دوران ہر روز تین بار، سلام من رب الرحیم روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھا لیا کرے تو اللہ کے فضل و کرم سے بچہ بیمار نہیں ہوگا۔

۳۔ اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو وہ عورت بھی دورانِ حمل مندرجہ بالا طریقے کے مطابق عمل کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا یہ روگ جاتا رہے گا۔

۴۔ بیمار کے پاس قبلہ رو بیٹھ کر پہلے درود شریف پڑھیں پھر اس کو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر بیمار پر دم کر دیں، انشاء اللہ بیماری دور ہو جائے گی۔

۵۔ اس کو ہمیشہ پڑھتے رہنا خوف سے بے نیاز بنا دیتا ہے۔

۶ یَامُؤمِنُ (امن دینے والا) اَلْمُؤْمِنُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا امن پسند ہوگا۔

Scanned by CamScanner

ہر قسم کے جھگڑے فساد حتیٰ کہ بُرے ساتھیوں سے بھی بچنے کی کوشش کریگا اس نام کے اوصاف مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ جو شخص بھی اس مبارک نام کو ایک ہزار ایک مرتبہ لکھ کر یا تعویذ بنا کر رکھے گا تو شیطانی فتنہ انگیزیوں سے اسکی حفاظت رہے گی، اور کوئی دشمن اس پر قابو نہیں پائے گا۔

۲۔ جو کوئی اس مبارک نام کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا تو سب لوگ تابعدار رہیں گے۔

۳۔ کوئی خاتون اس نام کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گی تو اس کے خاوند کی تمام برائیاں ختم ہو جائیں گی۔

۷۔ یَا مُهَيْمِنُ (بہت نگہبانی کرنے والا، نگراں) اَلْمُهَيْمِنُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اسکی تاثیر یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والے کا جان و مال محفوظ رہتا ہے۔

۱۔ جو کوئی بھی غسل کر کے قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے گا، تو اس کا نتیجہ اس کے سامنے آجائیگا، یہ عمل لگاتار تین دن تک کرے اور روزانہ ایسا کرے گا۔ تو دنیاوی آفتوں سے نجات پائیگا اگر کوئی فوجی محاذ جنگ پر ہو تو اس کے پڑھنے سے محفوظ رہے گا اور محاذ سے صحیح سلامت واپس آئے گا۔

۲۔ اس مبارک نام کو غسل کر کے روزانہ ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھا جائے تو جس شخص نے یہ عمل کیا اگر وہ سمندری سفر کر رہا ہو اور جہاز ڈوبنے لگے یا ٹوٹ جائے تو وہ صحیح سلامت کنارے تک واپس آجائیگا۔

۳۔ غسل کر کے اس نام کو ایک سو پندرہ بار پڑھنے سے کشف باطنی ہوتا ہے۔

۸۔ یَا عَزِیْزُ (بڑی عزت دینے والا، سب پر غالب) اَلْعَزِیْزُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس نام کو پڑھنے والا خود اپنی اور عزیزوں کی عزت و آبرو کا خیال رکھے گا، اس کے اوصاف مندرجہ ذیل ہیں۔

Scanned by CamScanner

۱۔ جو شخص فجر کی نماز کے بعد اکتالیس بار اس نام کو پڑھے گا کو کبھی بھی دنیا و آخرت میں کسی کا محتاج نہ ہوگا، رزق میں فراخی ہو جائے گی۔

۲۔ اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے گر گیا ہو یا اتار دیا گیا ہو یا نوکری سے برطرف کر دیا گیا ہو تو سات دن روزانہ غسل کر کے دو رکعت نفل نماز ادا کرنے کے بعد الحمد شریف اور سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ نماز میں پڑھے اور نماز ختم کر کے تین دن کھڑے رہ کر یا عزیز و تین ہزار مرتبہ پڑھے، چوتھے دن بیٹھ کر پانچ ہزار مرتبہ پڑھے پانچ پھر اور ساتویں دن سجدے میں جا کر کل تین سو بار یا عزیز و پڑھے، پھر دعا کرے تو انشاء اللہ اسکو وہی عہدہ حاصل ہو جائیگا۔

بلکہ اس سے بہتر غیب سے اس کی مدد ہوگی، گئی ہوئی عزت حاصل ہوگی۔

۳۔ اگر کوئی عورت جو اپنے خاوند کی نظر سے گر گئی ہو اس مبارک نام کا عمل پورا کرے گی تو خاوند کی نگاہ میں اس کو بہت زیادہ عزت حاصل ہو جائے گی، اس نام کی خاصیت غائبانہ اور ظاہرہ ہے۔

۹۔ یَا جَبَّارُ (بگڑے کاموں کو بنانے والا) اَلْجَبَّارُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس نام کو پڑھنے والا محتاجوں، فقیروں اور اپاہج لوگوں کی مدد کرے گا، اور کسی حکمران کا خوف نہیں کھائیگا اس نام کو کھدوا کر انگوٹھی کے نگینے میں پہنیں تو وہ لوگوں کی نگاہوں میں باوقار رہے گا، اور ظالموں کے شر سے امن ملے گا، مزید فوائد درج ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کسی شخص کے سر میں درد ہوتا ہے، سات مرتبہ یا جبار انگلی سے اسکی ماتھے پر لکھے اور پھر تین مرتبہ اس کے سر کو پکڑ کر یا جبار یا سلام سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دے تو انشاء اللہ کیسا ہی درد ہو اسکا وہ ختم ہو جائیگا۔ اگر آدھے سر کا درد ہو تو سورج نکلنے سے پہلے اسی طرح عمل کرنے پر اس کو جلد ہی شفا حاصل ہوگی۔

۲۔ اگر کوئی شخص پنجگانہ نماز میں یعنی ہر نماز کے بعد یا جبار ایک سو بار پڑھے گا تو لوگ اس

کی غیبت نہیں کریں گے، مزید اس کا دل مضبوط ہو جائے گا، کوئی ایسا صدمہ اس کو نہیں پہنچے گا جو اسے نڈھال کر دے اور اس کے علاوہ وہ نیکی کی طرف راغب ہو گا۔

۱۰۔ یَامُتَکَبِّرُ (بڑی بندگی والا، بہت ہی بڑا) اَلْمُتَکَبِّرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس کی خصوصیت یہ ہے،

۱۔ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے دس بار یامتکبر پڑھے تو حق تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے پرہیزگار و فرمانبردار فرزند عطا کرے گا۔

۲۔ جس شخص کو نیند نہ آتی ہو اس نام کو وہ اکیس مرتبہ پڑھ کر چپ چاپ سو جائے تو اس کو سکون کی نیند آئے گی اور وہ خوفناک خوابوں سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ کسی کام کے شروع میں کہنے سے مطلب برآری ہو گی۔

۱۱۔ یَاخَالِقُ (پیدا کرنے والا) اَلْخَالِقُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس نام کو پڑھنے والا اپنے غصہ پر قابو رکھے گا اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر لڑائی کے وقت کوئی انسان اس کو تین سو بار پڑھے تو اسکو دشمن پر فتح حاصل ہو گی۔

۲۔ اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو اسے چاہیئے کہ سات دن تک روزانہ سات ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر وظیفہ ختم کرنے کے بعد روزانہ سات دن تک پانی دم کر کے پیئے اور اس نام کو تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے تو اللہ کے فضل و کرم سے اس کو حمل رہ جائے گا، اور پھر بچہ پیدا ہونے کے بعد عورت گلے سے تعویذ نکال کر بچے کے گلے میں ڈالدے تو اللہ کے فضل و کرم سے بچے کی عمر بھی لمبی ہو گی۔

۳۔ رات کو اس نام کو ہمیشہ پڑھتے رہنے سے دل میں روشنی پیدا ہوتی ہے اور چہرے پر نور

Scanned by CamScanner

ظاہر ہوتا ہے، اور دین کے تمام کاموں میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔

۱۲۔ یَا بَارِئُ (بنانے والا موجود) اَلْبَارِئُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس بڑے نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا وظیفہ پابندی اوقات کے ساتھ کرنے والا آدمی نہ صرف درجِ انسانی پر برتری حاصل کرے گا، بلکہ یہ کہ وظیفہ پڑھنے والا بھی خود کو دوسروں کی نظروں میں برتر پائے گا، اس کے اوصاف یہ ہیں،

۱۔ اگر کوئی شخص بعد نماز جمعہ ایک سو بار اس اسم مبارک کو پڑھے گا تو اس کو قبر میں تنگ نہیں کیا جائے گا اور حق تعالیٰ اس انسان کو عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا، اور قبر باغیچہ جنت بن جائے گی۔

۲۔ اگر طبیب اسکو ہمیشہ پڑھتا رہے تو اس کے ہاتھ میں شفا ہو اور بیمار کو علاج موافق آئے۔

۱۳۔ یَا مُصَوِّرُ (صورت بنانے والا) اَلْمُصَوِّرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اسکے فوائد مندرجہ ذیل ہیں،

۱۔ کوئی بھی شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا تو خدا کی بڑائی اور اس کی قدرت پر اس کا ایمان بڑھتا جائیگا۔

۲۔ جو عورت بانجھ ہو وہ سات روزے رکھے اور افطار کے وقت یَا مُصَوِّرُ اکیس مرتبہ پڑھ کر اس کو پانی پر دم کرے پھر اسی پانی سے روزہ افطار کرے تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے فرزند عطا کرے گا۔

۳۔ اس کو ہمیشہ پڑھنے سے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔

۱۴۔ یَا غَفَّارُ (بڑی بخشش والا خوب معاف کرنے والا) اَلْغَفَّارُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ اسکو پڑھنے والا توبہ استغفار کا چاہنے

معرفت الٰہی کا عاشق ہو جائیگا اور گناہ کم کرنے لگے گا ۔ اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ کوئی بھی انسان بعد نماز جمعہ یَاغَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ ایک سو مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں میں شامل کرلے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص کسی مقدمے میں پھنسا ہوا ہو اور تصفیہ کرنا چاہتا ہو مگر اس کا مخالف نہ مانتا ہو تو ظہر کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کو تین ہزار بار پڑھے اور پھر دعا کرے تو انشاء اللہ اس کا اسی وقت مقصد حل ہو جائیگا اور دشمن خود اس سے اس بات کے لیئے التجا کرے گا۔

۱۵۔ یَاقَہَّارُ (بڑے قہر و غلبہ والا، سب پر غالب) یَاقَہَّارُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے ۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ کوئی بھی انسان اس کا ورد جاری رکھے گا تو نفس و شیطان پر فتح پائے گا ، دنیاوی محبت کم ہو جائے گی اور خدا کی محبت پیدا ہوگی اور خاتمہ بالخیر ہونے کے لیئے اسم اعظم کا اثر رکھتا ہے ۔ دیگر اس کے فوائد درج ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی دودھ پیتا بچہ دبلا یا سوکھا ہو گیا ہو تو آدھا کلو سرسوں کا تیل سامنے رکھ کر وضو کرنے کے بعد قبلہ رخ ہو کر ایک ہزار مرتبہ یَاقَہَّارُ پڑھے اور اس تیل پر دم کرے ، اس کے بعد اکیس روز تک روزانہ اس تیل سے بچے کے جسم پر مالش کرے تو انشاء اللہ بچہ جلد صحت یاب ہو جائیگا۔

۲۔ فجر کی سنتوں سے پہلے کوئی شخص ایک سو مرتبہ یَاقَہَّارُ گیارہ دن تک پڑھے گا تو دشمن اس سے آنکھ نہیں ملائے گا اور اگر سامنے آیا بھی تو نیچے دیکھے گا۔

۳۔ اگر کسی گھر میں جن یا آسیب وغیرہ ہے اور وہاں رہنے سے ڈر لگتا ہے تو ایک مٹی کا چراغ لے کر اس میں سات مختلف جگہوں پر یا قہار لکھ کر اس میں تیل بھر کر جلائیں اور گیارہ دن یہ چراغ جلائے رکھیں تو انشاء اللہ اس گھر میں نہ کوئی جن وغیرہ آئے گا نہ کوئی سانپ یا اور تکلیف دینے والا جانور پریشان کرے گا۔

غرض وہ تمام بلاؤں سے دور رہے گا ، مگر شرط یہ ہے کہ اس مکان میں کوئی تصویر یا صورت

Scanned by CamScanner

بت یا مٹی کے ایسے کھلونے جو کسی انسانی یا حیوانی شکل میں ہوں وہ نہ چاہئیں اگر ہوں گے تو ایسی صورت میں بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔

۴۔ ہر مشکل کام کے وقت ایک سو بار اس کو پڑھنے سے کام آسان ہو جاتے گا۔

۵۔ دشمن کو ذلیل کرنے کے لیے کسی نماز کے سنت و فرض کے درمیان سو بار پڑھو۔

۱۶ یَاوَہَّابُ (بلا عوض دینے والا، بڑا فیاض) اَلْوَھَّابُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کا ورد کرنے والا شخص بہت رحم دل اور نرم طبیعت ہوگا، اس کے فائدے مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ کوئی بھی شخص فاقہ کشی سے تنگ آگیا ہو اور اس کے پاس کوئی راستہ نہ ہو تو ہر روز اس اسم مبارک کو ایک ہزار بار فجر کی نماز کے بعد پڑھتا رہے، اللہ چاہے گا تو تھوڑی سی مدت میں اس کی مصیبت ٹل جائے گی۔

۲۔ اگر کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آئے تو وہ برابر آدھی رات کو مسجد میں یا گھر میں تین بار سجدہ کرے اور پھر سر اٹھا کر سو بار یَاوَھَّابُ پڑھے اور تین دن تک اس عمل کو جاری رکھے تو انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور اس کی مصیبت ٹل جائے گی۔

۳۔ چاشت کی نماز کے بعد سجدے کی آیت پڑھ کر سجدے میں جائیں اور سات بار یہ پڑھیں دنیا سے بے پروائی ہو جائے گی۔

۱۷۔ یَارَزَّاقُ (روزی دینے والا) اَلرَّزَّاقُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کا ورد کرنیوالا شخص کسی بھی انسان، حیوان کو بھوکا پیاسا نہیں دیکھ سکتا، خود بھوکا رہے گا مگر دوسروں کو کھانا کھلائے گا۔ اس کے فائدے مندرجہ ذیل ہیں۔

Scanned by CamScanner

۱۔ کوئی بھی شخص شادی ہونے کے بعد فجر کی نماز پڑھ کر اپنے گھر کے چاروں کونوں میں باری باری کھڑا ہو کر دس مرتبہ یَا رَزَّاقُ پڑھے اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے تو کبھی بھی اس کے گھر میں مفلسی نہیں آئے گی۔

یہ عمل سیدھے ہاتھ کے کونے سے شروع کرے منہ قبلہ کی جانب ہو۔

۲۔ اگر کسی آدمی کی نوکری چھوٹ جائے اور چاہے کہ مجھے نوکری پھر مل جائے تو اس کو چاہیئے کہ تین روزے رکھے اور فجر کی نماز کے بعد دس ہزار بار یَا رَزَّاقُ پڑھے۔ شروع اور آخر میں درود شریف پڑھے، اس جگہ پر یا اس سے بہتر جگہ پر اس کو نوکری مل جائے گی،

۳۔ چاشت کے وقت چار رکعتیں پڑھیں، آخری سجدے میں ایک سو چار مرتبہ اس اسم کو پڑھیں رزق میں فراخی ہوگی۔

۱۸۔ یَا فَتَّاحُ (رزق و رحمت کا در کھولنے والا) اَلْفَتَّاحُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کا ورد کرنے والا شخص دکھی لوگوں کے کام آتا ہے وہ دعا، دوا، زبان، عمل سے دوسروں کے دکھ دور کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے۔

۱۔ جو کوئی انسان کسی کی دشمنی سے قید یا مقدمے میں بے گناہ پھنس گیا ہو تو اس کے عزیز اکیس ہزار بار سات دن تک برابر اس اسم مبارک کو پڑھیں ان شاء اللہ جلدی اس کا چھٹکارا ہو جائے گا۔

۲۔ فجر کی نماز کے بعد سینے پر دونوں ہاتھ رکھ کر ستر بار اس نام کو پڑھیں دل کی سیاہی دور ہو جائے گی۔

۱۹۔ یَا عَلِیْمُ (خوب جاننے والا) اَلْعَلِیْمُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کا ورد کرنے والا شخص ہر کام میں سمجھ رکھے گا اور ہر کام

کے نتیجہ کو جان لے گا اس نام کا فائدہ یہ ہے۔

۱۔ اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ یہ کام اچھا ہے یا خراب تو جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں جا کر سو بار یا عَلِیْمُ پڑھے اور پھر خاموش ہو کر سو جائے تو اسی رات کو انشاء اللہ پورا پورا حال عیاں ہو جائیگا۔

۲۔ ہمیشہ کثرت سے پڑھتے رہنے سے معرفتِ خداوندی ہوتی ہے۔ ذاکر کے بعد سو بار پڑھنے سے یا عالم الغیب اہل کشف ہو جاتے ہیں۔

۲۰۔ یَاقَابِضُ (دل یا روزی تنگ کرنے والا قابو رکھنے والا) اَلْقَابِضُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کا ورد کرنے والا ہر گناہ سے بچتا ہے، اس کی خصوصیت یہ ہے۔

۱۔ جو کوئی شخص فجر اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس بار یَاقَابِضُ پڑھے گا تو اس پر جادو اثر نہیں کرے گا اور نہ ہی کسی آدمی کی بد دعا لگے گی، اگر اس پر کسی جن بھوت کا اثر ہو تو وہ بھی جلدی ختم ہو جائے گا۔ یہ نام اسم اعظم ہے اور بہت ہی تعجب انگیز اثر رکھتا ہے اور بے حد مفید ہے۔

۲۔ چالیس روز تک چار نوالوں پر اس نام کو لکھ کر کھا لیں، بھوک اور عذاب قبر سے خدا کے فضل سے محفوظ رہیں گے۔

۲۱۔ یَابَاسِطُ (روزی یا دل کا فراخ کرنے والا رحمت کے دروازے کھولنے والا) اَلْبَاسِطُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کی خصوصیت یہ ہے۔

۱۔ اگر کوئی شخص اس کا ورد کریگا تو سخی دل رہے گا اور کنجوسی سے دور رہے گا۔

۲۔ جس عورت کا خاوند بد چلن اور خراب عادت و خصائل کا مالک ہو تو ایسی صورت میں وہ عورت تین سو بار یَابَاسِطُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کر کے کھلائے اور اس عمل کو متواتر تین دن تک جاری رکھے تو بد مزاج خاوند اس کے ساتھ بہت اچھا سلوک کرنے

ئے گا اور یہ۔ چلن ہو جائے گا۔

۲۔ کوئی بھی شخص فجر کی نماز سے پہلے ہاتھ اٹھا کر دس بار یَا بَاسِطُ پڑھے اور ہاتھوں پر پھونک کر منہ پر پھیرے تو کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

۲۲۔ یَا خَافِضُ (نافرمانوں کو ذلیل کرنیوالا تکبر کو ختم کرنیوالا) اَلْخَافِضُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس نام کا ورد کرنے والا شخص اس شخص کو بہت برا جانے گا جو خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے اور اس کے خلاف چلتا ہے۔ اس اسم مبارک کا خاص فائدہ یہ ہے۔

۱۔ جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے دن ایک ہی نشست میں ستر ہزار بار اس نام کو پڑھے تو وہ دشمن پر فتح حاصل کرے گا۔

۲۔ جو شخص فجر کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا تو ہمیشہ اللہ اس کو اپنی رحمت کے طفیل دشمنوں سے بچائیگا اور اگر اس پر کسی نے حملہ کیا تو وہ ناکام ہوگا۔

۲۳۔ یَا رَافِعُ (درجہ بلند کرنیوالا، اٹھانیوالا) اَلرَّافِعُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس نام کا ورد کرنیوالا انسان اسلام سے بیحد محبت رکھتا ہے اور اسلام کی بلندی چاہنے والا ہوتا ہے۔ اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص اس نام کو آدھی رات کے وقت یا دوپہر بارہ بجے سو مرتبہ پڑھے گا تو وہ عام لوگوں کی نظر میں عزت کا مقام حاصل کرے گا۔ مالدار اور دنیاداری سے بے پرواہ ہو جائیگا اور ہر آدمی اس کے مقابلے میں اس کی ہیبت سے ڈرے گا۔

۲۔ کوئی شخص کسی بڑے آدمی سے ملاقات کرنا چاہتا ہے۔ لو اسکو جاتے ہوئے ڈر لگتا ہو تو تین دن تک تین ہزار بار یَا رَافِعُ پڑھے تو انشاءاللہ وہ شخص اس سے بے فکری

Scanned by CamScanner

سے ملاقات کرے گا، اور اسکو عزت حاصل ہوگی وہ آدمی اس کے ساتھ اچھا سلوک کرے گا۔

۲۴۔ یَا مُعِزُّ (عزت بخشنے والا) اَلْمُعِزُّ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ورد کرنے والا مسلمانوں کی عزت و آبرو کا محافظ رہے گا اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ جو شخص پیر یا جمعرات کی رات کو مغرب کی نماز کے بعد ایک سو چالیس بار یَا مُعِزُّ پڑھے گا تو لوگوں کی نظر میں عزت پائیگا اور ماسوائے اللہ کے کسی سے نہیں ڈرے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص رات کے وقت اس اسم مبارک کو ایک ہزار بار پڑھ کر سفر کرے تو کوئی ایذا یا تکلیف نہیں پہنچے گی، اور سارا سفر خیریت سے عزت و آبرو کے ساتھ گزر جائیگا۔

۲۵۔ یَا مُذِلُّ (ذلت دینے والا) اَلْمُذِلُّ

یہ اسم مبارک جلالی ہے اس کا بڑا فائدہ یہ ہے۔

۱۔ جو کوئی شخص کسی ناس آدمی سے ڈرتا ہو تو وہ وضو کرنے کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر پچھتر بار یَا مُذِلُّ پڑھے، پھر سجدہ کرے دعا کرے کہ الٰہی اسکے ڈر سے مجھے نجات دے تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دعا کرنے والے کو اس ظالم کی برائی سے بچالے گا، یہ عمل جب چاہیں تین دن متواتر کرنے ہیں۔

۲۶۔ یَا سَمِیْعُ (بہت سننے والا) اَلسَّمِیْعُ

یہ اسم مبارک جمالی اور جلالی دونوں خاصیتیں رکھتا ہے۔ اس اسم مبارک کی خاص خوبیاں یہ ہیں۔

۱۔ جو شخص اس مبارک نام کو جمعرات کے دن گیارہ بجے چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد پانچ

Scanned by CamScanner

سو بار پڑھے اور اس شرط کے ساتھ کہ وظیفہ کے درمیان کوئی بات نہ کرے اور ختم کا وظیفہ پڑھے اور پھر دعا کرے تو انشاء اللہ اس کی ہر دعا جو جائز ہو قبول ہوگی۔

۲۔ جو شخص ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ہمیشہ یَا سَمِیْعُ پڑھے تو تمام عمر مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔

۲۷۔ یَا بَصِیْرُ (خوب دیکھنے والا) اَلْبَصِیْرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ذکر کرنے والا نیک باتیں دیکھ کر خوش ہوگا، اور خواب میں شریعت کے خلاف باتیں دیکھ کر ناراض ہوگا، حضور کریم اور رسول پاک کی دل میں محبت پیدا ہو جائے گی، اس کا ادنیٰ اثر یہ ہے کہ گناہ کرتے وقت ڈرے گا۔

۱۔ اگر کوئی شخص اس مبارک نام کو عصر کی نماز پڑھنے کے بعد سات بار پڑھے گا تو اس کی موت رات دن کے کسی بھی حصے میں اچانک واقع نہیں ہوگی۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس مبارک نام کو عصر کی نماز کے ہمیشہ پڑھتا رہے تو انشاء اللہ پوری زندگی آفت و اچانک موت سے بچے گا۔

۳۔ فجر کی سنت و فرض کے درمیان ۱۰۰ بار پڑھنے سے اللہ کی محبت پیدا ہوگی۔

۲۸۔ یَا حَکَمُ (حکم دینے والا) اَلْحَکَمُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس نام کی یہ تاثیر ہے کہ جو اس کا ورد کرے گا وہ جو بات کہے گا، ہر شخص اس کی بات کو مانے گا۔ عالم و منظر بنے گا، تو اس کا بڑا اثر ہوگا، اگر وہ حاکم ہے تو عوام اس کے فیصلوں سے مطمئن رہیں گے، اس کے فائدے حسب ذیل ہیں۔

۱۔ جو کوئی بھی شخص پانچوں نمازیں اپنے صحیح اوقات پر ادا کرنے کے بعد اسی مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے گا تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔

۲۔ جمعہ کی آدھی رات کے بعد اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنے سے دنیا کے عجائب و غرائب

دکھائی دیں گے۔

۲۹۔ یَا عَدْلُ (انصاف کرنے والا) اَلْعَدْلُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کے فائدے یہ ہیں۔

۱۔ جو کوئی جمعہ کی رات کو بیس روٹیوں کے ٹکڑوں پر اس مبارک نام کو لکھ کر گھر والوں اور محلہ والوں کو کھلائے گا تو وہ اس کے تابع رہے ہیں۔

۲۔ مغرب کی نماز کے بعد جو شخص بھی ایک ہزار بار اس اسم پاک کو پڑھے گا تو وہ ہر قسم کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ جس کسی شخص کو مقدمے میں حاکم کے ظلم کا اندیشہ ہو یا یہ کہ وہ خیال کرے کہ حاکم اس کے ساتھ صحیح سلوک نہیں کرے گا تو بس جب تک پہلے اس شخص کو چاہیئے کہ تین ہزار مرتبہ روزانہ یاعَدْلُ پڑھ کر حاکم کی طرف عاجزی کے ساتھ دم کرے تو انشاء اللہ اس کے ساتھ بے انصافی نہیں ہوگی، فیصلہ اس کے حق میں اور درست ہوگا۔

۴۔ جو شخص جمعہ کی رات کو بیس نوالوں پر اس اسم مبارک کو لکھ کر خود کھائے، اس سے دنیا مغلوب رہے گی۔

۳۰۔ یَا لَطِیْفُ (باریک بین، نرمی کرنے والا) اَللَّطِیْفُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کو پڑھنے والا ہمیشہ سادگی اپنائے گا۔ اس کے دیگر خواص یہ ہیں۔

۱۔ کسی شخص کی بن بیاہی لڑکی ہو اور اس کا کہیں سے رشتہ نہ آتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے پھر ایک سو مرتبہ اسی نیت سے یَالَطِیْفُ پڑھے تو انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر اس کی مراد بر آئے گی

۲۔ اگر کوئی شخص مفلس ہے یا بیمار ہے بے کار ہے تو اس مبارک نام کو بعد نماز ۔۔دوگانہ ۱۰ تین سو مرتبہ اکیس ۲۱ دن تک پڑھے تو اس کی بیکاری، بیماری اور مفلسی دور ہو گی۔

۳۔ پنجگانہ نماز کی ادائیگی کے بعد ایک سو انتیس ۱۲۹ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھنے سے دنیا و آخرت میں تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

۴۔ دنیا کے ہر جائز کام کے لیے پاک صاف اور اکیلی جگہ پر بیٹھ کر ۱۲۲۲ بار پڑھو انشاءاللہ مراد حاصل ہو گی۔

۳۱۔ یَا خَبِیْرُ (دلوں کی باتوں کی خبر رکھنے والا خوب جاننے والا) اَلْخَبِیْرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کو کثرت سے پڑھنے والا نفس اور شیطان کے جال سے بچا رہے گا، یعنی کبھی شیطان کے چنگل میں نہیں پھنسے گا۔

۳۲۔ یَا حَلِیْمُ (بڑا بردبار، جلدی انتقام نہ لینے والا حلم) اَلْحَلِیْمُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کا ذکر کرنے والا شخص انتہائی عفو غصہ اور بے حد نرمی کرنے والا ہو گا، وہ دشمنوں کی برائیوں اور سختیوں کو برداشت کرنے والا ہو گا۔

اس کے فوائد یہ ہیں۔

۱۔ کوئی شخص ایک ہزار مرتبہ اس مبارک نام کو لکھے اور پانی میں دھو کر اپنے کھیتوں اور باغوں پر چھڑکے گا، تو اس کے کھیت اور باغ وغیرہ آسمانی اور زمینی آفتوں سے محفوظ رہیں گے، اور سرسبز و شاداب رہیں گے۔

۲۔ کوئی بھی شخص اس نام کو ظہر کی نماز کے بعد ۹ مرتبہ پڑھے گا تو ہمیشہ لوگوں کے سامنے باوقار رہے گا، اور تدبیر پڑھے گی، وہ کبھی شرمندگی نہیں اٹھائے گا۔

Scanned by CamScanner

۲۳۔ یَا عَظِیمُ (بڑی عظمت و بڑائی والا) اَلْعَظِیْمُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔

۱۔ اسکی تاثیر یہ ہے کہ جو بھی انسان اس مبارک نام کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھے گا تو دوستوں اور دشمنوں کی نظروں میں اس کا وقار بلند ہوگا۔ اس کو مرتبہ حاصل ہوگا وہ کسی بھی مخالف یا دوست کے سامنے جائیگا تو وہ اس سے محبت اور نرمی کے ساتھ پیش آئیں گے اور زندگی میں مسلسل ترقی اور بڑائی رہے گی۔

۲۔ کوئی شخص سات مرتبہ یَا عَظِیمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے گا تو کبھی بھی اس کے پیٹ میں تکلیف نہ ہوگی، علاوہ ازیں اس اسم مبارک کو سات مرتبہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پینے سے پیٹ میں درد ہے تو وہ جاتا رہے گا۔

۲۴۔ یَا غَفُوْرُ (بہت بخشنے والا) اَلْغَفُوْرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔

۱۔ اگر کسی کو بخار یا سر میں درد ہو تو یَا غَفُوْرُ زعفران و گلاب سے کاغذ پر لکھے پھر روٹی کے ٹکڑے پر جذب کر کے اسکو کھائے تو نہ بخار رہے گا اور نہ سر میں درد رہے گا۔

۲۔ اگر کوئی ایسا تندرست آدمی جس کا قلب سیاہ ہو یا دل پر کوئی غم ہو تو وہ یہ عمل سات دن تک کرے اس عمل کے کرنے سے قلب کی سیاہی ختم ہو جائیگی اور غم ہوا تو مٹ جاتے گا۔ عمل یہ ہے کہ یَا غَفُوْرُ الگ الگ حرفوں میں لکھے یہ کھائی روٹی کے ٹکڑے پر ہو اس عمل کے بعد وہ یہ روٹی کھالے تو رنج و غصہ وغیرہ کے بدلے میں دل کے اندر خوشی و مسرت پیدا ہوگی، یہ عمل تین دن تک متواتر کرنا چاہیے۔

۳۔ کوئی شخص سجدے میں جا کر تین مرتبہ یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ کہے گا تو اس کے گناہ معاف

ہو جائیں گے۔

۳۵۔ یَا شَکُوْرُ (قدر شناس، قدر دان، تھوڑی بات پر بہت ثواب دینے والا) اَلشَّکُوْرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اسکی خواص یہ ہیں،

۱۔ اگر کسی کی بینائی جاتی رہے تو اکتالیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اپنی آنکھوں پر لگائے تو سات دن میں انشاءاللہ شفا ہو گی۔

۲۔ کوئی شخص زندگی سے عاجز آگیا ہو اس کو چاہیئے کہ اس مبارک نام کو چالیس دن تک روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھے اور کوئی بھی دن ضائع نہ جائے تو انشاء اللہ غیب سے وہ غنی بن جائے گا۔ اور خود میں بہت سے وصف پائے گا۔

۳۔ کوئی شخص دین دنیا کی عزت چاہے تو اس کو چاہیئے کہ تمام زندگی روزانہ تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے تو اس کے نتیجے میں دنیا کے اندر اس کو بڑی عزت حاصل ہوگی اور آخرت میں اس کو بڑا مرتبہ ملے گا۔

۳۶۔ یَا عَلِیُّ (بڑے اونچے مرتبہ والا) اَلْعَلِیُّ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس نام کے فوائد حسب ذیل ہیں،

۱۔ یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس نام کے فوائد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ کسی جگہ درد ہوتا ہو، یا سوجن آگئی ہو تو تین سو مرتبہ اس نام کو پڑھ کر اس جگہ پھونکے تو انشاءاللہ وہ تندرست ہو جائیگا اور فوراً ہی درد یا سوجن ختم ہو جائیگی۔

۲۔ اگر کوئی شخص تین ہزار مرتبہ روزانہ اس نام کا ذکر کرے گا، تو وہ بے آبرو نہ ہوگا اور عزت دار بن جائے گا سزر پر یاں غریب مالدار بنے مسافر اپنے وطن صحیح سلامت پہنچے۔

۳۔ کسی شخص کو اگر بواسیر کی بیماری ہو تو ایک ہزار مرتبہ یَا عَلِی پڑھے اور پانی پہ دم کر کے پیئے تو سات دن میں خون بند ہو جائیگا مسّے انشاءاللہ جاتے رہیں گے۔

۴۔ اگر کسی کی آنکھوں میں تکلیف ہو اور وہ تکلیف کسی بھی طرح نہ بن جاتی ہو تو سات مرتبہ یَا عَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پھر اس پانی کو سلائی کے ذریعے آنکھوں میں لگاتے، تین دن میں ان شاء اللہ آنکھوں کی بیماری جاتی رہے گی۔

۴۷۔ یَا کَبِیْرُ (سب سے اونچا، بالا و برتر، بزرگی والا) اَلْکَبِیْرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس مبارک نام کو روزانہ پڑھنے والا دنیا و آخرت میں خوبیوں کے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، یعنی وہ عزت و آبرو اور مرتبہ پر پہنچنے کی کوشش کرتا ہے اور بے ہُنر کو خراب سمجھتا ہے اس کے دیگر فوائد یہ ہیں۔

۱۔ جو کوئی حاکم اس مبارک نام کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے گا تو ہمیشہ اپنے عہدے پر قائم رہے گا اور کوئی بڑی مہم آجائے تو اس کو فتح کرے گا لوگوں کی نظروں میں بڑا مرتبہ ہو گا۔

۲۔ جو شخص اس نام کو تین ہزار مرتبہ پڑھے گا تو جلد ہی تندرست ہو جائیگا۔

۴۸۔ یَا حَفِیْظُ (دنیا کو بربادی سے بچانے والا نگہبان) اَلْحَفِیْظُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اگر کوئی شخص اس نام کا ذکر کرے گا تو وہ خود اپنی اور اللہ کی مخلوق کی فکر کریگا اور گناہوں سے بچے گا، اس نام کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کسی کو جن بھوت سے ڈر لگتا ہو تو اس مبارک نام کو پانچ مرتبہ لکھے اور تعویذ بنا کر بازو پر باندھے تو پھر جن بھوت کا اثر اس پر نہیں ہوگا، اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص جہاز یا کشتی میں سوار ہو اور اسکو یہ خدشہ لاحق ہو کہ جہاز یا کشتی ڈوب جائے گی، تو اس کو چاہیئے کہ سات مرتبہ یَا حَفِیْظُ لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے تو ان شاء اللہ یہ نام ساتھ رکھنے والا نہ ڈوبے گا، نہ مرے گا اور وہ صحیح و سلامت واپس آجائیگا۔

۳۔ اگر کوئی شخص بیمار پر سات دن تک ایک ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کرے گا

Scanned by CamScanner

توانشاء اللہ اس کی بیماری بہت جلد جاتی رہے گی، اور وہ تندرست ہوجائیگا۔

۴۔ کسی شخص کو اپنا سامان گم ہوجانے یا لٹ جانے کا اندیشہ ہو تو تین جگہ اپنے سامان پر یَا حَفِیْظُ کے حروف الگ الگ لکھے توانشاء اللہ اس کا سامان گم نہ ہوگا۔ اور وہ بخیریت منزلِ مقصود تک پہنچ جائیگا۔

۳۹۔ یَا مُقِیْتُ (روزی دینے والا) اَلْمُقِیْتُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کے خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کوئی بچہ ضدی ہے تو اس کے لیئے سات مرتبہ اس نام کو پڑھا جائے اور خالی پانی کے گلاس میں دم کر کے پھر اس میں پانی بھرے اور بچہ کو پلائے توانشاء اللہ سات دن کے عمل میں بچہ ضد چھوڑ دے گا۔

۲۔ اس نام کا مستقل ذکر کرنے والا شخص، لاچار اور کمزوروں کی مدد کریگا، اور کسی ظالم کو ظلم نہیں کرنے دے گا۔

۳۔ اگر روزے دار پھولوں پر پڑھ کر سونگھے گا تو قوت و توانائی پائیگا۔

۴۰۔ یَا حَسِیْبُ (حساب لینے والا، کفایت کرنیوالا) اَلْحَسِیْبُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس نام کا ذکر کرنے والا کم آمدنی پر مطمئن رہے گا، اس کے فوائد یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص کسی سے ڈرتا ہو یا چور سے خوفزدہ رہتا ہو، علاوہ ازیں بڑے بڑے پڑوسیوں کی برائیوں سے ڈرتا ہو یا نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو تو سات دن روزانہ صبح و شام ستر مرتبہ یَا حَسِیْبُ حَسِیْبِیْ پڑھے اور یہ عمل جمعرات سے شروع کرے توانشاءاللہ ایک سال ایک دن تک ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

Scanned by CamScanner

۱۔ اگر کوئی شخص حساب کتاب اپنے مالک کو دینے میں خوفزدہ ہو تو اسے چاہیئے کہ نماز عشاء کے بعد اس اسم مبارک کو تین ہزار مرتبہ پڑھے، بعد میں یہ تصور کرے کہ میرا مالک اللہ کے دربار میں حساب مانگے اور یہ میرا مالک سب مجھے بھول گیا ہے تو انشاء اللہ بہت جلد آسانی سے معاملہ صاف ہو جائیگا۔

۲۔ کسی طالب علم کا اپنے نتیجے کے خراب آنے کا ڈر ہو تو اسے چاہیئے کہ گیارہ ہزار مرتبہ تین دن تک اس مبارک نام کو ایک ہی بیٹھک میں باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پورا کرے انشاء اللہ نتیجہ اچھا آئے گا۔

۴۱۔ یَا جَلِیْلُ (بڑی قدرت والا، بزرگی، بے پرواہ) اَلْجَلِیْلُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کا ذکر کرنے والا لوگوں کے سامنے اپنی حاجتیں پوری کرنے کے لیے ہاتھ نہیں پھیلاتا، اس کے فوائد یہ ہیں۔

۱۔ کوئی شخص اس کو عنبر یا زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا گھول کر پیئے تو اس کے دل میں خوشی و سرور رہے گی۔

۲۔ کسی پر کوئی مقدمہ چل رہا ہو اور اس بات کا خدشہ لاحق ہو کہ مخالف پارٹی نے جھوٹے گواہ پیدا کیے ہیں تو اس کو چاہیئے کہ ایک ہزار مرتبہ یَا جَلِیْلُ پڑھے اور کوشش کرے کہ جھوٹے گواہ کی طرف پھونک دے تو انشاء اللہ وہ گواہ اپنی گواہی پر قائم نہیں رہے گا، یعنی جھوٹی گواہی نہیں دے گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص یا جلیل اپنی انگوٹھی میں کندہ کرا کر پہنے گا اور کسی حاکم یا کسی بڑے شخص کے پاس جائیگا تو اس کو عزت حاصل ہوگی، اور حاکم کی نظر اس کے سامنے نیچی رہے گی۔

۴۔ اگر کوئی مسافر اپنے سامان پر دس مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھ کر دم کرے گا، تو چور اس کو ہاتھ نہ لگائیں گے اور اس کا مال چوری سے بچا رہے گا، غرض یہ کہ ہر قسم کے مصائب سے اپنے آپ کو محفوظ پائیگا اور کامیاب و کامران لوٹے گا۔

۴۲۔ یَا کَرِیْمُ (بڑا فیاض، سخی، بہت دینے والا، کرم کرنے والا) اَلْکَرِیْمُ

یہ اسمِ مبارک جلالی ہے، اس نام کا ذکر کرنے والا شخص بہت سادگی پسند، نرم طبیعت، خوش اخلاق اور اللہ کی مخلوق پر احسان کرنے والا ہوتا ہے، اس کے فوائد یہ ہیں۔

۱۔ جو کوئی رات کو سوتے وقت اپنے بستر پر لیٹے ہوئے پڑھے اور اس کو پڑھتے پڑھتے سو جائے تو اس کی عزت و عظمت کے لیے فرشتے دعا کریں گے، اور لوگوں کی نگاہوں میں وہ بہت بڑا بزرگ ہو جائے گا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، اس نام کو کثرت کے ساتھ پڑھا کرتے تھے۔

۲۔ کسی شخص کے ماں باپ کنجوس ہیں یا کسی عورت کا شوہر کنجوس ہے تو اس کو چاہیئے کہ یَا کَرِیْمُ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس کو پلا دے تو انشاء اللہ تین دن میں نتیجہ برآمد ہوگا، اور اس میں سخاوت کے گن بھی پیدا ہو جائیں گے۔

۴۳۔ یَا رَقِیْبُ (ہر چیز کی نگہبانی کرنیوالا، نگہبان) اَلرَّقِیْبُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کا ذکر کرنیوالا انسان غلط حرکتیں، برے گندے خیالات، خراب عادتوں سے دور رہتا ہے، اس کے فوائد یہ ہیں۔

۱۔ کوئی شخص سفر پر جاتا ہو تو جانے سے پہلے اپنی اہلیہ اور بچوں کو ایک جگہ جمع کر کے سات مرتبہ یَا رَقِیْبُ پڑھ کر سب پر دم کر دے تو اللہ ان سب کو حفاظت سے رکھے گا، اور مسافر صحیح سلامت ان سے آ کر ملے گا۔

۲۔ کوئی شخص رات کو سوتے وقت سات مرتبہ یَا رَقِیْبُ پڑھ کر گھر میں پھونکے گا تو اس گھر میں چور نہیں آئیں گے، اور نہ ہی گھر سے کوئی چیز جانے کا خطرہ ہوگا۔

Scanned by CamScanner

۴۴۔ یَامُجِیْبُ (قبول کرنے والا) اَلْمُجِیْبُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس نام کا ذکر کرنے والا کسی بھی سوالی کا سوال رد نہیں کرتا۔ اس کی خوبیاں یہ ہیں:

۱۔ جو کوئی شخص اس مبارک نام کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے اور بعد نماز جمعہ ایک سو بار پڑھے تو وہ جو دعا کرے گا ان شاء اللہ قبول ہوگی اور کوئی بات کسی سے کہے گا تو فوراً منظور ہو جائے گی ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۲۔ کسی شخص کے سر میں درد ہوتا ہے تو سیدھا ہاتھ پکڑ کر تین مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کرے، دوسری بار پانچ مرتبہ تیسری بار سات مرتبہ چوتھی بار نو مرتبہ پانچویں بار گیارہ مرتبہ دم کر لے تو سر کا درد فوراً ختم ہو جائے گا۔

۳۔ اگر کسی شخص کے خط کا جواب یا درخواست کا جواب نہ آتا ہو تو تین دن تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ فجر کی نماز کے بعد اس نام کو پڑھ کر دل میں یہ خیال رکھے کہ میرے خط یا میری درخواست کا جواب آسمان سے اتر آئے تو ان شاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں خط یا درخواست کا جواب آ جائے گا۔

۴۵۔ یَاوَاسِعُ (بڑے وسیع علم والا بے پناہ رزق دینے والا) اَلْوَاسِعُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ کوئی شخص اس مبارک نام کو کثرت سے پڑھے تو وہ دنیا و آخرت کی دولت سے مالا مال ہو جائیگا اور کسی دوسرے کی تنگدستی اور محتاجی کو نہیں دیکھے گا یعنی اس کی مدد کرے گا۔ اس کے فوائد یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی شخص کو بچھو نے ڈنک مار دیا ہو تو تھوڑے سے پانی میں نمک ڈال کر ستر مرتبہ یَاوَاسِعُ پڑھ کر پانی پر دم کر دیں، پھر یہ پانی بچھو کے مارے ہوئے ڈنک پر بار بار لگائیں تو ان شاء اللہ فوراً ہی اس کی تکلیف دور ہو جائیگی۔

Scanned by CamScanner

۲۔ جو کوئی روزی روزگار کے لیئے یہ مبارک نام عشار کی نماز کے بعد پانچ مرتبہ ہمیشہ پڑھتا ہے تو اس کا نتیجہ بہت ہی اچھا آئیگا۔

۳۔ جس بچے کو قرآن مجید یاد نہ ہوتا ہو تو اسے ہر مہینے تین دن حکم یَاوَاسِعُ ایک سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں تو بچہ بہت جلد حافظ ہو جائیگا۔

۴۲۔ یَاحَکِیْمُ (بڑی دانائی والا، حکمت والا) اَلْحَکِیْمُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس نام کا ورد کرنے والا ہر کام نہایت غور و فکر کے بعد کرتا ہے۔ اور کوئی غیر شرعی کام انجام نہیں دیتا، اس کے فوائد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہو تو اس اسم مبارک کو تین ہزار مرتبہ روزانہ سات دن تک پڑھیں، انشاءاللہ بہت جلد مشکل آسان ہوگی۔

۲۔ اگر زن و شوہر کے درمیان نااتفاقی ہو اور بیوی چاہے کہ شوہر اس سے محبت کرے اور ہمیشہ دونوں کے درمیان محبت برقرار رہے تو کسی بھی کھانے کی چیز پر ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر لے اور شوہر کو کھلائے تو نااتفاقی دور ہو جائیگی اور محبت برقرار رہے گی۔

۳۔ نماز ظہر کے بعد ۸۰ مرتبہ پڑھنے سے مشکل کام آسان ہو جاتا ہے اور عوام الناس کی نگاہ میں عزت ہوتی ہے۔

۴۷۔ یَاوَدُوْدُ (بڑی محبت والا، محبت قائم رکھنے والا) اَلْوَدُوْدُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا ہمیشہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ محبت سے پیش آتا ہے، اور کبھی کسی کا برا نہیں چاہتا، اس کے خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی کا لڑکا بد چلن ہو یا بیوی اپنے شوہر سے لڑتی ہو یا شوہر اپنی بیوی سے بد مزاجی سے پیش آتا ہو تو کسی قسم کی شیریں چیز پر یہ اسم مبارک ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرلے اور

Scanned by CamScanner

پھر دو مرتبہ دو رکعت نماز پڑھ کر کامیابی کے لیئے دعا کرے اور مناسب وقت پر کھلاتے تو انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا، اور مراد پوری ہوگی۔

۲۔ اگر کسی آدمی کا گھوڑا بدمست ہوگیا ہو اور کسی طرح قابو میں نہ آتا ہو تو چنے کے آٹے پر یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور گھوڑے کو کھلاتے تو بفضل خدا گھوڑا صحیح ہو جائے گا۔

۳۔ اگر کوئی عورت اس اسم مبارک کو تین ہزار مرتبہ پڑھ کر عطر دم کرے اور وہ عطر لگا کر شوہر کے سامنے جائے تو انشاء اللہ اس کا شوہر اسکو بہت چاہے گا۔

نوٹ :۔ اس اسم مبارک کا استعمال ناجائز امور کے لیئے سخت منع ہے اگر کسی نے ایسا کیا تو وہ یقیناً جذام جیسے موذی مرض میں مبتلا ہو جائے گا۔

۴۸۔ یَامَجِیْدُ (شریف و بزرگی والا) اَلْمَجِیْدُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا بہترین صفات کا مالک اور صاحب عظمت ہوتا ہے، اسکے دیگر خواص یہ ہیں :۔

۱۔ جس آدمی کو خونی پیچش ہو، خونی بواسیر کے مسّے ہوں یا کوئی دوسری قسم کے خطرناک زخم ہوں تو اس کو چاہیئے کہ تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزے رکھے اور افطار سے قبل سات ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پیئے اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا کرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ

ترجمہ :۔ (اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں دیوانگی اور کوڑھ اور بُری قسموں کے مرض سے) انشاء اللہ تعالیٰ تین دن میں مکمل شفا ہو جائے گی۔

۲۔ حصول عزت کے لیئے اس اسم مبارک کو صبح کی نماز کے بعد ننانوے مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر دم کریں، بہت مفید ثابت ہوگا۔

۴۹۔ یَا بَاعِثُ (قبر سے اٹھانے والا، مُردہ کو زندہ کرنے والا) اَلْبَاعِثُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کو ہمیشہ تلاوت کرنے والا زندہ دل، عالی دماغ صاحب قوت اور ہوشیار رہتا ہے، کبھی سستی اور کاہلی کو پسند نہیں کرتا، دیگر خواص یہ ہیں۔

۱۔ کوئی بد مزاج حاکم کے پاس جانا چاہتا ہے تو اس اسم مبارک کو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر حاکم کے پاس جائے ان شاء اللہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

۲۔ جو زندہ دل بننا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ رات کو سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر ایک سو ایک بار یہ اسم پاک پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ زندہ دل بن جائیگا۔

۵۰۔ یَا شَہِیْدُ (ظاہر و باطن سے خبردار، ہر وقت ہر جگہ حاضر و ناظر) اَلشَّہِیْدُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم مبارک کی کثرت سے ورد کرنے والا اللہ تعالیٰ کی تجلی سے مشرف ہوگا، گناہ کے مرتکب ہونے سے موت کو بہتر سمجھے گا، کبھی ایک منٹ کے لیئے بھی ناپاک یا بغیر غسل یا بغیر وضو رہنا پسند نہیں کریگا، اس کی حالت ایسی ہوگی جیسے غلام بادشاہ کے دربار میں حاضری کے وقت ہو جاتا ہے، اس کے خواص یہ ہیں۔

۱۔ جس انسان کے دل میں ریاکاری کے خیالات رہتے ہوں اور وہ اس عادت سے بچنا چاہے اس کو چاہیئے کہ اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ اس کے معنی سمجھتے ہوئے اکیس روز تک پڑھے بفضلِ خدا یہ بری عادت ختم ہو جائے گی۔

۲۔ اگر کسی آدمی کا لڑکا یا لڑکی نافرمان ہو جائے تو اس اسم پاک کو بچے کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اکیس مرتبہ پڑھے اور پڑھتے وقت اپنا منہ آسمان کی طرف رکھے تو ان شاء اللہ نافرمانی دور ہو جائے گی اور بچے کی اصلاح ہو جائے گی۔

۳۔ اگر کوئی مریض بیماری کے باعث بے ہوش ہو جائے اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہو تو مریض

Scanned by CamScanner

کے سرہانے یہ اسم پاک ایک سو اکیس مرتبہ اس تصور کے ساتھ پڑھے کہ مریض کو شفا عطا کرنے کے لیئے خود خدا وہاں موجود ہے۔ بیمار فوراً ہوش میں آجائیگا۔

۵۱۔ یَا حَقُّ (خدائی کا حقدار، ثابت موجود) اَلْحَقُّ

یہ اسم مبارک جلالی ہے اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا خدا تعالیٰ کے علاوہ کائنات کی ہر شے کو فنا تصور کرے گا، اور ہر شے کی فنا کی حقیقت اسکے قلب میں جاگزیں ہو گی۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی آدمی کا مال گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ ایک کاغذ کے چاروں کونوں میں یَا حَقُّ لکھے اور درمیان میں چوری شدہ مال کا نام لکھے، نصف شب کو وہ کاغذ اپنی ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی جانب اٹھا کے عرض کرے، الہٰی۔ حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل سے میرا سامان مجھے مل جائے، انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد سامان مل جائیگا۔

۲۔ اگر قیدی آدمی رات کو ننگے سر ۱۰۸ بار پڑھے تو اللہ کے حکم سے قید سے چھوٹ جائیگا۔

۵۲۔ یَا وَکِیْلُ (بڑے کام بنانے والا) اَلْوَکِیْلُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا محتاجوں اور غریبوں کے ساتھ ہمدردی کرنے کی حتی الامکان کوشش کرے گا، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی مکان پر بجلی گرنے کا خطرہ ہو تو چاہیئے کہ اس اسم مبارک کو سات مرتبہ لکھ کر مکان کی چھت پر چپکا دیں، انشاءاللہ کبھی اس مکان پر بجلی نہیں گرے گی۔

۲۔ اگر کسی آدمی کو کشتی یا جہاز میں ہوا کے طوفان کا خطرہ ہو تو ایک ہزار مرتبہ اس اسم پاک کو روزانہ پڑھے تو انشاءاللہ طوفان سے امان ملے گی۔

۳۔ اگر کسی کو چور یا ڈاکوؤں کا اندیشہ ہو تو اس اسم مبارک کا بہت زیادہ ورد کرے انشاءاللہ

Scanned by CamScanner

محفوظ رہے گا۔

۴۔ ڈر یا خوف ناک مقام پر پڑھنے سے ڈر جاتا رہتا ہے۔

۵۳۔ یَاقَوِیُّ (بڑے زور والا، بڑا زبردست) اَلْقَوِیُّ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس اسم کا ورد کرنے والا ہر کام میں کامیاب اور ہر حال تہمت اور شیطان پر غالب ہوتا ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی شخص کا دشمن قوی ہو اور اس کو دفع کرنا دشوار ہو تو گیہوں کا آٹا لے کر ایک ہزار ایک گولیاں بنائے اور ہر گولی پر یَاقَوِیُّ پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک گولی کسی مرغ کو کھلائے اسی طرح تمام گولیاں کھلائے اور کھلاتے وقت یہ تصور کرے کہ دشمن دفع ہو جائے مسلسل تین دن تک اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ دشمن دفع ہو جائیگا۔

۲۔ اگر کوئی شخص بعد جمعہ طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ بعد تین ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے تو سہو اور غفلت دور ہو جائے گی لیکن کم سے کم سات جمعہ تک مسلسل یہ عمل کیا جائے۔

۳۔ اگر کوئی حاملہ عورت ایام حمل میں حمل کی تکلیف برداشت نہ کر سکے تو اس اسم مبارک کو حاملہ ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ حمل کے ایام آسانی سے بسر ہوں گے اور تندرستی و طاقت قائم رہے گی۔

۵۴۔ یَامَتِیْنُ (تمام کاموں میں پکا، مضبوط) اَلْمَتِیْنُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا احکام شریعت کی بجا آوری میں نہایت چست ہوتا ہے، کبھی سستی اور کاہلی کو پسند نہیں کرتا، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی بچہ دودھ چھوٹنے کے سبب روتا ہے اور خاموش نہیں ہوتا ہو تو سات مرتبہ اس اسم کو پلیٹ پر لکھ کر دھو کر بچے کو پلائیں تو انشاء اللہ رونا ترک کر دیگا اور صبر کرے گا۔

۲۔ اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو تو اس اسم کو نو ۹ مرتبہ پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر عورت کو پلائیں تو ان شاء اللہ دودھ زیادہ ہو جائے گا، گیارہ روز تک یہ عمل کیا جائے۔

۳۔ بروز اتوار بعد نماز فجر اس اسم کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھنے سے بڑے سے بڑے مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔

۵۵۔ یَاوَلِیُّ (مددگار، محبوب، دوست) اَلْوَلِیُّ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا مسلمانوں سے دوستی اور کافروں سے نفرت رکھتا ہے، خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کسی عورت کا شوہر یا کسی ملازم کا آقا برے سلوک سے ہمیشہ پیش آتا ہے تو وہ عورت یا ملازم اس اسم کو پڑھتے پڑھتے شوہر یا مالک کے پاس جائے تو وہ نہایت مہربان ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی کی بیوی بدخو ہو تو شوہر اس اسم کو پڑھ کر اس کے سامنے جائے تو وہ ٹھیک ہو جائے گی۔

۲۔ اس اسم مبارک کو ہمیشہ پڑھتے رہنے سے بڑے بڑے اسرار (بھید) ظاہر ہوتے ہیں۔

۵۶۔ یَاحَمِیْدُ (بڑی تعریف کے قابل) اَلْحَمِیْدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا کسی بھی آدمی کی غیبت پسند نہیں کرتا اور ہمیشہ اپنے دشمن کی تعریف کرتا ہے، خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کسی شخص کی زبان پر ہمیشہ گالی یا فحش الفاظ جاری رہتے ہوں اور وہ کسی بھی طرح اپنی اس عادت کو چھوڑ نہ سکتا ہو تو ننانوے مرتبہ اس اسم کو کورے پیالے پر لکھے اور نوے مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالے یا کٹورے میں پانی پیا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ گالی اور فحش الفاظ سے نجات مل جائے گی۔

Scanned by CamScanner

۲۔ اگر کوئی غریب آدمی کو کوئی تحفہ پیش کرنا چاہے لور گمان کرے کہ مالدار آدمی غریب کے تحفے کو پسند نہیں کرے گا تو اس کو چاہیئے کہ اس تحفہ پر یہ اسم مبارک پڑھے، انشاءاللہ تحفہ قبول ہو جائیگا۔

۳۔ جو شخص نماز فجر کے بعد اس اسم مبارک کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتا رہے گا، وہ نیچی نگاہ کر کے چلے گا اور کسی پر بری نظر نہ ڈالے گا۔

۴۔ اس کو کثرت سے پڑھتے رہنے سے نیک کاموں کی طرف رجحان ہو جاتا ہے۔

۵۷۔ یَامُحْصِیُ (اس کا علم ہر چیز کو گھیرنے والا، گھیراؤ کرنے والا) اَلْمُحْصِیُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ اس کا ورد کرنے والا اپنی برائیوں اور دوسروں کی بھلائیوں پر ہمیشہ نظر رکھتا ہے اور زیادہ اپنے گناہوں کو بھولتا نہیں۔ اس کے خواص یہ ہیں۔

۱۔ جو شخص فجر کی نماز کے بعد دس بار اس اسم کو پڑھے گا، تمام دن خدا کی امان میں رہے گا۔

۲۔ جو شخص جمعہ کی رات کو اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا عذاب قبر اور عذاب آخرت سے محفوظ رہے گا۔

۵۸۔ یَامُبْدِیُ (پہلی بار پیدا کرنے والا) اَلْمُبْدِیُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا ہر کام میں صرف خدا پر بھروسہ کرتا ہے اور ہر چیز کی ابتدا میں اللہ تعالی کی یاد دل میں رکھتا ہے۔ اور ہر کام میں خدا پر بھروسہ اس کی عادت ہو جائے گی۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو اس کا شوہر اس اسم مبارک کو نو سو مرتبہ حاملہ کے پیٹ پر انگلی رکھ کر پڑھے اور انگلی کو پیٹ پر گھماتا رہے، یہ عمل سات یوم تک جاری رکھے تو اس کی مراد بر آئے گی اور انشاءاللہ حمل ضائع نہیں ہوگا۔

۲۔ اگر کسی شخص کی عورت بانجھ ہو تو ایک سیب چھیل کر اس پر سات مرتبہ یہ اسم لکھے اور عورت کو کھلائے سحر وقت فجر کا ہو اور تین دن تک یہ عمل کیا جائے، انشاء اللہ اسی مہینے حمل قرار پائے گا، اگر پہلے مہینے میں حمل قرار نہ پائے تو یہی عمل دوسرے مہینے کرے، تیسرے ماہ تو انشاء اللہ یقیناً حمل قرار پائے گا، اگر سیب میسر نہ آئے تو مرغی کا انڈا لے کر اس کو ابالے اور چھیل کر چھلکا تک ہٹائے اور پھر لکھیں۔

۵۹۔ یَامُعِیْدُ (دوسری مرتبہ پیدا کرنے والا) اَلْمُعِیْدُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والے اپنے پچھلے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے اور آخرت کی نیکیوں میں اضافہ کی تمنا کرتے رہتے ہیں، خواص یہ ہیں:۔

۱۔ اگر کسی کا کوئی عزیز غائب ہو گیا ہو اور کوئی پتہ نہ لگتا ہو تو نصف شب کو جب گھر کے سب لوگ سو گئے ہوں تو مکان کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر اس اسم مبارک کو ستر مرتبہ پڑھے اور پھر کہے یَامُعِیْدُ فلاں غائب شدہ کو میرے پاس لاؤ۔

فلاں کی جگہ اس غائب کا نام لے انشاء اللہ سات روز کے اندر اندر غائب شدہ واپس آئے گا، یا اس کا پتہ معلوم ہو جائیگا۔

۲۔ اگر کوئی شخص پہلے مالدار تھا اور اب غریب ہو گیا ہو یا پہلے تندرست تھا اور اب بیمار رہتا ہو یا پہلے عابد اور زاہد تھا اور اب عبادت ترک ہو گئی ہو تو اکیس روز تک یہ اسم مبارک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی عرصہ میں اس کی حالت درست ہو جائے گی۔

۳۔ اگر کسی کا سامان گم ہو گیا ہو تو نماز عشاء کے بعد سات ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے مراد بر آئے گی۔

ؤ

Scanned by CamScanner

۶۰۔ یَا مُحْیُ (زندہ کرنے والا) اَلْمُحْیُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا زندہ دل ہوشیار ہوتا ہے عبادت میں سستی اور کاہلی کو مکروہ سمجھتا ہے، خواص یہ ہیں :

۱۔ اگر کسی شخص کو بیماری کے سبب کسی جسمانی عضو کے بیکار ہونے کا اندیشہ ہو تو اس اسم مبارک کو ہر روز صبح و شام سات سات مرتبہ پڑھ کر اس عضو پر دم کرے، انشاءاللہ تعالیٰ عضو جسمانی محفوظ رہے گا۔

۲۔ اگر کسی کا دل عبادت کی طرف پھر گیا ہو تو تین دن تک روزہ رکھے اور نماز ظہر کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے تو چوتھے روز ہی زندہ دلی کی علامت ظاہر ہو گی اور پھر ہمیشہ ایک ہزار مرتبہ پڑھتا رہے، عرق النساء کے درد کے لیئے سات روز تک سات بار پڑھ کر دم کریں۔

۶۱۔ یَا مُمِیْتُ (موت دینے والا) اَلْمُمِیْتُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا ہمیشہ نفس اور شیطان پر غالب رہتا ہے، اس کے دشمن ہمیشہ زیر اور مرعوب رہتے ہیں، خواص یہ ہیں۔

۱۔ جس شخص کا نفس بے قابو ہو تو اس کو چاہیئے کہ رات کو سونے وقت سینے پر ہاتھ رکھے اور اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جائے، سات دن تک یہ عمل کرے، انشاء اللہ نفس امارہ تابعدار ہو جائیگا۔

۲۔ اگر کسی آدمی کو جادو کا خوف ہو تو سات مرتبہ اسم مبارک کو پڑھ کر دم کرے، کبھی کوئی جادو اثر نہ کرے گا، اور اس کے قریب آکر ہر قسم کا جادو بیکار ہو جائیگا۔

۶۲۔ یَا حَیُّ (ہمیشہ زندہ رہنے والا) اَلْحَیُّ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کے ورد سے روحانی قوت بہت بڑھ جاتی ہے۔

خواص یہ ہیں۔ ۱۔ اگر کوئی مریض

۱۔ اگر کوئی مریض اس اسم کا کثرت سے ورد کرے گا تو جلد شفا پائے گا۔ اگر کوئی دوسرا تو مریض پر پڑھے تو مریض کی آنکھوں کے سامنے آنکھیں کر کے پڑھے۔

۲۔ اگر اس اسم مبارک کو روزانہ ستر بار پڑھیں تو عمر دراز ہو جاتی ہے۔

۶۳۔ یَاقَیُّوْمُ (ہمیشہ قائم رہنے والا) اَلْقَیُّوْمُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا ہمیشہ خدا پر نیک گمان کرتا ہے۔ اور توکل علی اللہ پر قائم رہتا ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کسی پر بھی بھروسہ نہیں کرتا، اس کے خواص یہ ہیں۔

۱۔ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک یا اسم ان گنت بار پڑھا جائے تو تسخیر قلوب کے لئے بہت مفید ہے، بزرگانِ دین کا مخصوص عمل ہے۔

۲۔ مختصر سے سخت مشکل میں اس اسم پاک کو اکیس ہزار مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے نہایت مجرب عمل ہے، تین دن تک عمل کیا جائے اور تین آدمیوں سے زیادہ مل کر عمل نہ کریں، تین دن میں تریسٹھ ہزار کی تعداد پوری ہونی چاہیئے۔

۳۔ ہر روز تین سو مرتبہ ورد کرنے والا ہمیشہ خوش و خرم رہتا ہے۔

۶۴۔ یَاوَاجِدُ (غنی، بے پرواہ) اَلْوَاجِدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اور اس اسم کے ورد کرنے والے کا دل غنی اور تونگر ہو جاتا ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص کھانا کھاتے وقت ہر لقمہ پر یہ اسم پڑھتا جائے تو وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہو جائے گا اور نماز میں خشوع کم پیدا ہو گا، اہل اللہ کو یہ عمل ضرور کرنا چاہیئے۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی کسی کو پلائے

Scanned by CamScanner

تو وہ شخص بے انتہا محبت کرنے لگے گا، زن و شوہر کی محبت کے لیئے بھی یہ عمل بہت مفید ہے
۳۔ خلوت میں اس کو کثرت سے پڑھنے سے فراخی اور تونگری حاصل ہوتی ہے۔

۶۵۔ یَامَاجِدُ (شریف و بزرگی والا) اَلْمَاجِدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا یا مَاجِدُ کے ورد کرنے والے کی مانند ہوتا ہے، خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو رات کو تاریکی میں بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ اکتالیس روز تک پڑھے تو وہ صاحب باطن اور اس کا قلب روشن ہو جاتا ہے، لیکن رزق حلال لقمہ سچ بولنے والا ہونا ضروری ہے، اور حقہ، تمباکو، لہسن، پیاز وغیرہ سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

۲۔ عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ ہمیشہ پڑھنے سے عوام الناس کی نظر میں عزت اور مرتبہ بڑھتا ہے۔

۳۔ اس اسم پاک کو شربت یا دوا پر دس مرتبہ پڑھ کر بیمار کو پلانے سے تندرستی ہوتی ہے، یہ عمل سات روز تک کرنا چاہیئے۔

۶۶۔ یَاوَاحِدُ (اکیلا، تنہا) اَلْوَاحِدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا سوائے خدا کے کسی اور کو اپنا دوست اور مہربان نہیں سمجھتا اور ہر امر کو اللہ کی طرف سے تصور کر کے صبر سے کام لیتا ہے۔

خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کسی شخص کو کوئی وظیفہ یا عمل پڑھنے سے خوف محسوس ہوتا ہو یا تنہائی میں دل گھبراتا ہو تو ایک ہزار ایک مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے، ڈر، خوف دور ہو گا، اور دل کی گھبراہٹ بھی ختم ہو جائے گی۔

۲۔ اگر کوئی بندہ خدا چاہے کہ اسے معرفتِ الٰہی حاصل ہو تو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی چلے میں قلبی معرفت حاصل ہوگی۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

یہ اللہ کا فضل ہے جسے اللہ چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑا فضل کرنیوالا ہے۔

۳۔ اگر کسی شخص کے ہاں لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو اور وہ تمنا رکھتا ہو کہ فرزند پیدا ہو تو رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو نماز جمعہ کے بعد یہ اسم پاک ایک کاغذ پر ایک سو مرتبہ لکھے اور اس کو بطور تعویذ اپنے بائیں بازو پر باندھے تو انشاء اللہ اسی سال فرزند صالح پیدا ہوگا، مجرب عمل ہے۔

۹۶۔ یَا اَحَدُ (ایک اور اکیلا) اَلْاَحَدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم پاک کا ورد کرنے والا آدمیوں اور محفلوں سے دور رہ کر تنہائی کو پسند کرتا ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو نو مرتبہ پڑھ کر کسی کام کے لیے یا کسی سے ملاقات کے لیے جائے تو اس کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جائیگا اور مطلوبہ کام بھی آسانی سے سرانجام پا جائیگا۔

۲۔ یَا اَحَدُ کے ساتھ یَا وَاحِدُ ملا کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر سانپ کے کاٹے ہوئے پر دم کیا جائے تو انشاء اللہ وہ آدمی تندرست ہو جائے گا اور سانپ کا زہر بھی ختم ہو جائیگا۔

۳۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کا خاتمہ ایمان کے ساتھ ہو تو اس کو چاہیئے کہ صبح و شام اکتالیس مرتبہ اس اسم کو پڑھتا رہے تو انشاء اللہ ایمان کے ساتھ خاتمہ ہوگا۔

۹۸۔ یَا صَمَدُ (بے پرواہ، بے نیاز) اَلصَّمَدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کو اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھا جائیگا۔ اگر کوئی شخص گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے گا، تو وہ صاحب کشف اور بلند مرتبہ بن جائیگا، اور وقتاً فوقتاً عالم غیب کا

Scanned by CamScanner

دیدار بھی ہوگا، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر اس اسم پاک کو صبح صادق سے پہلے نصف شب میں حالت سجدہ میں ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے تو صادق القول اور دوست ہو جائیگا۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو نماز عشاء کے بعد ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے گا اور ہمیشہ اس کا ورد رکھے گا تو کبھی ظالم کے پھندے میں نہ پھنسے گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو ایک ہزار تین مرتبہ روزانہ پڑھے، تو کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔ اور تمام پریشانیوں سے بچا رہے گا۔

۶۹۔ یَاقَادِرُ (قدرت والا) اَلْقَادِرُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا ہمیشہ اپنے نفس پر غالب رہے گا اور کبھی کسی پر ظلم نہیں کرے گا، اور شیطان پر غالب رہے گا، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص وضو کرتے وقت اس اسم کو پڑھے گا، تو کبھی اپنے دشمن سے مغلوب نہیں ہوگا۔

۲۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو تو اس اسم پاک کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے انشاءاللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

۳۔ اگر کوئی شخص بیماری کے سبب کمزور ہو گیا ہو تو اس اسم پاک کو روزانہ سو مرتبہ پڑھا کرے انشاءاللہ کمزوری دور ہو جائے گی اور دن بدن تندرستی ہوتی جائے گی۔

۷۰۔ یَامُقْتَدِرُ (اپنی قدرت ظاہر کرنے والا) اَلْمُقْتَدِرُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا کمزوروں اور بے یار و مددگاروں کی مدد کرنے کے لیئے بہت کوشش کرتا رہے گا۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص بہت زیادہ سوتا ہو اور وہ چاہے کہ اس کی نیند میں کمی ہو جائے تو اس

کو چاہیئے کہ یہ اسم پاک ہر روز پانچ سو مرتبہ پڑھا کرے، انشاءاللہ بہت جلد نیند کا غلبہ اور غفلت میں کمی آ جائے گی۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو سو کر اٹھتے وقت بیس مرتبہ پڑھا کرے تو اس کے تمام کام اللہ کی طرف رجوع ہوں گے اور ہر کام میں خلوص اور اچھائی پیدا ہو گی۔

۳۔ اگر کوئی شخص کوئی کام کرنا چاہے اور وہ کام بہت مشکل اور اس کی قابو سے باہر ہے تو ہر روز یہ اسم فجر کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ وہ مشکل کام نہایت آسانی سے پورا ہو جائے گا، گیارہ روز تک یہ عمل کیا جائے۔

۷۱۔ یَا مُقَدِّمُ (نیک بندوں کو آگے بڑھانے والا) اَلْمُقَدِّمُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم پاک کا ورد کرنے والا نیک کاموں میں جلدی اور اولیت کو پسند کرے گا، نماز روزہ وغیرہ کو اول وقت ادا کرنے کی تمنا رکھتا ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی شخص کو حاکم وقت کی طرف سے جنگ میں بھیجا جائے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھتا رہے اور ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ اس جنگ میں اس کو کوئی گزند نہ پہنچے گی، اور کسی بھی قسم کا نقصان نہ ہو گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص ہمیشہ اس اسم کو ایک سو مرتبہ بطور وظیفہ پڑھے گا تو اس کا نفس اللہ تعالیٰ کا تابعدار ہو جائے گا۔

۷۲۔ یَا مُؤَخِّرُ (اپنی رحمت سے دور رکھنے والا) اَلْمُؤَخِّرُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اور اس کا ورد کرنے والا دنیوی امور کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیگا، خدا کے پیارے بندوں کو مقدور بھر پیار رکھے گا، اور خدا کے دشمنوں کی ملاقات سے گریز کرے گا، خواص یہ ہیں،

Scanned by CamScanner

۱۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھے گا، اس میں ولیوں جیسی صفتیں پیدا ہوں گی اور اس کے دل کو خدا کی یاد کے سوا سکون میسر نہ ہوگا۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے گا تو اس میں ولیوں جیسی صفتیں پیدا ہوں گی اور اللہ تعالیٰ اس کے تمام امور اپنے ذمے لے لیتا ہے، اور اس کے کام امور اپنے ذمے لیتا ہے، اور اس کے تمام مشکل کام از غیب آسان ہو جاتے ہیں۔

۳۔ اس اسم مبارک کو اکتالیس بار پڑھنے سے سرکشی دور ہو جاتی ہے۔

۷۳۔ یَا اَوَّلُ (سب سے پہلا) اَلْاَوَّلُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس کو بہ کثرت پڑھنے والا اپنے تمام کاموں میں سب سے آگے رہے گا، اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق کاموں میں سب سے آگے آگے رہے گا، اور تمام فرائض و واجبات سب سے پہلے قول وقت میں ادا کرے گا، خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کسی شخص کے ہاں لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو اس اسم کو اکتالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر لے اور وہ پانی آدھا خود پیئے اور آدھا اپنی بیوی کو پلائے تو ان شاء اللہ فرزند صالح پیدا ہوگا۔

۲۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہو تو جمعہ کی رات کو اس مبارک اسم کو ایک ہزار بار پڑھے تو بفضل خدا مشکل آسان ہو گی، اور اگر چالیس جمعہ تک مسلسل پڑھتا رہے تو بے شمار کامیابیوں سے ہمکنار ہوگا۔

۳۔ لڑکی کو مہربان بنانے کے لیے ہر روز سورج طلوع ہونے سے قبل ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے تو بہت مفید ثابت ہوگا۔

ہ

۷۴۔ یَا آخِرُ — اَلْآخِرُ
(سب سے آخر سب کے بعد والا)

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا ہمیشہ اپنی عمر کی درازی کی تمنا کرے گا، اور اس کی دلی خواہش ہوگی کہ جتنی اس کی عمر زیادہ ہوگی، اتنی ہی زیادہ عبادت کرے گا اور سب سے پہلے عبادت میں مشغول ہوگا۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص سفر کا ارادہ کرے اور سفر کرتے وقت یہ اسم پاک ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے گھر اور اہل خانہ پر دم کرے تو ان شاء اللہ بخیریت واپس آئیگا اور اپنے گھر اور اہل خانہ کو صحیح و سلامت پائے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص غیر معروف لوگوں میں جائے اور اس اسم کو اکتالیس مرتبہ پڑھے تو جہاں بھی جائے گا لوگ تعظیم و تکریم کریں گے اور بلند مرتبہ حاصل ہوگا۔

۷۵۔ یَا ظَاہِرُ — اَلظَّاہِرُ
(ہر جگہ نظر آنے والا)

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کا ورد کرنے والا نیک نام اور با عزت مشہور ہوگا۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی آنکھوں میں روشنی کم نہ ہو یا اگر کم ہوگئی ہو تو زیادہ ہو جائے تو وہ اشراق کی نماز کے بعد اس اسم کو اکیس روز تک پانچ سو مرتبہ ہر روز پڑھے تو حق تعالیٰ اس کی آنکھوں میں روشنی کر دے گا۔

۲۔ اگر کسی مقام پر کثرتِ باراں یا تند و تیز ہواؤں کا خطرہ محسوس ہو تو اس اسم کو کثرت سے پڑھیں، ان شاء اللہ خطرہ ٹل جائیگا۔

۳۔ اگر کسی مکان کی چھت یا دیواروں پر یہ اسم لکھ دیا جائے تو وہ مکان زلزلے کے نقصانات سے محفوظ رہے گا۔

Scanned by CamScanner

۷۶۔ یَا بَاطِنُ (دنیاوی نظروں سے پوشیدہ رہنے والا) اَلْبَاطِنُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس کا ورد کرنے والا صاحب باطن ہوتا ہے اور اس کا قلب مثل آئینہ شفاف ہوتا ہے، خواص مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ اگر کوئی شخص زبان کو جنبش دیئے بغیر (یعنی دل میں) اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو صاحب باطن ہو، پوشیدہ اسرار سے واقفیت حاصل ہو۔ لیکن رزق حلال شرط ہے۔

۲۔ اگر کوئی شخص روزانہ نماز عشاء کے بعد تاریکی میں بیٹھ کر یہ اسم مبارک ایک ہزار ایکس مرتبہ پڑھے تو محبوب عوام الناس ہو اور جو اس کو دیکھے گا محبت سے پیش آئے گا۔ دنیا میں کوئی مسلمان اس کا دشمن نہ ہوگا۔

۳۔ اگر کوئی پوشیدہ اسرار سے واقف ہونا چاہے، تو روزانہ ایک تہائی رات گزرنے کے بعد تین ہزار مرتبہ پڑھے اور خاموشی کے ساتھ سو جائے تو انشاء اللہ سات روز میں پوشیدہ اسرار کی واقفیت ہوگی۔

۷۷۔ یَا وَالِیُ (کام بنانے والا، مالک) اَلْوَالِیُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا مصیبت زدہ لوگوں کے آڑے وقت میں کام آنے کی کوشش کرتا ہے۔ خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کوئی شخص اپنا مکان، مال و دولت وغیرہ آفات و نقصانات سے محفوظ رکھنا چاہے تو اس اسم مبارک کو نئے کوزے پر سات مرتبہ لکھے اور اسمیں پانی بھرے اور یہ پانی مکان کے چاروں طرف دیواروں پر چھڑک دے تو انشاء اللہ مراد پوری ہوگی اور مکان تمام مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔

۲۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کا ویران مکان آباد ہو جائے یا آباد مکان ویرانی سے محفوظ

Scanned by CamScanner

ہے تو اس اسم کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دے ان شاء اللہ تعالیٰ دلی مراد پوری ہو گی۔

۸۰۔ یَامُتَعَالِیُ (بلند مرتبہ رہنے والا) اَلْمُتَعَالِیُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے اس اسم کا ورد کرنے والا دین و دنیا میں بلند مرتبہ ہو گا۔ کم ہمتی کو پسند نہیں کرے گا، کوئی کام ایسا نہیں کریگا جس سے اس کی رسوائی ہو، خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی عورت ایام ماہواری میں دستور کے اس اسم مبارک کو روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھے تو کبھی اس کا بچہ بچوں کی بیماری میں مبتلا نہ ہو گا، اور پڑھنے والی عورت ہر طرح کی بری عادتوں سے محفوظ رہے گی۔

۲۔ جو کوئی دوشنبہ کی شب میں غسل کر کے چہرہ آسمان کی جانب کر کے بلند کرے اور اکتالیس مرتبہ یہ اسم پڑھے تو وہ جو دعا مانگے گا ان شاء اللہ پوری ہو گی۔

۳۔ مشکل لمحات میں اس اسم پاک کو نو ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو بہت ہی مفید ہو گا۔ مجرب ہے۔

۷۹۔ یَابَرُّ (اچھے کام کرنے والا/احسان کرنے والا) اَلْبَرُّ

یہ اسم مبارک جلالی ہے اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے والا اچھے صفات کا مالک بن جاتا ہے، اور ہر کسی سے بھلائی سے پیش آتا ہے، خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص ریل، کشتی یا پانی کے جہاز میں سفر کرتے وقت یہ اسم ایک سات مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ سواری تمام آفات سے محفوظ رہے گی اور سفر کرنے والا بخیریت سواری سے اترے گا۔

۲۔ اگر کسی بچے کو نظر بد کا اثر ہو جاتا ہو تو اس اسم مبارک کو سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے تو وہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

Scanned by CamScanner

۳۔ اگر کوئی شخص خواہشات نفسانی اور شیطان کے پھندے میں پھنس گیا ہو یا شراب پینے لگا ہو تو اس اسم پاک کو گیارہ سو مرتبہ باوضو قبلہ رو ہو کر گیارہ دن تک پڑھے تو انشاء اللہ تعالےٰ تمام بُری عادتوں سے نجات پا جائیگا۔

۴۔ اگر اس اسم مبارک کو سات بار پڑھ کر اولاد پر دم کر کے اُسے اللہ کے سپرد کر دیا جائے تو اولاد بالغ ہونے تک تمام آفتوں سے بچی رہے گی۔

۸۰۔ یَاتَوَّابُ (بندے کی توبہ قبول کرنے والا) اَلتَّوَّابُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کا ورد کرنے والا مسلمان گناہگاروں پر مہربانی کرتا ہے خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی نماز چاشت کے بعد اس اسم پاک کو ایک سو سات مرتبہ پڑھے گا تو اللہ اس کو سچی توبہ کی توفیق عطا کرے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو روزانہ سات سو مرتبہ پڑھے گا تو کبھی اس کا نفس اور شیطان اس پر غالب نہیں آئے گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھتا رہے تو بگڑے ہوئے کام سدھر جائیں گے

۸۱۔ یَامُنْتَقِمُ (بدلہ لینے والا) اَلْمُنْتَقِمُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا شریعت کے حقوق اور اسلام و اہل اسلام کی عزت کا بہت خیال رکھتا ہے، کبھی مخالفین شریعت کو دیکھنا گوارہ نہیں کرتا اور حتی الامکان خود ان سے دور رہتا ہے۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص دشمن سے دبا ہوا ہو تو اسے چاہیئے کہ تین جمعہ تک ہر جمعہ کو سات ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے تو انشاء اللہ دشمن سے نجات پا جائیگا۔

Scanned by CamScanner

۲۔ اگر کوئی شخص نصف شب میں اس اسم کو تین ہزار مرتبہ پڑھے تو مطلوبہ مراد پوری ہو گی۔

۳۔ اگر کوئی شخص کسی جھوٹے مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو رات کو بارہ بجے پانچ ہزار مرتبہ اور دن میں پانچ ہزار مرتبہ تین دن مسلسل پڑھے تو دشمن برباد ہو گا، اور مقدمہ سے نجات پائیگا۔

۸۲۔ یَا عَفُوُّ (بندوں کے گناہوں کو معاف کرنے والا) اَلْعَفُوُّ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس اسم کا ورد کرنے والا کسی آدمی سے بدلہ نہیں لے گا، بڑے سے بڑے قصور کو صحیح بہانہ کے ذریعہ معاف کر دے گا، خواص مندرجہ ذیل ہیں :

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھے گا تو پہاڑ کی مانند بھی گناہ ہوں گے تو معاف ہو جائیں گے۔

۲۔ اگر کسی کو پیٹ اچھل جائے تو یہ اسم پاک سات مرتبہ زعفران سے پیشانی پر لکھ دیا جائے تو انشاءاللہ چوبیس گھنٹہ میں آرام ہو جائیگا۔

۳۔ اگر کسی آدمی کے مزاج میں غصہ زیادہ ہو یا کوئی شوہر اپنی بیوی سے بدمزاجی سے پیش آتا ہو تو یہ اسم ایک سو مرتبہ پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کرے اور غصہ والے شخص یا بدمزاج شوہر کو کھلائے تو وہ صحیح ہو جائیگا۔

۸۳۔ یَا رَءُوْفُ (بہت مہربان) اَلرَّءُوْفُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی حاکم یا کوئی ظالم کسی مظلوم کی فریاد رسی نہ کرے تو یہ اسم مبارک ایک سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں تو انشاءاللہ مظلوم کی فریادرسی ہو گی۔

۲۔ اگر کوئی شخص بداخلاق ہو اور وہ چاہے کہ یہ بری عادت چھوٹ جائے تو اس اسم کو تین سو مرتبہ صبح اور تین سو مرتبہ شام روزانہ پڑھے تو اکیس ۲۱ روز میں بداخلاقی ختم ہو جائے گی۔

Scanned by CamScanner

۳۔ جب دلہن رخصت ہو کر اپنے شوہر کے گھر جائے تو اس وقت سات مرتبہ یا اسم مبارک پڑھے تو اس کا دولہا تمام زندگی مہربان رہے گا اور کبھی نااتفاقی نہیں ہو گی۔

۸۴۔ یَا مَالِکَ الْمُلْکِ (دونوں جہاں کا مالک) اَلْمَالِکُ الْمُلْکُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کا ورد کرنے والا دونوں جہاں میں صاحب عزت ہو گا

خواص مندرجہ ذیل ہیں،

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور تاحیات پڑھنے کا ارادہ کرے تو وہ صاحب مال، صاحب عزت رہے گا، اور کوئی بھی اسکی عزت پر حملہ نہ کرے گا،

۲۔ اگر کوئی شخص مقدمے میں اپنی ملکیت اور دولت ہار گیا ہو تو اس اسم مبارک کا ختم کرائے تو انشاء اللہ اپنی ہاری ہوئی دولت اور ملکیت دوبارہ حاصل کرے گا۔

طریقہ ختم یہ ہے، ہر روز غسل کرے، احرام باندھے اور تین پاؤ کی روٹی بنائے دن رات میں یہی روٹی استعمال کرے امداد دن میں اکیس ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اول و آخر ایک سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے، یہ عمل سات روز تک کیا جائے، یقیناً کامیابی ہو گی۔

نوٹ: یہ اسم بہت جلالی ہے، پڑھنے کے دوران کوئی بد پرہیزی نہیں ہونی چاہیئے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

۸۵۔ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَلذُّوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(بزرگی اور انعام والا)

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کا پڑھنے والا ہمیشہ خوش رہتا ہے، اور خاموش رہتا ہے۔ اس کو غیبی مشاہدات سے فرصت نہیں ملتی ہر وقت تصورات میں غرق رہتا ہے یہ مرتبہ اس کو حاصل ہو گا جو اکیس ہزار مرتبہ روزانہ یہ اسم پڑھے گا، بہت سے بزرگانِ دین نے اس کو اسم اعظم قرار دیا ہے

اس اسم کے خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو وہ مریض تندرست ہو جائیگا۔

۲۔ اگر کوئی عورت اپنے شوہر کی نگاہ سے گر گئی ہو تو اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ شوہر کی نگاہ میں عزت پائے گی اور نوکر اگر نظروں سے گر گیا ہو تو وہ بھی ایسا ہی کرے تو اس کا آقا اس کی عزت کرنے لگے گا۔

۳۔ اگر کسی شخص کا دماغ کمزور ہو گیا ہو یا یادداشت کمزور ہو گئی ہو تو زعفران بادام لے کر ان پر یہ اسم پڑھے، ایک بادام صبح ایک شام اور ایک رات کو سوتے وقت کھائے تو اکیس روز کے عمل میں وہ تندرست ہو جائے گا اور اس کے دماغ کی کمزوری دور ہو جائے گی۔

۸۶۔ یَا مُقْسِطُ (انصاف کرنے والا) اَلْمُقْسِطُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کا ورد کرنے والا منصف ہوتا ہے، اور غلط بات کا ساتھ نہیں دیتا، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی کو نماز میں شیطانی وسوسے آتے رہیں تو اس اسم کو ہر روز صبح ایک ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے تو وسوسہ شیطان سے نجات پائے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو تو اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے، تو بفضل خدا رنج و غم دور ہوں گے، اور خوشی غم میں بدل جائے گی۔

۳۔ اگر کوئی شخص اپنی بیویوں میں انصاف نہ کرتا ہو تو یہ اسم سات ہزار مرتبہ کھانے کی چیز پر پڑھ کر اس شخص کو کھلایا جائے تو انصاف کرنے لگے گا۔

۴۔ اگر اس اسم مبارک کو ایک سو بار پڑھا جائے تو شیطان کے شر سے اور وسوسہ سے نجات مل جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

۵۔ اس اسم کو سات سو بار پڑھنے سے ہر حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

۸۷۔ یَا جَامِعُ (قیامت کے دن سب کو جمع کرنیوالا) اَلْجَامِعُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کا بہ کثرت ورد کرنے والا امن پسند اور صاحب عزت ہوتا ہے کبھی بھی پریشان اور گھبراتا نہیں، خواص یہ ہیں،

۱۔ اگر کسی کا مال اور اہلِ خانہ اس کی وجہ سے جدا ہو گئے ہوں تو اس کو چاہیئے کہ بوقت چاشت غسل کرے اور احرام باندھے اور قبلہ رُخ ہو کر منہ جانب آسمان کرے اور ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور پھر دعا مانگے تو بفضلِ خدا سب ایک جگہ ہو جائیں گے یہ عمل سات دن کرے،

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو ایک لاکھ ۱۵ ہزار مرتبہ پڑھے تو دو مشتعل جیسی صفتیں اس میں پیدا ہوں گی۔

۳۔ اگر کسی آدمی کی کوئی چیز چوری ہو گئی ہو یا گم ہو گئی ہو تو اکیس مرتبہ،

یَاجَامِعَ الْمُتَفَرِّقِيْنَ اِجْمَعْ لِيْ ضَالَّتِيْ يَاجَامِعُ

ترجمہ:۔ اے متفرق چیزوں کو جمع کرنے والے معاف کر دے میری گمراہیوں کو اے پھیلانے والے پڑھ کر تین ہزار مرتبہ یَاجَامِعُ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ گم شدہ چیز واپس مل جائے گی۔

۸۸۔ یَا غَنِیُّ (بے پرواہ) اَلْغَنِیُّ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس کا ورد کرنے والا اللہ کے سوا تمام دنیا سے بے پرواہ ہوتا ہے۔ خواص یہ ہیں

۱۔ اگر کوئی شخص لالچی ہو گیا ہو اور وہ اس سے نجات پانا چاہے تو نماز فجر کے بعد سو مرتبہ سورہ مائدہ کو کر اور پھر سو مرتبہ دل پر ہاتھ رکھ کر اس کو پڑھے تو گیارہ دن عمل کرنے سے اس کا دل لالچ سے پاک ہو جائے گا۔

۲۔ اگر کوئی دوکاندار دکان کا تالا کھولنے سے قبل ستر مرتبہ یہ اسم پڑھے تو انشاء اللہ مال تجارت میں

برکت ہوگی، اور کبھی نقصان نہ ہوگا۔

۲۔ جمعرات کے دن یا جمعہ کی رات میں یہ اسم مبارک اکیس ہزار مرتبہ پڑھے اور ہمیشہ کا معمول بنالے تو انسان کو غیب سے تونگری اور دولت مندی میسر ہوگی۔

۸۹۔ یا مُغْنِیُ (کسی کی پرواہ نہ کرنے والا) اَلْمُغْنِیُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے اس کا ورد کرنے والا کسی پر ظلم نہیں کرے گا، یا کسی کو مصیبت میں مبتلا نہیں کرے گا، بلکہ بہت مہربان ہوگا، اور تمام دنیا سے بے پرواہ ہوگا، خواص حسب ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص دس جمعہ تک مسلسل فجر کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کو روزی عطا فرمائے گا اور لوگوں کی محتاجی سے نجات دلائے گا، اور اپنے خزانے سے عنایت کریگا۔

۲۔ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس جانے سے قبل اس اسم کو ستر مرتبہ پڑھے گا تو اس کی بیوی کبھی استقاط حمل کے مرض میں مبتلا نہ ہوگی، ڈاکٹروں اور نرسوں کی محتاجی سے بچی رہے گی۔

۳۔ اگر کسی کی لڑکی کنواری ہو اور شادی کرنے کے لیے روپیہ نہ ہو یا لڑکی کے لیے کوئی پیغام نہ آتا ہو تو اس اسم کو نماز عشاء کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے، جمعرات سے شروع کیا جائے اور اتوار پر ختم کرے تو پھر دیکھو قدرت غیب سے کیا ظاہر کرتی ہے۔

۹۰۔ یا مَانِعُ (منع کرنے والا، حرکت سے روکنے والا) اَلْمَانِعُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کو بہ کثرت ورد کرنے والے کی زبان، ہاتھ اور آنکھیں ہر قسم کے گناہ سے پاک ہوتی ہیں، اور اس کی طہارت بہت زیادہ صحیح ہوتی ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص اپنی بیوی پر اور کوئی آقا اپنے ملازم پر غصہ کرتا ہو تو اس عورت یا نوکر کو چاہیئے کہ اس اسم کو صبح و شام اکیس مرتبہ پڑھ کر عورت اپنے شوہر اور نوکر اپنے آقا کے سامنے سے یا پیچھے سے دم کرے تو تھوڑی ہی مدت میں غصہ ختم ہو جائیگا۔

Scanned by CamScanner

۲۔ اگر کسی مقام پر ٹڈی دل آ جائے تو اس اسم کو چار کورے ٹھیکروں پر لکھ کر کھیت یا باغ کے چاروں گوشوں میں دفن کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ کھیت یا باغ ٹڈی دل سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ اگر کسی بچے کو نظر بد لگنے کا اندیشہ ہو تو اس اسم کو تانبے کے پترے پر سات مرتبہ کھود وا کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو انشاء اللہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۹۱۔ یَاضَارُّ (نقصان پہنچانے والا) اَلضَّارُّ

یہ اسم مبارک جلالی ہے اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے بہت عداوت رکھتا ہے اور شریعت کے مخالفوں سے خوش نہیں ہوتا اور اس میں فاروقی صفات بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کسی مرید یا سالک کی طبیعت ایک مقام پر قرار نہ پاتی ہو تو جمعہ کی رات کو غسل کر کے احرام باندھے قبلہ رخ کھڑے ہو کر منہ جانب آسمان کرے اور ایک ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے اور سات جمعہ تک یہی عمل کرے تو انشاء اللہ صاحب مقام ہو گا۔ اور تذبذب کی حالت ختم ہو جائے گی۔

۲۔ ہر جمعہ کی شب کو اس اسم مبارک کو ایک سو مرتبہ پڑھنے سے ثابت قدمی اور اہل قرب کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔

۹۲۔ یَانَافِعُ (نفع پہنچانے والا) اَلنَّافِعُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم کا ورد کرنے والا ہمیشہ ہر شخص اور خصوصاً ہر مسلمان کو نفع پہنچانے کی کوشش کرتا ہے کبھی کسی کو نقصان پہنچانا پسند نہیں کرتا، خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کوئی شخص کشتی یا جہاز میں اس اسم مبارک کو بہت زیادہ پڑھے گا تو کوئی آفت اس تک نہیں پہنچے گی، اور بخیریت سواری سے اترے گا۔

Scanned by CamScanner

۲۔ کوئی نئی چیز یا مال خریدتے وقت اس اسم کو اکتالیس مرتبہ پڑھنا بہت ہی برکت کا سبب بنتا اور تجارت میں ترقی ہوتی ہے۔

۳۔ ہر کام کے شروع کرنے سے پہلے اس اسم مبارک کو اکتالیس بار پڑھ لینے سے کام حسب منشار پورا ہو جاتا ہے۔

۴۔ رجب، شعبان اور رمضان میں اس اسم کو روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھنا کشف اور صاحب باطن ہونے کا سبب بنتا ہے۔

۹۳۔ یَا نُوْرُ (روشنی دینے والا) اَلنُّوْرُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے اور اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے والا ظاہری اور باطنی صفائی کو بہت پسند کرتا ہے، اور گناہوں کی گندی باتوں سے بہت ناراض ہوتا ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ جمعہ کی رات کو سات مرتبہ سورۃ نور اور تین ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھیں تو دل آئینہ کی مانند صاف ہو جائے گا اور اس میں نور پیدا ہو جائیگا۔

۲۔ نماز فجر کے بعد اس اسم مبارک کو ایک سو اکیاسی مرتبہ پڑھیں تو مکان روشن ہو جائے گا۔ اور سانپ یا نقصان پہنچانے والا جن وہاں پر ٹھہر نہ سکے گا۔

۳۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا نُوْرُ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا طوفانِ باراں کو بفضل خدا روک دیتا ہے، نیز سورج یا چاند گرہن کے وقت اسی طرح پڑھنا بے حد مفید ہے۔

۹۴۔ یَا ہَادِیُ (ہدایت کرنے والا) اَلْہَادِیُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس اسم کا بہ کثرت ورد کرنے والا شخص خواہ وہ عالم ہو یا متوسط درجہ کا لیکن ہمیشہ لوگوں کو نیک باتوں کی نصیحت کرتا ہے، اور بری باتوں سے روکتا ہے، اور خود بھی نیک راہ پر چلتا ہے، خواص یہ ہیں:

Scanned by CamScanner

۱۔ جو شخص نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ہاتھ دعا کے لیے بلند کرے اور یہ اسم مبارک سات مرتبہ اپنی زبان سے کہے اور پھر ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر کام میں اس کی عقل صحیح رہنمائی کرے گی، اور اس کا دماغ درست رہے گا۔

۲۔ اگر حاکم، قاضی، مفتی، سردار قوم، چوہدری وغیرہ فیصلہ کرتے وقت یہ اسم مبارک سات مرتبہ پڑھے اور پھر فیصلہ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ فیصلہ صحیح ہو گا۔

۳۔ جو مسافر بوقت سفر اس اسم پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھے تو نہایت مفید ہو گا اور تمام کام درست ہوں گے۔

۹۵۔ یَا بَدِیْعُ (بغیر نمونہ کے کسی بھی چیز کو پیدا کرنے والا) اَلْبَدِیْعُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس اسم پاک کا ورد کرنے والا عجائباتِ قدرت کو نہایت ہی توجہ اور نگاہِ عبرت سے دیکھے گا۔ خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص ایک ہزار بار اس کو پڑھے تو مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔

۲۔ اگر کوئی کسی مشکل کے وقت باوضو قبلہ رخ لیٹ کر یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعُ سوتے وقت پڑھنا شروع کر دے اور پڑھتے پڑھتے سو جائے تو دل میں جس چیز کا خیال ہو گا تو خواب میں اس کا حال کھل جائیگا۔

۹۶۔ یَا بَاقِیُ (ہمیشہ رہنے والا) اَلْبَاقِیُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس کو کثرت سے پڑھنے والا آخرت اور ہمیشہ باقی رہنے والی چیزوں کو پسند کرے گا اور اس دنیائے فانی کی طرف اس کی توجہ بالکل نہیں ہو گی، دیگر خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو ہفتہ کے روز زوال کے وقت سے لے کر ظہر کی نماز تک

Scanned by CamScanner

سات سو مرتبہ پڑھے تو نہایت مفید ہے، اور اس کے تمام رنج و غم دور ہو جائیں گے۔

۲۔ دشمن کو تابع کرنے کے لیے اس اسم کو ہفتہ کے روز زوال کے وقت سے لے کر ظہر کی نماز تک سات ہزار مرتبہ پڑھیں تو نہایت مفید ہوگا۔

۳۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو جمعہ کی رات کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے تو اس کے تمام عمل قبول ہوں گے نیز کوئی اسے ستانہ پائے گا۔

۴۔ اگر کسی کھیت یا باغ کے برباد ہونے کا اندیشہ ہو تو چار ٹھیکریوں پر اَمَنَہُ بَاقِیْ تین تین سو مرتبہ لکھ کر ایک ٹھیکری ہر ایک کونے میں دفن کریں۔ بفضل خدا باغ یا کھیت تباہی سے محفوظ رہے گا۔

۹۷۔ یَاوَارِثُ (سب کے بعد زندہ رہنے والا) اَلْوَارِثُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم پاک کا کثرت سے پڑھنے والا دنیا سے بے پرواہ اور دیدار الٰہی کا مشتاق ہوتا ہے، خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اگر کوئی شخص طلوع آفتاب کے وقت اس اسم مبارک کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور ہمیشہ کے لیے یہ معمول بنالے تو اسے کوئی غم نہیں پہنچے گا اور تمام کام درست ہوں گے۔

۲۔ اگر کوئی شخص نماز مغرب و عشاء کے درمیان اس اسم پاک کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے تو دل کی پریشانی دور ہو اور دل خوش و خرم رہے۔

۳۔ ہر ماہ چاند کی شروع تاریخوں میں اس اسم کو اکتالیس ہزار مرتبہ ایک بیٹھک میں پڑھنا طویل عمر کا باعث ہوتا ہے۔

۹۸۔ یَارَشِیْدُ (سراپا ہدایت، راہ دکھانے والا) اَلرَّشِیْدُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے، اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنے والا ئی خوبیوں کا مالک

Scanned by CamScanner

نیک عمل اور نیک باطن ہو جاتا ہے، اور اس میں کسی طرح کی خرابی نہیں رہتی۔ خواص یہ ہیں:

۱۔ اگر کوئی شخص اپنے کام کے بارے میں کوئی تدبیر نہ کر سکتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ بعد از نماز عشاء تین ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے، انشاء اللہ غیبی طور پر نیک تدبیر سے مطلع ہو گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو انشاء اللہ اس کا ہر کام بغیر محنت حل ہو گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو بعد نماز فجر ایک سو مرتبہ اور بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کے دن رات کے اعمال خداوند عالم اپنے فضل سے قبول فرمائے گا، اور وہ مقربین میں شمار ہو گا

۹۹۔ یَاصَبُوْرُ (صبر کرنے والا) اَلصَّبُوْرُ

یہ اسم مبارک جمالی ہے، اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے والا بہت زیادہ برداشت کرنے والا اور سخت سے سخت پریشانی میں بھی صبر سے کام کرنے والا ہوتا ہے، خواص یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی مشکل در پیش ہو تو اس اسم پاک کو ایک سو پینتیس مرتبہ پڑھے اور بارگاہ خداوندی میں دعا کرے، زیبر دکھن حاصل ہو گا اور مشکل حل ہو جائے گی۔

۲۔ اگر کسی نوکر سے اس کا آقا یا حاکم یا بادشاہ ناراض ہو جائے یا کوئی شخص اپنی بیوی سے سخت کلامی کرتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ نصف شب کو اور دن میں دوپہر کو یہ اسم مبارک ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے اور خدا سے دعا کرے اور ایک ہفتہ تک یہ عمل کرے تو انشاء اللہ مراد ضرور پوری ہو جائے گی۔

۳۔ اگر کسی عورت کا بچہ فوت ہو جائے اور وہ بچے کی جدائی سے بے چین ہو اور اسے کسی طرح صبر نہ آتا ہو تو یہ اسم مبارک ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اسے پلائیں انشاء اللہ عورت کو صبر آ جائے گا۔

Scanned by CamScanner

۴۔ اگر کسی کو رنج و غم، مشقت، وسوسہ یا کوئی پریشانی ہو تو وہ ۳۱ ے اسم مبارک کو ۳۳ مرتبہ روزانہ پڑھے تو دل کو چین و سکون مل جائے گا۔

Scanned by CamScanner

پُرتاثیر دُعائیں

(۱) عَنْ شَکَلِ بْنِ حُمَیْدٍ قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللہِ عَلِّمْنِیْ تَعَوُّذًا اَتَعَوَّذُ بِہٖ فَاَخَذَ بِکَفِّیْ وَقَالَ قُلْ: "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ"

(رواہ ابوداؤد والترمذی والنسائی)

شکل بن حمید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی تعوذ تعلیم فرما دیجئے (یعنی کوئی ایسی دُعا بتلا دیجئے) جس کے ذریعہ میں اللہ سے پناہ و حفاظت طلب کیا کروں، آپ نے میرا ہاتھ اپنے دست مبارک میں تھام کر فرمایا۔

کہو "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ تا وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ -"

(اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے کانوں کے شر سے اپنی شرمگاہ کے شر سے اور اپنی زبان کے شر سے اور اپنے مادہ شہوت کے شر سے)

۲۔ عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَہٗ -

(رواہ ابن ماجہ والبیہقی فی شعب الایمان)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، گناہ سے توبہ کر لینے والا گنہگار بندہ بالکل اس بندے کی طرح ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔

Scanned by CamScanner

۳۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ اگر مجھے لیلۃ القدر کی رات معلوم ہو جائے تو کیا کہوں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو یہ دعا سکھلائی،

اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي۔ (مشکوٰۃ)

ترجمہ: اے اللہ تو معاف کرنے والا ہے معافی کو دوست رکھتا ہے مجھے معاف کر۔

۴۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ يَوْمًا.... فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَأَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَأَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا۔ (رواہ احمد والترمذی)

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی اور اس وقت آپ کی وہ کیفیت ہوگئی جو نزول وحی کے وقت ہو جایا کرتی تھی جب وہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ قبلہ رو ہو گئے، اور ہاتھ اٹھا کے یہ دعا فرمائی۔

(اے اللہ! ہماری تعداد میں زیادتی اور اضافہ فرما، کمی نہ فرما، اور ہمیں عزت و عظمت عطا فرما۔

۵۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ (مَرْفُوعًا) "اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِيْشَةً نَقِيَّةً وَمِيْتَةً سَوِيَّةً وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَلَا فَاضِحٍ،

(رواہ البزار والحاکم والطبرانی فی الکبیر)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے۔

(اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں پاک صاف زندگی اور ڈھنگ کی موت، ذلیل نہیں کرنی

Scanned by CamScanner

بدنامی نہ ہو، اور اصلی وطن آخرت کی طرف ایسی مراجعت جس میں رسوائی اور فضیحت نہ ہو۔

۶۔ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ۔"

(رواہ الحاکم)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے۔

(اے اللہ! میرے بڑھاپے کے دنوں میں اور میری عمر کے آخری حصے میں میری روزی میں زیادہ سے زیادہ وسعت فرما۔

۷۔ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، "اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ۔

(رواہ البزار)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے:

"اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ تا مَا اَعْطَيْتَنِيْ"

(اے اللہ مجھے پل بھر کے لئے میرے نفس کے حوالہ نہ کر، اور جو کوئی اچھی چیز (اچھا عمل یا اچھا حال) تو نے مجھے عطا فرمایا ہے اس کو مجھ سے واپس نہ لے۔

(مسند بزار)

۸۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ۔ (رواہ ابو داؤد والنسائی)

Scanned by CamScanner

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ ۔

(اے میرے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں، شقاق یعنی آپس کے سخت اختلاف سے اور نفاق اور برے اخلاق سے)

۹۔ عَنْ عَلِیٍّ مَرْفُوْعًا۔ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ ۔

(رواہ الطبرانی فی الاوسط)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا روایت کی گئی ہے۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ تا وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ ۔

(اے اللہ! اپنے ذکر کے لیے اور اپنی نصیحت کے لیے میرے دل کے کان کھول دے اور مجھے اپنی فرمانبرداری اور اپنے رسول پاک کی تابعداری نصیب فرما اور اپنی مقدس کتاب قرآن مجید پر عمل کی توفیق دے

۱۰۔ عَنْ مَالِكٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاِذَا اَرَدْتَ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِیْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ ۔

(مالک فی الموطا)

امام مالک رح سے مروی ہے، انہوں نے بیان کیا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔

Scanned by CamScanner

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تا غَیْرَ مَفْتُوْنٍ"

(اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اچھے عمل کرنے کی توفیق اور بُرے اعمال کو چھوڑ دینے کی توفیق، اور تیرے مسکین بندوں کے ساتھ محبت کرنے کی توفیق، اور اے اللہ! جب تیرا فیصلہ کسی قوم کو فتنہ اور عذاب میں مبتلا کرنے کا ہو تو مجھے اس فتنے میں مبتلا کئے بغیر اپنی طرف اُٹھا لے)

۱۱۔ عَنْ اُمِّ مَعْبَدِ الْخُزَاعِیَّةِ مَرْفُوْعًا "اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَاءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ"

(رواہ الحکیم الترمذی والخطیب)

ام معبد خزاعیہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے۔
"اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ تا وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ"

(اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے، میرے اعمال کو ریا کی آمیزش سے، میری زبان کو جھوٹ سے، اور میری آنکھوں کو نظر کی خیانت سے بالکل پاک صاف کر دے، تو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کے رازوں کو بھی جانتا ہے، تجھ سے میری کوئی چیز مخفی نہیں۔

۱۲۔ عَنْ بُرَیْدَةَ مَرْفُوْعًا "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ شَكُوْرًا وَاجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ كَبِیْرًا" (رواہ البزار)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے
"اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ تا كَبِیْرًا"

(اے اللہ! مجھے اپنا شکر کرنے والا اور صبر کرنے والا بندہ بنا اور مجھے اپنی نگاہ میں

چھوٹا اور دوسرے لوگوں کی نگاہ میں بڑا بنا دے)

(مسند بزار)

۱۳۔ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ مُرْسَلًا «اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ.»

(رواه ابو نعیم فی الحلیہ)

امام اوزاعی رح نے بطریق ارسال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے۔
«اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تا وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ.»
(اے اللہ! میں تجھ سے استدعا کرتا ہوں تو مجھے توفیق دے ان اعمال کی جو تجھے محبوب ہیں اور عطا فرما مجھے سچا توکل، اور اپنی ذاتِ پاک کے ساتھ حسنِ ظن)

۱۴۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مَرْفُوْعًا «اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ.» (رواه الحاکم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعا روایت کی ہے۔
«اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ تا مِنَ النَّارِ.»
(اے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں تیری رحمت کو واجب کر دینے والے، اور تیری مغفرت کو پکا کر دینے والے اعمال کا اور ہر گناہ سے محفوظ رہنے کا اور ہر نیکی کی توفیق کا اور تجھ سے مانگتے ہیں جنت کا حصول اور دوزخ سے نجات۔

۱۵۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرٍ وَقَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الصِّحَّۃَ وَالْعِفَّۃَ وَالْاَمَانَۃَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ۔

(رواہ البیھقی فی الدعوات الکبیر)

حضرت عبداللہ بن عمرو العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دُعا فرمایا کرتے تھے۔

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الصِّحَّۃَ تا وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ۔"

(اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں صحت و تندرستی اور عفت و پاک دامنی اور امانت کی صفت اور اچھے اخلاق اور راضی بہ تقدیر رہنا)

۱۶۔ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ دَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِدُعَاءٍ کَثِیْرٍ لَمْ نَحْفَظْ مِنْہُ شَیْئًا قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ دَعَوْتَ بِدُعَاءٍ کَثِیْرٍ لَمْ نَحْفَظْ مِنْہُ شَیْئًا۔ قَالَ اَلَا اَدُلُّکُمْ ... قُوْلُوْا: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

(رواہ الترمذی)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں فرمائیں جو ہمیں یاد نہیں رہیں، تو ہم نے آپ سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے بہت سی دعائیں فرمائی تھیں اُن کو ہم یاد نہیں رکھ سکے (اور جی چاہتا ہے کہ اللہ سے وہ سب دعائیں مانگیں) تو کیا کریں؟ آپ نے فرمایا: میں تمہیں ایسی دُعا بتائے دیتا ہوں جس میں وہ ساری دعائیں

Scanned by CamScanner

آجائیں : اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں عرض کرو کہ " اے اللہ ! ہم تجھ سے وہ سب مانگتے ہیں جو تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تجھ سے مانگا ، اور ہم ان سب چیزوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں جن سے تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تیری پناہ چاہی ، بس تو ہی ہے جس سے مدد چاہی جائے اور تیرے ہی کرم پر موقوف ہے مقاصد اور مرادوں تک پہنچنا اور کسی مقصد کے لیئے سعی و حرکت اور اس کو حاصل کرنے کی قوت و طاقت بس اللہ ہی سے مل سکتی ہے ۔ " (جامع ترمذی)

۱۷۔ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ الْمُزَنِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَءَ يٰسٓ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ فَاقْرَءُوْهَا عِنْدَ مَوْتَاكُمْ۔

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

حضرت معقل بن یسار سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ کی رضا کے لیئے سورۂ یٰسٓ پڑھی اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے ، لہٰذا یہ مبارک سورۃ مرنے والوں کے پاس پڑھا کرو ۔ (شعب الایمان بیہقی)

۱۸۔ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔

(رواہ البخاری و مسلم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر و بیشتر یہ دعا کیا کرتے تھے ۔

" اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ "

(اے میرے اللہ ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما ، اور

ہمیں آتشِ دوزخ کے عذاب سے بچا۔

۱۹۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ
"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی" (رواہ مسلم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دُعا فرمایا کرتے تھے۔

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تا وَالْغِنٰی"

(اے میرے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں ہدایت اور تقویٰ اور پاکدامنی اور مخلوق کی نامحتاجی۔

۲۰۔ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ سُوْرَۃَ الْکَهْفِ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ اَضَاءَ لَہُ النُّوْرُ مَا بَیْنَ الْجُمُعَتَیْنِ

(رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھے اس کے لئے نور روشن ہو جائے گا دو جمعوں کے درمیان (دعوات الکبیر بیہقی)

۲۱۔ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ فِیْ هَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَفَاتِحَۃِ اٰلِ عِمْرَانَ الٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔

(رواہ الترمذی وابو داؤد وابن ماجہ والدارمی)

اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اسم اللہ الاعظم" ان دو آیتوں میں موجود ہے۔

ایک۔ وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ۔

اور دوسری آل عمران کی ابتدائی آیت۔

الٓمٓ ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ۔

۳۴۔ عَنْ مُعَاذٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَعَمِلَ بِمَا فِيهِ أُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ضَوْءُهُ أَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِي بُيُوتِ الدُّنْيَا لَوْ كَانَتْ فِيكُمْ فَمَا ظَنُّكُمْ بِالَّذِي عَمِلَ بِهَذَا۔

حضرت معاذ جہنی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن پڑھا اور اس میں جو کچھ ہے اس پر عمل کیا قیامت کے دن اس کے ماں باپ کو ایک ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی سورج کی روشنی سے زیادہ حسین ہو گی جب کہ وہ روشنی دنیا کے گھروں میں موجود ہو اور سورج آسمان سے ہمارے پاس ہی اتر آئے، اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تمہارا کیا گمان ہے خود اس آدمی کے بارے میں جس نے خود یہ عمل کیا ہو!

(مسند احمد سنن ابی داؤد)

خاص عملیات

سورہ اخلاص برائے حُب !!

میٹھی چیز اور خوشبو پر سورۂ اخلاص مندرجہ ذیل طریقے سے جتنے حروف مطلوب کے نام میں آئیں اُن کو اُن سے ضرب دیں پھر جو اعداد حاصل ہوں اتنی مرتبہ پڑھیں مثلاً مطلوب کا نام عابد حسین ہے حروف گننے پہ پتہ چلا کہ کل ۸ حروف ہیں ۸ کو ۸ سے ضرب دیا تو ۶۴ حاصل ہُوا اب آپ سورۂ اخلاص ۶۴ مرتبہ پڑھیں گے۔

سورۃ اخلاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

قل ھو اللہ احد ۔	اَلْحُبُّکُمْ	بِاِذْنِ	اللّٰہِ	یَاجِبْرَائِیْلُ
اللہ الصمد	،	،	،	یَا میکائیلُ
لم یلد و لم یولد	،	،	،	یَا اسرافِیْلُ
ولم یکن لہ کفوا احد	،	،	،	یاعزرائیلُ

حُب برائے میاں بیوی

مندرجہ ذیل نقش مبارک کو نمازِ عشاء کے بعد زعفران یا زرد ورنگ سے لکھ کر مطلوب کو پلائیں محبت بڑھے گی جب مطلوب ہو جائے تو نقش کے اندر کے عمل کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر مطلوب پر

پھونک ماریں۔

جبرائیل — میکائیل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللّٰھم بحرمۃ جبرائیل ومیکائیل

اللّٰھم بحرمۃ میکائیل وجبرائیل

اللّٰھم بحرمۃ اسرافیل وعزرائیل

اللّٰھم بحرمۃ عزرائیل واسرافیل

وبحرمۃ حضرت محمد مصطفٰی و اصحابہ وسلم

الحب (مطلوب کا نام بمعہ والدہ لکھیں) . . . . . .

علیٰ قلب علیٰ حب

(اپنا نام بمعہ والدہ لکھیں) . . . . . .

عزرائیل — اسرافیل

حافظہ تیز کرنے کے لیئے

مندرجہ ذیل عمل ۱۱۱ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پی لیں، یہ عمل ۲۱ دن کا ہے عمل کے آگے پیچھے ۱۱ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُ کافی۔ وقصدت الکافی یکل ما
فی کفانی الکافی نعم الکافی
وللّٰہ الحمد

تسخیر مطلوب کے لیئے

کسی کو تسخیر کرنے کے لیئے نمازِ عشاء یا نمازِ فجر کے بعد مندرجہ ذیل اسمائے پاک کو ۱۰۰۰ مرتبہ

Scanned by CamScanner

پڑھیں، مطلب تسخیر ہوگا۔

یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ

دشمن کو زیر کرنے کے لیے

اپنے دشمن کو زیر کرنے کے لیے بعد نمازِ عصر مالک الملک اسماءِ ذات لاشریک کا صفاتی اسم یا حافظ ۔۔۔ ۵ مرتبہ پڑھیں، دشمن زیر ہوگا۔

ہر مقصد کے لئے

کسی بھی مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل عمل کو ۱۰ مرتبہ پڑھیں عمل کے آگے پیچھے ۱۱ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں بعد عمل سجدے میں اللہ سے دعا سے اپنے مقصد کی دعا مانگیں قبول ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا حنان یا منان یا سلطان یا

غفران یا بدیع السموٰت والارض

یا ذوالجلال والاکرام برحمتک

یا ارحم الراحمین

سلسلہ نقشبندی کا خاص عمل

یہ عمل مال و دولت اور زیادتی رزق کے لیے ہے اس کی تعداد کوئی مقرر نہیں بس جتنی طبیعت چاہے پڑھیں عمل کے آگے پیچھے ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا کافی یا غنی یا رزاق

یا فتاح

ہر بیماری سے شفا کے لیے

۱۔ ہر نماز کے بعد النافع ۲۴۲ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

۲۔ ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

محبوبؐ مالک ارض وسما کا ارشاد ہے کہ سورۃ فاتحہ ہر مرض کا علاج ہے۔

۳۔ ہر نماز کے بعد ۱۲ مرتبہ مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ شافی، بسم اللہ کافی، بسم اللہ معافی

بحق

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

۴۔ ہر نماز کے بعد ھو الشافی ۲۴۴ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

شادی کرنے کے لیے

یہ عمل لڑکیوں کے لیے ہے آج کل لڑکیوں کے رشتے کے لیے بہت دشواری ہے جب مالک ارض و سما، ذات لاشریک سے اس کے کلام کے ذریعے کچھ مانگا جائے تو وہ مزید ہمیں عطا کرتا ہے اگر ہمارے حق میں اچھا ہو تو عمل یہ ہے کہ سورۂ اخلاص نماز عشاء کے بعد روزانہ ۱۲۰ دن تک ۴۱ مرتبہ پڑھیں آگے پیچھے ۱۱ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں گے اگر شروع میں بات طے ہو جائے تو پھر سے ۴۰ دن ضرور کریں، ناغے کے دنوں میں لڑکی کی ماں یا باپ یا

باپ یا بھائی یا بہن پڑھ سکتی ہے روزانہ لڑکی چڑیوں کو دانہ پانی ڈالے۔

استخارہ برائے شادی

جب لڑکی کا کہیں سے رشتہ آئے تو یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا یہ رشتہ لڑکی کے لئے ٹھیک ہے یا نہیں استخارہ کریں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ تمام کاموں سے فارغ ہو کر سونے سے پہلے دو رکعت نماز برائے استخارہ پڑھیں پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد الم نشرح ۷ مرتبہ اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے سورۂ اخلاص ۷ مرتبہ پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد ۵۰۰ مرتبہ یہ پڑھیں۔

"یَا خَبِیْرُ خَبِّرْنِیْ مِنْ مَّخْفِیْکَ الْحَقِّ"

پڑھنے کے بعد رشتے کے متعلق دُعا کر کے سو جائیں، اگر پھول چاند ستارے یا کوئی اور اچھی چیز نظر آئے تو سمجھو بس اللہ کی طرف سے ہاں مل گئی ورنہ......... کسی نئے کام شروع کرنے سے پہلے بھی یہ استخارہ کر سکتے ہیں۔

ہر قسم کا درد ختم کرنے کا عمل

جس جگہ بھی درد ہو اُس جگہ کو سیدھے ہاتھ سے مضبوطی سے پکڑیں پھر مندرجہ ذیل عمل ۷ مرتبہ ۷ مرتبہ پڑھیں جب تک درد ٹھیک نہ ہو عمل جاری رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ ۳ مرتبہ پڑھنے کے بعد ہی درد رفع ہو گا۔

من نہ بست، خدا بست، خداوند جہاں بست
محمدؐ بست، رسولؐ بست علی شیر خدا بست
بی بی آمنہ پیغمبر بست حسن بست، حسین بست
چہار یار پیغمبر بست، حضرت سلیمان بن داؤدؑ زیر حل بست

عمل برائے ہر مقصد کے لئے

اس ترتیب سے قرآن مجید ختم کریں۔

جمعہ کے روز	سورۂ بقرہ سے آخر مائدہ تک
ہفتہ کے روز	سورۂ انعام سے آخر توبہ تک
اتوار کے روز	سورۂ یونس سے آخر مریم تک
پیر کے روز	سورۂ طٰہٰ سے آخر قصص تک
منگل کے روز	سورۂ عنکبوت سے آخر ص تک
بدھ کے روز	سورۂ زمر سے آخر رحمٰن تک
جمعرات کے روز	سورۂ واقعہ سے آخر قرآن تک

قرآن مجید ختم ہونے کے بعد سجدے میں اپنے مقصد کی دعا عاجزی کے ساتھ مانگیں، انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب آپ کی مراد پوری ہوگی۔

تسبیح برائے مشکل کشائی

کوئی بھی مشکل کام درپیش ہو تو مندرجہ ذیل سے جو تسبیح پڑھنا چاہیں پڑھیں۔ مالک الملک سرکار، ذات لاشریک اپنا کرم فرمائے گا۔ ۱۰۰ یا ۳۱۳ یا ۷۰۰، یا ۱۰۰۰ یا ۱۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

۱۔ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

۲۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

۳۔ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

۴۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وَهَّابُ یَا اللّٰہُ۔

۵۔ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

Scanned by CamScanner

(٦) اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ۔

(٧) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

(٨) لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ۔

(٩) نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيرُ۔

(١٠) إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ۔

(١١) وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا۔ نَصِيرًا۔ حَسِيبًا۔ عَلِيمًا۔ وَكِيلًا۔ شَهِيدًا

(١٢) يَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيعُ۔

(١٣) إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا۔

(١٤) نَصْرٌ مِنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ۔

(١٥) كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِينَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِينَا۔

(١٦) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

سُبْحَانَكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْمُصَوِّرُ الْحَكِيمُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	السَّمِيعُ الْبَصِيرُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْبَصِيرُ الصَّادِقُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْحَيُّ الْقَيُّومُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ
〃 〃 〃 〃 〃 〃	الْمُبْدِئُ الْمُعِيدُ

Scanned by CamScanner

. . . . . . اللطيف الخبير

. . . . . . الصمد المعبود

سبحانك انت الله . لا اله الا انت الواحد الماجد

الرحمن الرحيم .

(١٧) اللهم لا سهل الا ما جعلته سهلا،

وانت تجعل الحزن سهلا اذا شئت .

(١٨) بسم الله السميع البصير .

بسم الله الخالق العليم .

بسم الله العزيز الكريم

بسم الله العزيز الرحيم .

Scanned by CamScanner

اسمائے الٰہی کے مجرب عمل

یاباسطُ یارزاقُ	روزی میں وسعت کے لیے ۲۸۰ مرتبہ پڑھیں،
یامُتعٰلی یاشکُور	خیر و برکت کے لیئے ۶۵۵ مرتبہ پڑھیں،
یاعزیزُ یامُغنی	محتاجی سے بچنے کے لیئے ۱۱۹۲ مرتبہ پڑھیں،
یاجلیلُ یاکریمُ	حصولِ عزت کے لیے ۲۴۲ مرتبہ پڑھیں
یاعظیمُ یاحیُ	تندرستی کے لیئے ۱۰۲۸ مرتبہ پڑھیں،
یاآخِرُ یاھادِی	گناہوں سے چھٹکارے کے لیئے ۸۲۱ مرتبہ پڑھیں،
یاباعثُ یانورُ	صفائی قلب کے لیئے ۹۴۹ مرتبہ پڑھیں،
یاموْمِنُ یانافعُ	جان و مال کی حفاظت کے لیئے ۲۲۱ مرتبہ پڑھیں،
یاخافِضُ یاقادِرُ	دشمن کو کچلنے کے لیئے ۱۸۰۶ مرتبہ پڑھیں،
یالطیفُ یاحلیمُ	لڑکیوں کی شادی کے لیئے ۲۱۶ مرتبہ پڑھیں
یامتکبّرُ یاواحدُ	حصولِ اولاد کے لیئے ۶۸۱ مرتبہ پڑھیں،
یابرُّ یابدیعُ	اولادِ نرینہ کے لیئے ۲۸۸ مرتبہ پڑھیں،
یامصوّرُ یاخالقُ	بانجھ عورت کے لیئے ۱۰۶۷ مرتبہ پڑھیں
یامُبدِیُ یاسلامُ	حفاظتِ حمل کے لیئے ۱۸۱ مرتبہ پڑھیں،
یاودودُ یاکبیرُ	میاں بیوی میں محبت کے لیئے ۲۰۲ مرتبہ پڑھیں
یاجامعُ یامعیدُ	گمشدہ کے لیئے ۲۲۸ مرتبہ پڑھیں
یارحمٰنُ یاسلامُ	بلاؤں سے نجات کے لیئے ۹۴۹ مرتبہ پڑھیں،
یاحفیظُ یارقیبُ	جادو، آسیب، جنات سے تحفظ کے لیئے ۱۳۱۰ مرتبہ پڑھیں

Scanned by CamScanner

یا رزاقُ یا مجیبُ	مکان، دکان، دفتر کی حفاظت کے لیے ۲۴۰ مرتبہ پڑھیں،
یا حکیمُ یا باعثُ	علم کی زیادتی کے لیے ۶۵۱ مرتبہ پڑھیں،
یا غنیُ یا مغنیُ	حصولِ دولت کے لیے ۲۱۶۰ مرتبہ پڑھیں،
یا حیُ یا قیومُ	ہر کام ہونے کے لیے ۱۷۴ مرتبہ پڑھیں،
یا فتاحُ یا رزاقُ	دکان چلنے کے لیے ۹۰۱ مرتبہ پڑھیں،

Scanned by CamScanner

خاص نقوش

ہر مرض سے شفاء

مندرجہ ذیل نقش کو آٹھ فوٹو اسٹیٹ کروائیں اس کے بعد نماز فجر کے بعد زعفران یا زردہ کے رنگ سے نقش کے اوپر ھو الشافی فلاں بن فلاں (مریض کا نام بمعہ والدہ) لکھیں اس کے بعد ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں باقی روزانہ ایک نقش مریض کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد مریض شفا پائے گا عمل تب تک جاری رکھیں جب تک مریض مکمل صحتیاب نہ ہو جائے جتنی مریض کی عمر ہو اتنے روپے بھی خیرات کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

میکائیل — جبرائیل

۷۳۱	۷۳۴	۷۳۷	۷۲۴
۷۳۶	۷۲۵	۷۳۰	۷۳۵
۷۲۶	۷۳۹	۷۳۲	۷۲۹
۷۳۳	۷۲۸	۷۲۷	۷۳۸

عزرائیل — اسرافیل

ھو الشافی ھو الکافی ھو المعافی

بحق

۲۹۲۶ — ۲۹۲۶ — ۲۹۲۶

دفع برائے جادو ٹونہ

مندرجہ ذیل نقش کی کاغذ پر فوٹو اسٹیٹ کروائیں پھر نماز تہجد کے بعد نقش کے اوپر ھوالشافی ھوالشافی فلاں بن فلاں (مریض کا نام مع والدہ) زعفران یا سندوری رنگ سے لکھیں ایک نقش مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں باقی سات نقش مریض کو روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر پلائیں کسی قسم کا بھی جادو ہو اس نقش مبارک کے پینے سے دفع ہو گا۔ ۱۱ روپے خیرات کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میکائیل ۔۔۔ جبرائیل

۹۷۷۴	۹۷۸۲	۹۷۹۶	۹۷۴۴
۹۷۹۲	۹۷۴۸	۹۷۶۸	۹۷۸۸
۹۷۵۲	۹۸۰۴	۹۷۷۶	۹۷۶۴
۹۷۸۰	۹۷۶۰	۹۷۵۶	۹۸۰۰

عزرائیل ۔۔۔ اسرافیل

ھوالشافی ھوالکافی ھوالمعافی

بحق

۳۹۰۹۶ - ۳۹۰۹۶ - ۳۹۰۹۶

دفع برائے بخار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل — میکائیل — عزرائیل — اسرافیل

۳۶۲	۳۷۶	۳۷۳	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۳	۳۷۵
۳۶۸	۳۷۱	۳۷۸	۳۶۴
۳۷۷	۳۶۵	۳۶۷	۳۷۲

یاالٰہی بحرمت حضرت محمد
مصطفیٰ ﷺ ....
کا بخار ختم ہو اور صحتمند ہو
بحق

۱۸۸۱ - ۱۸۸۱ - ۱۸۸۱

مندرجہ بالا نقش مبارک کی آٹھ فوٹو اسٹیٹ کروائیں پھر نمازِ عشاء کے بعد نقش کے اوپر ہوالشافی فلاں بن فلاں (نام مریض بمعہ والدہ) زعفران یا زرد رنگ سے لکھیں ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں باقی سات نقش پانی میں گھول کر مریض کو دن میں ۳ مرتبہ پلائیں ۱۲ روپے خیرات کریں۔

Scanned by CamScanner

میاں بیوی میں محبت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل — میکائیل

۴۲۳۸	۴۲۵۰	۴۲۶۲	۴۲۰۹
۴۲۵۸	۴۲۱۳	۴۲۲۲	۴۲۵۴
۴۲۱۷	۴۲۷۰	۴۲۴۲	۴۲۳۰
۴۲۴۶	۴۲۲۶	۴۲۲۱	۴۲۶۶

عزرائیل — اسرافیل

علی حُبِّ . . . . علیٰ حب علیٰ قلب

بحق ۱۲۳۵۹ . . . .

مندرجہ بالا نقش مبارک کی ۱۲ فوٹو اسٹیٹ کروائیں پہلی خالی جگہ پر مطلوب کا نام بمعہ والدہ اور دوسری خالی جگہ اپنا نام بمعہ والدہ لکھیں، اس کے بعد نقش کے اوپر زعفران یا زردہ رنگ سے علی حب علی قلب بحق ۱۲۳۵۹ لکھیں پھر ایک نقش اپنے گلے میں موم جامہ کر کے پہن لیں باقی نقش روزانہ ایک نقش مطلوب کو اسی طرح پلائیں رات کو سونے سے پہلے ۵۰۰ مرتبہ اسم الٰہی یا ودود یا عزیز پڑھیں، اور تصور میں مطلوب کے چہرے پر پھونک ماریں۔

۱۳ روپے خیرات کریں۔

برائے محبت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل | جبرائیل

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

عزرائیل | اسرافیل

الحب..........

علی قلب .... علی حب

مندرجہ بالا نقش کو ۱۲ فوٹو اسٹیٹ کروائیں، اس کے بعد نماز عشاء پڑھ کر ان نقش مبارک پر زعفران یا زرد رنگ سے پہلی جگہ پر مطلوب کا نام بمعہ والدہ پھر دوسری جگہ پر اپنا بمعہ والدہ نام لکھیں ایک نقش موم جامہ کر کے گلے میں پہن لیں، باقی نقش روزآنہ مطلوب کو ایک نقش پلائیں جو چیزیں بھی مطلوب کو کھلانے کو دیں اس پر یا ودود یا حزنہ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دیں۔

۱۶ روپے خیرات کریں

Scanned by CamScanner

عداوت کے واسطے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

عزرائیل — اسرافیل

البغض ....

یعنی بغض علی عداوت

صرف جائز حق پر کرنے کی اجازت ہے اگر ناجائز استعمال کیا تو نقصان کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے اس نقش مبارک کو استعمال میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ!! اس نقش کی دو فوٹو اسٹیٹ کروائیں پھر غروب سے ذرا پہلے منہ میں نیم کا پتہ رکھ لیں پھر پہلی خالی جگہ اور دوسری خالی جگہ پر اُن دونوں کا نام مع والدہ لکھیں جن کے درمیان عداوت کروانی ہے اس کے بعد زوال کے وقت اپنے اوپر ۷ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ لیں ایک نقش پرانی قبر میں دفن کر دیں اور دوسرا نقش کسی سوکھے درخت پر لٹکائیں

۲۱ روپے خیرات کریں

زبان بندی

صرف جائز وقت پر اجازت ہے نقش مبارک کی ایک فوٹو اسٹیٹ کروائیں اسکے بعد تھوڑا سا موم لے کر اپنے منہ میں رکھ لیں پہلی اور دوسری خالی جگہ پر مطلوب نام بمعہ والدہ اور تیسری خالی جگہ پر اپنا نام بمعہ والدہ لکھیں اسکے بعد موم بتی روشن کریں پھر اس نقش پر جلتی موم بتی ٹپکائیں یہاں تک کہ نقش کے ہر لفظ پر

عقد اللسان

عقد اللسان — عقد اللسان

۹۱۸	۹۳۰	۹۲۳	۸۹۰
۹۳۹	۸۹۴	۹۴	۹۳۴
۸۹۸	۹۵۱	۹۲۳	۹۱۰
۹۲۶	۹۰۶	۹۰۲	۹۲۷

عقد اللسان — عقد اللسان

بستم بستم بستم . . . . . .

بستم ہوش عقل گوش چشم فہم عقل دل دشش

صدو خشت اعضائے بدن . . . از بد گفتن و

بہ خواستن وشر وفساد فی حق . . . بحق

صمٌ بکمٌ عمیٌ فھُمْ لَا یَعْقِلُوْن واحد رسعص طعك لموہ اھدٗ اھدٗ اھداً

موم ہو اس کے بعد ایک کالے بکرے کی سری لے کر اس نقش کو زبان کے نیچے رکھ کر بکرے کا منہ کالی ڈوری سے باندھ دیں پھر اس سری کو چلتے پانی میں ڈال دیں ڈالنے کے دوران کسی سے بات

ذکر یں آیت الکرسی پڑھتے ہوئے جائیں اور پڑھتے ہوئے آئیں۔

۱۲ روپے خیرات کریں۔

ترکِ شراب و دیگر بری عادت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میکائیل ع — جبرائیل ع

۲۷۹	۲۹۱	۳۰۳	۲۵۱
۲۹۹	۲۵۵	۲۷۵	۲۹۵
۲۵۹	۳۱۱	۲۸۳	۲۷۱
۲۸۷	۲۶۷	۲۶۳	۳۰۷

عزرائیل ع — اسرافیل ع

بحق بحق عادت شراب نوشی و دیگر
بری عادت ۔۔۔۔۔۔ ترک
شراب نوشی و دیگر بری عادت
ابداً ابداً بحق ۱۱۲۴، ۱۱۲۴، ۱۱۲۴، ۱۱۲۴

مندرجہ بالا نقش کی ۱۲۱ فوٹو اسٹیٹ کروائیں پھر نماز عشاء کے بعد خالی جگہ پر زعفران یا زردہ رنگ سے مطلوب کا نام بمعہ والدہ لکھیں اس عمل کے بعد ایک نقش مطلوب کے تکیے میں ڈال دیں ایک نقش موم جامہ کر کے آپ اپنے بازو پر باندھیں ایک نقش پر پلاسٹک کی تھیلی چڑھا کر کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دیں باقی نقش روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر مطلوب کو پلائیں۔

۱۲۱ روپے خیرات کریں، ہر وقت مریض کا تصور کر کے الہادی پڑھو۔

جلد شادی ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل

۱۱۶۲۰۷	۱۱۶۲۱۹	۱۱۶۲۳۱	۱۱۶۱۷۹
۱۱۶۲۲۴	۱۱۶۱۸۳	۱۱۶۲۰۳	۱۱۶۲۲۳
۱۱۶۱۸۷	۱۱۶۲۳۹	۱۱۶۲۱۱	۱۱۶۱۹۹
۱۱۶۲۱۵	۱۱۶۱۶۵	۱۱۶۱۹	۱۱۶۲۳۵

عزرائیل — اسرافیل

یا الٰہی بحرمت جبرائیل و میکائیل

و عزرائیل و اسرافیل۔۔۔

کہ شادی خانہ آبادی حسب خواہش

جلد از جلد ہو بحق ۴۶۲۸۳۶

مندرجہ بالا نقش مبارک کی دو فوٹو اسٹیٹ کروائیں نماز عشاء کے بعد زعفران یا زردہ رنگ سے خالی جگہ پر جس کی شادی کرنی ہے اس کا نام مع والدہ لکھیں، ایک نقش طالب سبز کپڑے میں موم جامہ کر کے پہن لیں دوسرا نقش کسی پھلدار درخت جو سوکھا نہ ہو لٹکا دیں پھر روزانہ سورہ مزمل و سورہ طٰہٰ ایک مرتبہ اور جتنی طالب کی عمر ہو اتنی مرتبہ ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھے روزانہ چڑیوں کو دانہ پانی ڈالے، یہ عمل ۴۰ دن کا ہے ناغے کے دنوں میں لڑکی کی والدہ بہن باپ یا بھائی پڑھ سکتے ہیں۔

۱۳ روپے خیرات کریں۔

کاروبار میں ترقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل

۴۹۴	۴۹۷	۵۰۱	۴۸۷
۵۰۰	۴۸۸	۴۹۳	۴۹۸
۴۸۹	۵۰۳	۴۹۵	۴۹۲
۴۹۶	۴۹۱	۴۹۰	۵۰۲

عزرائیل — اسرافیل

یاالٰہی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

کے کاروبار میں خوب ترقی ہو

بحق

اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز

جس کا کاروبار یا دکان نہ چلتی ہو تو وہ اس نقش مبارک کی دو فوٹو اسٹیٹ کروائے نماز فجر کے بعد خالی جگہ پر زعفران یا زرد رنگ سے اپنا معہ والدہ کا نام لکھے پھر ایک نقش اپنے پرس میں رکھ لے اور دوسرا نقش پلاسٹک کوٹنگ کر واکے اپنے پیسے والی جگہ پر رکھے روزانہ یا باسط ۷۲ مرتبہ اور یا لطیف ۱۲۹ مرتبہ پڑھے۔

۳۱ روپے خیرات کریں۔

ہر کام میں کامیابی و فتح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل — میکائیل — عزرائیل — اسرافیل

۱۱۶۳	۱۱۶۶	۱۱۵۳	۱۱۳۱
۱۱۵۷	۱۱۳۷	۱۱۱۷	۱۱۴۳
۱۱۳۲	۱۱۴۵	۱۱۷۴	۱۱۲۱
۱۱۷۰	۱۱۲۵	۱۱۲۹	۱۱۳۹

بحق

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

کو ہر کام میں فتح و نصرت حاصل ہو

یا اللہ۔ یا اللہ۔ یا اللہ

مندرجہ بالا نقش مبارک کی دو فوٹو اسٹیٹ کروائیں خالی جگہ پر زعفران یا زردہ رنگ سے نماز خار کے بعد اپنا مع والدہ کا نام لکھیں پھر آیت مبارک انا فتحنا لک فتحا مبینا۔ ۱۲۴۳ مرتبہ پڑھ کر دونوں نقش پر دم کریں پھر ایک نقش گلے میں موم جامہ کر کے پہن لیں اور دوسرا نقش گھر میں دیوار پر لٹکائیں، روزانہ نماز عشاء کے بعد اس آیت کو ۱۵۴ مرتبہ پڑھیں ہر کام میں کامیابی و فتح نصیب ہوگی۔

۴۱ روپے خیرات کریں۔

Scanned by CamScanner